
ایک ایسی کتاب
جو سینکڑوں سالوں
سے پوشیدہ تھی
گنجینۂ طلسمات

دنیائے طلسمات کے عجائبات

511 گنجینہ

طلسمات

دیوی دیال گپتا: باوا دیال

www.freeamliyaatbookspk.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/

ہر قسم کی بکس وی پی منگوانے کیلئے اس پتہ پر خط لکھیں، فون کریں اور ایس ایم ایس کریں

عثمان پبلی کیشنز

عثمان پبلی کیشنز، ملک جلال دین ہسپتال، چوک اردو بازار، لاہور

دکان بند ہونے کی صورت میں نیچے والے پتہ پر تشریف لائیں

عثمان پبلی کیشنز، مچھلی منڈی، نزد اردو بازار، لاہور

Email: upublications@yahoo.com upublications@gmail.com
0333-4275783 - 042-37640094 - 0333-4096572

جملہ حقوق محفوظ

محمد عثمان نے ریاض شہباز پرنٹنگ پریس لاہور

سے چھپوا کر عثمان پبلی کیشنز سے شائع کی۔

مصنف کی آراء سے ادارہ (پبلشرز) کا متفق ہونا ضروری نہیں۔

ڈیزائنگ وکمپوزنگ: کمپائن گرافکس 0300-8466944

ہر قسم کا پرنٹنگ کا کام ہم سے کروائیں: ہم رسالے، میگزین، بکس مکمل تیار کر کے جلد بندی کروا کر دیتے ہیں۔ آپ کو کہیں اور جانے کی ضرورت نہیں۔

عثمان پرنٹنگ ایجنسی اب ہر معلومات آپ سے ایک فون کال کے فاصلے پر۔

0333-4275783 - 042-37640094 - 0333-4096572

عثمان پبلی کیشنز

ہر قسم کی بکس کیلئے یا وی پی بکس منگوانے کیلئے اس درج ذیل ایڈریس پر رابطہ کریں

پہلے یہاں تشریف لائیں:

عثمان پبلی کیشنز، ملک جلال دین ہسپتال، چوک اردو بازار، لاہور

دکان بند ہونے کی صورت میں نیچے والے پتہ پر تشریف لائیں

عثمان پبلی کیشنز، مچھلی منڈی، نزد اردو بازار، لاہور

Email: upublications@yahoo.com

upublications@gmail.com

پیش لفظ	1
نام انگشت ہائے وتاریخ	
وزکات حروف تہجی	2
نچھتروں کے نام	3
روزانہ نچھتر معلوم کرنیکا قاعدہ	3
مہورت ریوگ برائے سعد ہر کام	3
حروف تہجی کا زکات	4
وہ تاریخیں جن میں عمل نہیں شروع کرنا چاہیے	4
برائے وقار وعزت	5
برائے ترقی عزت ومرتبہ	6
برائے بلندی مراتب	7
برائے ترقی کاروبار	9
دربیان منتر ودیا	10
برائے ہردلعزیز	10
برائے محبت	14
دربیان جنتر ودیا	17
برائے محبت	17
برائے محبت	23
برائے بلندی مرتبہ	25
برائے تکلیف دشمن	26
دربیان منتر ودیا	27
برائے محبت	27
برائے تکلیف	27
دربیان خرابی ومغلوبی دشمنان وعداوت درمیان	30
برائے خرابی دشمنان	30
برائے مغلوبی دشمنان	31
برائے عداوت میان	32
برائے مخالفت ودشمنی	32
برائے عداوت	33
دربیان محفوظ شدن از زخم شمشیر وجادو ونیز از نظر بد وگزند جانوران صحرائی وغیرہ	35
برائے نظر بد	35
برائے حفاظت گزندہ جانوراں	35
دربیان حفاظت زرومال حصول مقاصد وفتح یابی بر دشمنان ودفعیہ امراض وبائی وغیرہ	36
برائے فتح یابی بر دشمنان	36
برائے حفاظت زرومال	37
برائے حصول مقاصد	39
برائے حصول مقاصد وعزیز خلائق	40
برائے دفعیہ امراض وبائی	41
برائے امراض سوداوی وفساد خون وتپ لرزہ	42
برائے حصول مقاصد	43
دربیان متفرقات عمل نچھتر	43

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

بیمار پر صدقہ	43
برائے شفا امراض	44
برائے بخار روزمرہ	44
برائے بخار تیا و چوتھیا	45
برائے بخار چوتھیا	46
برائے آسانی ولادت	47
نیند نہ آئے	47
نیند آجائے	47
برائے رفع گریہ اطفال	48
برائے خوف	48
برائے ماندگی سفر	49
برائے آرام شدن زخم شمشیر	49
برائے رفع تنگدستی	50
برائے قوت مردانگی	50
برائے غالب شدن بر مستورات	50
برائے نیک اخلاقی	50
برائے دریافت حاصل	51
دن میں تارے دکھنا	51
مچھلیوں کا جال میں نہ آنا	51
خراب ہونا آوبکا	52
مویشیاں دودھ کم دیں	52
برائی لڑائی و جھگڑا	52
برائے اچاٹن	53
برائے اچاٹن والڑائی	53
برائے فراری مار	54
برائے اطاعت مخلوق	55
برائے مستجاب الدعوات	56
برائے درستی حافظہ وتمنائے دل	57
برائے بسیار شدن محبت والفت	58
برائے حافظہ وقوت وصحت جسمانی	59
قدرتی خاصیتیں در جسم انسان	61
عورت	63
حیوانات اوران کے	
اوصاف تاثیرات حیوانات	65
گھوڑا	65
ہاتھی	66
اونٹ	67
گدھا	68
بھینس	68
بکری	69
بھیڑ	70
سگ یعنی کتا	70
گربہ یعنی بلی	71
شیر	72
گرگ یعنی بھیڑیا	73
ریچھ	74
شغال یعنی گیدڑ	75
گوزن یعنی بارہ سنگا	75

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

آہو یعنی ہرن	76
خرگوش	76
نیولا	77
جنگلی چوہا......سیہ	78
لنگور	78
کفتار	79
مرغ	80
طاؤس یعنی مور	81
کبوتر	82
ہدہد	82
گنجشک یعنی چڑیا	84
زاغ یعنی کوا	84
چیل	85
چمگادڑ	85
الو	86
باز	87
ابابیل	87
بلبل	88
مینڈک	89
عقرب یعنی بچھو	90
لالی	91
طراطین یعنی کیچوا	92
مردوں کیلئے الفت ومحبت پیدا کرنے والے بے نظیر تنتر	93

عورتوں کیلئے موہنی تنتر	106
ولادت میں آسانی	109
حفاظت طفلان شیر	111
دشمنوں کو مغلوب کرنے کے تنتر	112
دو بھیوں کے درمیان	
دشمنی کرانیوالے تنتر	113
دشمن کو بیمار کرنا	115
اچاٹن کے تنتر	117
عجیب وغریب پرتاثیر تنتر	119
تسخیر عالم	130
درندوں کو مطیع کرنا	133
کوئی کتا نہ بھونکے	134
متفرق عملیات	134
دو دشمنوں میں دوستی	134
دو اشخاص میں عشق ہو جائے	135
دو دشمنوں کے درمیان دوستی	135
لوگ بچے کو پیار کریں	135
پریاں مسخر ہو جائیں	136
عملیات بغض	136
دو دوستوں کے درمیان	
عداوت پیدا کرنا	136
دشمن کی نیند باندھنا	138
دشمن کے گھر تفرقہ ڈالنا	139
دشمن کو مغلوب کرنا	140

www.freeamliyaatbookspdf.com

دشمن کو تکلیف میں مبتلا کرنا 141
سحر زدہ کرنا 141
آدمی کو احمق و بیوقوف بنانا 141
آدمی کو پاگل بنانا 142
دشمن کے پھوڑے پھنسی نکلنا 142
آدمی کو گونگا بنا دینا 142
بیٹھا بیٹھا آدمی تڑپنے لگے 142
آدمی دن رات ڈرنے لگے 143
اندھا کرنا 143
جوئیں پڑ جائیں 144
دشمن کا گھر ویران کرنا 144
دشمن کو بیمار کرنا 144
دشمن کو بعارضہ سودا مبتلا کرنا 145
دشمن حیران و پریشان ہو 145
دشمن اپنی جورو کو طلاق دیدے 145
حیوانات وحشرات الارض سے حفاظت کیلئے۔
درندوں سے محفوظ رہنا 146
بچھو نہ کاٹ سکے 146
عمر بھر زہریلے جانور سے محفوظ رہنا 147
زہریلے جانوروں سے بچے رہنا 147
پسوؤں سے محفوظ رہنا 147
گھر میں مچھر نہ گھسیں 147
پروانہ چراغ کے نزدیک نہ آئے 148
کیڑے سے بچا رہے 148
ٹڈی دل سے محفوظ رہے 148
مکان میں چوہے داخل نہ ہوں 149
حیران کن شعبدات 149
آگ کا گھر 149
سورج کا گھر 150
موت اور دہشت کا گھر 151
جنوں کا گھر 151
چراغ جس کے جلانے سے آدمی ایک دوسرے کو فرشتہ صورت نظر آئیں 152
چراغ جس کی روشنی میں لوگ ایک دوسرے کو حبشی کی شکل میں نظر آئیں 153
بتی جس کے جلانے سے حاضرین کو ایک دوسرے کی شکلیں مکروہ اور گھناؤنی نظر آئیں 153
بتی جسکی روشنی میں بہت سے سانپ نظر آئیں 154
بتی کے جلانے سے کمرے میں بچھو نظر آئیں 154
بتی جس کے جلانے سے کمرہ میں سبز پرندے وغیرہ نظر آئیں 155

www.freeamliyaatbookspdf.com

بتی جس کے جلانے سے عورتیں ناچنے لگیں	155
حاضرین ایک دوسرے کو ٹیڑھی گردنوں اور جھکے ہوئے سروں سے دکھائی دیں	156
حاضرین گدھے کی شکل میں نظر آئیں	156
حاضرین کو ایک دوسرے کے کان گدھے کے کانوں کی طرح دکھائی دیں	157
حاضرین کو ایک دوسرے کے چہرے زرد دکھائی دیں	157
حاضرین کو ایک دوسرے کے چہرے کتے کے مشابہ دکھائی دیں	157
گھر پانی سے بھرا ہوا دکھائی دے	158
بتی جس کی روشنی میں ہر چیز سبز دکھائی دے	158
بتی جس کی روشنی میں حاضرین ایک دوسرے سے متنفر ہو جائیں	159
دھونی جس کے کرنے سے درخت جھک جائے	160
حاضرین کو ایک دوسرے کے قد بڑے جسم دکھائی دیں	160
ستر رنگ کی عجیب و غریب شکلیں نظر آئیں	161
سمندر اور مگر مچھ ظاہر ہو	161
جن بلانا	162
منزل عورت	163
اندھیرے میں سب کچھ دیکھنا	163
عجیب و غریب سرے	163
سرمہ جس کے لگانے سے روحیں نظر آئیں	163
سرمہ جس کے لگانے سے جن دکھائی دیں	165
سرمہ جس کے لگانے سے خزانے نظر آئیں	165
سرمہ جس کے لگانے سے عجیب و غریب چہرے نظر آئیں	166
سرمہ جس کے لگانے سے دفینہ اور احوال غائب معلوم ہوں	166
گھر کی آگ بجھانا	166
عجیب و غریب روشنیاں	167
لکھا ہوا انڈے کی سفید پر ظاہر ہو	167
لکھا ہوا اسلور معلوم ہو	167
لکھا ہوا صرف آگ سے گرم کرنے پر دکھائی دے	168
عجیب آئینہ	168
حمام سرد کر دینا	168
ہاتھ آگ میں نہ جلے	169

بجڑ کو مارنا اور پھر زندہ کرنا	169
لکھا ہوا صرف پانی میں ڈالنے سے پڑھا جائے	170
لکھا ہوا صرف رات کے اندھیرے میں پڑھا جائے	170
لکھے ہوئے کی جگہ بال اگ آئیں	171
لکھا ہوا صرف پانی پر کھڑے ہو کر پڑھا جائے	171
لکھا ہوا پتھر پر ظاہر ہو	171
لکھا ہوا دھوپ میں نمایاں ہو	172
لکھا ہوا پانی کے چھینٹے دینے سے سفید ظاہر ہو	172
فریب زدہ روشنائی	172
حروف آگ دکھانے سے سبز ظاہر ہوں	173
چراگاہ میں گائے نہ آئے	173
مکھیوں کو آواز دے کر جمع کرنا	173
تمام مکان سرخ معلوم ہو	173
بچھو پکڑنا	174
دھواں نکلنے سے کانچ	[illegible]
ٹکڑے ٹکڑے ہو جائے	174
سرکہ دیکھتے دیکھتے شراب بن جائے	174
شراب دیکھتے ہی دیکھتے سرکہ بن جائے	175
کبوتر کو بھگانا	175
مجلس میں شور و غوغا برپا کرنا	175
منہ میں آگ جلانا	175
کینچوے پیدا کرنا	176
گھوڑا لنگڑانے لگے	176
سرکہ میٹھا ہو جائے	176
مردہ مکھی زندہ ہو جائے	177
چراغ کی روشنی میں جو آئے بغیر سر دکھائی دے	177
مینڈک کا بولنا بند کر دیں	177
بغیر آگ کے گوشت کی ہانڈی پکے	177
کپڑا آگ میں نہ جلے	178
کتا ناچنے لگا	178
ہانڈی کا جوش بند ہو جائے	178
کچے دھاگے سے سخت ہڈی کاٹنا	178
جو سو تھے رونے لگے	179
برتن میں سے آواز آئے	179
بے جان بچھڑا بولے	179
کپڑا آگ میں نہ جلے	180
پکی ہوئی مچھلی تھالی میں اچھلے	180
بھنا ہوا پرندہ تھالی میں آواز دے	180

ذائقہ دور ہو 181
گدھے کو بے ہوش کرنا 181
لوگ خواہ مخواہ ہنسیں 181
پانی دیکھتے دیکھتے فالودہ بن جائے 182
سونا؛ چاندی بن جائے 182
خشک پھول تازہ کرنا 182
منہ میں کافور جلانا 183
منہ میں آگ رکھنا 183
منہ سے آگ کے شعلے نکالنا 183
طلسمی سانپ 184
پانی میں آگ جلے 184
چراغ آندھی میں بھی جلتا ہے 184
فوراً درخت اگانا 185
پھولوں کا رنگ تبدیل کرنا 185
چھلے کا ناچ 185
پانی خون بنجائے 186
کاغذ سے تحریر مٹانا 186
بغیر آگ جوار بھوننا 186
جادو کا نشانہ 187
انڈے کو بوتل میں ڈالنا 187
دو مرغ لڑائی میں جدا نہ ہوں 187
چور پکڑنا 188
کپڑا نہ جلے 188
کپڑے سے شعلے نمودار ہوں 189

کپڑا سادہ پانی ڈالنے
سے رنگ بدلے 189
دو رنگ کا کپڑا 190
ہتھیلی پر سرسوں جمانا 190
پیٹ میں اناج بوئے 191
چھلنی میں سے پانی نہ گرے 191
کپڑا پانی میں ہرگز تر نہ ہوگا 191
بجھا ہوا چراغ روشن ہوگا 192
پھول ظاہر ہوتے ہیں 192
روشنی میں سانپ نظر آئیں 192
چراغ کی روشنی میں برہنہ ہو 192
چراغ کی روشنی میں
آئینہ اور ناچے گا 193
عمل خود عجائب ہونے کا 193
عمل ازار بند توڑ دے 193
عمل زیادہ کھانا کھانے کا 194
پانی میں چراغ جلتا رہے 194
انگلی لگانے سے انگلی نظر نہ آئے 194
چھتوں پر ڈالنے سے
مشعل چراغ روشن رہیگا 195
سرسوں سبز ہو جائے گی 195
درخت آم پیدا ہوگا 195
بغیر چراغ کے روشنی ہوگی 196
جسم پر طلا کرنے سے دوسروں کو

بڑھا معلوم ہو	196
عمل نظر باندھنے کا	196
کبوتر کا پر کھینچے سے	
کبوتر دکھائی دے	197
مکان وغیرہ سب	
چیزیں سبز معلوم ہوں	197
جہاں چلا جائے وحشت نہ ہو	197
پانی میں نہ ڈوبے	197
جو دیکھے وہی مطیع ہو	198
پستان غائب ہوں	198
طلسمی آئینہ	198
انڈے کا عجیب کرتب	199
پیاسا انڈا	199
شعبدات	199
دو چراغوں کے کرشمے	
آپس میں لڑیں	199
بارش میں ہوا میں چراغ جلے	200
تمام گھر میں بچھو نظر آئیں	200
سبزی کو اچھالنے کی ترکیب	200
دو برتن آپس میں لڑیں	201
دن میں ستارے دکھائی دیں	201
گھر پانی سے بھرا نظر آئے	201

تحفہ سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

www.freeamliyaatbookspdf.com
فری عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/

پیش لفظ

یوں تو آج کل دنیا کے اندر بیشمار جادو کے نام سے موسوم علم موجود ہیں جن میں سے ایک طلسم بھی ہے جس سے انسان جنات وشیطان کی ارواح خبیثہ کو مسخر کر کے ان سے ناجائز طور پر کام لیتا ہے۔ لوگوں میں فتنہ فساد گھروں اور انسانی جسموں اور عزیز واقارب میں ناچاقیاں، انسانی بیماریوں کو ختم کرنے کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔

طلسم کے لفظی معنی امر مخفی پوشیدہ چیز کے ہوتے ہیں۔ جبکہ عملی اصطلاح میں طلسم سے مراد حیرت انگیز امور خفیہ ہیں جن کے وجود میں آنے کے ظاہری اسباب موجود نہ ہوں اور ان کے ظاہر ہونے میں کوئی پوشیدہ امر مخفی ہو۔ طلسم ایک بند چیز کا نام ہے جب یہ بند چیز کھل کر سامنے آتی ہے تب پتہ چلتا ہے کہ اس میں سوائے الٹا نقصان کے اوپر کچھ بھی نہیں ہے اس میں ذلت رسوائی کے سوا اور کچھ بھی نہیں ہے۔

خوش ش جیوے سرفراز شاہ دیچ مانچسٹر

نام انگشت ہائے وتاریخ وزکات حروف تہجی

انگلیوں کے نام عربی زبان میں



نچھتروں کے نام:

اشنی، بھرنی، کرتکا، روہنی، مرگشر، آردرا، پنربس، پکھ، اشلیکھا، مکھا، پوربا پھاگنی، اترا پھاگنی، ہست، چترا، سواتی، بساکھا وانراد ہا، جیشٹھا، مولا، پوربا کھاد، اترکھادر، شروَن، دھنشٹا ہست بکھا، پوربا بھادر پد، اتر بھادر پد، ریوتی

روزانہ نچھتر معلوم کرنیکا قاعدہ:

روزانہ نچھتر معلوم کرنے کیلئے ابتدائی کاتک سے ماہ مطلوبہ کے گذشتہ مہینے تک شمار کریں۔ جس قدر شمار میں آئیں ان کو دو چند کریں اور وقت مطلوبہ کی جو تتھ ہو اس کو اس میں شامل کرلیں۔ پس اگر مجموعہ سینتیس (۳۷) سے زیادہ ہو۔ تو سینتیس (۳۷) کی طرح دیں ورنہ بالترتیب اگر کرشن پکھ ہو تو اشنی نچھتر سے شمار کریں۔ اگر شکل پکھ ہو تو سواتی نچھتر سے شمار کریں۔ جس نچھتر پر اعداد ختم ہوں وہی نچھتر اس روز ہوگا۔

مہورت ریوگ برائے سعد ہر کام:

جس نچھتر پر سورج ہو اس نچھتر سے وقت مطلوبہ کے چندرمان کا نچھتر شمار میں ۴ یا ۶ یا ۹ یا ۱۰ یا ۱۳ یا ۲۰ ہو تو ریوگ ہوتا ہے۔ تمام دوشوں کو دفع کرتا ہے اگر کسی مہورت میں عیب ہو اور اس وقت یہ یوگ بن جائے تو بلا اندیشہ اس کام کو کرنا یوگ ہے۔

نام بروج عربی	حمل	ثور	جوزا	سرطان	اسد	سنبلہ	میزان	عقرب	قوس	جدی	دلو	حوت
نام ہندی	میکھ	برکھ	متھن	کرک	سنگھ	کنیا	تلا	برچھک	دھن	مکر	کمبھ	مین

نام سیارہ عربی	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
نام ہندی	سنیچر	برہسپت	منگل	سورج	شکر	بدھ	چندرمان

نام بروج ہندی	میکھ، برچھک	برکھ، تلا	متھن، کنیا	کرک	سنگھ	دھن، مین	مکر، کمبھ
مالک سیارہ	منگل	شکر	بدھ	چندرمان	سورج	برہسپت	سنیچر

حروفِ تہجی کا زکات:

حروفِ تہجی کی زکات کا آسان طریقہ یہ ہے کہ ہر روز ایک حروف کو چار ہزار چار سو چالیس مرتبہ اٹھائیس دن بلاناغہ باموکل پڑھے۔

حروفِ تہجی باموکل......زکوۃ

یا اسرائیل بحق یا الف۔ یا جبرائیل یا باء۔ یا عزرائیل بحق یا تاء۔ یا میکائیل بحق یا ثاء۔
یا کلکائیل بحق یا جیم۔ یا تنکفیل بحق یا حاء۔ یا ہمکائیل بحق یا خاء۔ یا وردائیل بحق یا دال۔
یا اہرائیل بحق یا ذال۔ یا اموائیل بحق یا زاء۔ یا شرفائیل بحق یا راء۔ یا ہموائیل بحق یا سین۔
یا ہمرائیل بحق یا شین۔ یا اہجمائیل بحق یا صاد۔ یا معکائیل بحق یا ضاد۔ یا اسمائیل یا طاء۔
یا لموزائیل بحق یا ظاء۔ یا لومائیل بحق یا عین۔ یا لوخائیل بحق یا غین۔ یا سرحائیل بحق یا فاء۔
یا ہطرائیل بحق یا قاف۔ یا حروزائیل بحق یا کاف۔ یا طاطائیل بحق یا لام۔ یا روبائیل بحق یا میم۔
یا حرکائیل بحق یا نون۔ یا رقائیل بحق یا واو۔ یا وردیائیل یا ہاء۔ یا سرکیطائیل بحق یا طا۔

وہ تاریخیں جن میں عمل نہیں شروع کرنا چاہیے:

۳۔۱۳۔۲۳۔۸۔۱۸۔۲۸

ان تواریخ میں عمل شروع کرنا نہیں چاہیے بلکہ کوئی نیا کام بھی ان تاریخوں میں کرنا مناسب نہیں ہوتا۔

خوش جیو سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

گنجینہ طلسم نمبر: 1

برائے وقار و عزت

اگر بروز سہ شنبہ یعنی منگل کو جبکہ قمر برج عقرب میں متصل مریخ کے ہو ایک ٹکڑا حجر شادنج کا لیکر اس پر صورت مرد برہنہ کی بنائے اس طور پر کہ داہنے ہاتھ کی طرف اس کے

ایک عورت پشت کی جانب بال لٹکائے ہوئے کھڑی ہو اور مرد اپنا ہاتھ اس کی گردن میں ڈالے ہوئے اور وہ عورت پشت کی جانب دیکھتی ہو اور پیروں کے نیچے ان صورتوں کے یہ حروف (ح ح ح ح) لکھے بعد ازاں اس نگینہ کو لوہے کی انگوٹھی پر نصب کر دے اور ایسے ہی وقت میں کہ جس میں یہ عمل کیا ہے اس کو پہنے۔ امرا کے نزدیک وقار و عزت زیادہ ہوگی۔ اور اذیت حشرات الارض سے محفوظ رہے گا۔ بشرطیکہ کسی کو قتل نہ کرے اور گوشت خام نہ کھائے اور سگ کو نہ ہلاک کرے اور آگ اپنے ہاتھ سے نہ بجھائے۔

☆

www.freeamliyaatbooks...

گنجینہ طلسم نمبر:2

برائے ترقی عزت و مرتبہ

جب بروز جمعہ کو قمر ثور یا میزان میں ہو اس وقت ایک نگینہ لاجورد لے کر اس پر عورت برہنہ اور مرد مریخ کی کہ اس کی گردن میں زنجیر حمائل ہو اور عورت کے پیچھے ایک لڑکا دوش پر شمشیر کو رکھے ہوئے کھڑا ہو اور ان کے قدموں کے نیچے یہ حروف (ح ح ح ح) لکھے اور اس نگینے کو تانبے کی انگشتری پر نصب کرے اور نگینے کے نیچے قدرے برادہ مس و لوبان رکھے اور ہاتھ میں پہنے مقبول بارگاہ سلاطین ہوگا اور عزت و مرتبہ زیادہ ہو اور عورتیں اس کی طرف بہت میل کریں گی بشرطیکہ آب شور میں وہ آدمی سیاحت نہ کرے اور مچھلی نہ کھائے اور جس عورت کے بال سفید ہوں اس سے اپنا جسم مس نہ ہونے دے اور اُلو کو نہ مارے ورنہ اس کا اثر جاتا رہے گا اس کی حفاظت کرنا لازمی بات ہے اور اگر وہ آدمی اس انگشتری کو جمعہ کے روز پہن کر جو شے اللہ تعالیٰ سے طلب کرے گا دعا اس کی مستجاب ہوگی اور اگر اس انگشتری کو موم میں لکھ کر پانی میں ڈالے دے پس جس مرد اور عورت کو یہ پانی پلا دے تو درمیان ان کی الفت بہت پیدا ہوگی۔



☆

گنجینہ طلسم نمبر:3

برائے بلندی مراتب

اگر کوئی آدمی توسیع رزق اور بلندی مراتب اور امراء میں عزت پانا چاہے تو وہ

اس طلسم کو تیار کرے اور حسب بحیثیت اپنی فائدہ اٹھائے۔ تیار کرنے والے کو لازم ہے کہ بروز جمعرات کرنکا پچھتر میں جوانمردی کی تصویر اس طرح بنائے کہ وہ شیر پر سوار ہو اور اس کے ایک ہاتھ میں شمشیر اور دست چپ میں کمان چلہ چڑھاتے ہوئے ہو۔ بعد ازاں اس آدمی کے سر پر (Ali) لکھ دیں اور کمان پر یہ کلمہ (ایضاً) اور شمشیر پر یہ کلمہ (طعلو) اور شیر کے منہ کے سامنے (عوام ط ا ک ل) یہ حروف کندہ کر دیں پس یہ طلسم تیار کر کے بروز اتوار آروورا پچھتر میں اپنے پاس رکھے۔ اگر کندہ کرنا مشکل ہو تو کاغذ سفید پر بنا کر اس کو چاندی کی انگشتری میں نصب کرا کر دست راست میں وہ انگشتری پہنے۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT
www.facebook.com/groups/freeamliyaat

خوش حبیب سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

گنجینہ طلسم نمبر:4

برائے ترقی کاروبار

جو شخص اس طلسم کو مقررہ وقت پر تیار کرے گا اس کے بعد کاروبار میں ترقی ہوگی اور خدوخال کا فائدہ اٹھائے گا۔ مایوس امیدوں میں خاطر خواہ کامیابی ہوگی۔ پس بروز بدھ وار سوتی

پنجشنبہ میں طلوع آفتاب کے بعد ایک ہرن کی کھال کا ٹکڑا لیکر ایک تنہا مکان میں بخور خوشبو دار روشن کر کے اس ٹکڑے پر مشک و زعفران سے ایک تصویر ہرن کی بنائے اور اس پر ایک مرد سوار ہوئے اور دونوں ہاتھ اوپر کو اٹھائے ہوئے ہو اور بعد ازاں اپنے نام کے اعداد ڈال کر ان میں (۵۱۷) اعداد اسم مبارک شامل کر کے مجموعہ اعداد کو مرد کے سر پر لکھے اور مرد کی پیشانی پر حرف (ز ی ث) لکھ دے اور دست راست میں اس مرد کے (۳۰۸) اور دست میں (۱۳۷) عدد لکھے اور بعد ازاں اس ہرن کی پیشانی پر صرف (۴۷) عدد لکھ دے اور بعد ازاں اس ٹکڑے تیار شدہ کو سات ۷ روز تک دھوپ میں مقابل آفتاب کے باحفاظت رکھے اور جس وقت آفتاب چھپ جائے فوراً اٹھا کر کسی برتن میں ڈال دے۔ پس سات روز کے بعد اس طلسم کو اپنے مکان کے صحن میں زیر زمین تانبے کا ٹکڑا رکھ کر گاڑ دے قدرت ایزدی سے کاروبار میں ترقی اور وسعت رزق ہر چہار طرف سے ہوگی اور اس مکان میں رہنے والے جملہ آفات سماوی سے محفوظ رہیں گے۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:5

دربیان تسخر و دیا

برائے ہر دلعزیز:

اگر کوئی چاہے کہ لوگ مجھ سے محبت اور مہربانی سے پیش آئیں۔ تو جانور گدھ اور سیاہ الو کی آنکھیں لے کر ان کو روغن شرشف میں خوب حل کرلے بعد ازاں جس روز کہ پنجشنبہ اماوش کے روز ہو اس دن اس تیل کو چراغ جدید میں ڈال کر روشن کرے اور اس کی سیاہی لیکر کمھن خزمیں ملا دے اور کاجل بنائے اور نیک ساعت میں اس کاجل کو جو کوئی اپنی آنکھوں میں ڈال کر جس کے پاس جائے گا وہ اس سے کمال محبت سے پیش آئے گا اور جو عورت اس کی طرف دیکھے وہ بھی مہربانی اور محبت سے پیش آئے گی۔

دیگر:

یکم پنجشنبہ میں بھنگرہ سیاہ اور گوکھر کی جڑ اور گوروچن ان سب کو ملا کر اور پیس کر گولیاں بنائیں اور رکھیں جب کسی محفل یا کسی حاکم کے سامنے جائے تو گولی مذکور کو رگڑ کر اپنی پیشانی پر تلک لگائیں تو سب محبت اور مہربانی سے پیش آئیں۔ مگر یکم پنجشنبہ بروز اماوش ہو۔

دیگر:

یکم پنجشنبہ بروز اماوش میں دھتورے سیاہ کی جڑ، ڈنڈی، پھل، پھول اور پتا یہ پانچوں اشیاء لیکر ہمراہ زیرہ سفید اور گوگل کو بھینس کے تازہ خون میں پیس کر ملا دے اور گولی

بنائیں۔ اس گولی کی دھونی جس عورت یا مرد کو دی جائے گی خواہ وہ کیسا ہی دشمن ہو وہ بھی محبت اور مہربانی سے پیش آئے گا اور اگر اس کی دھونی ایک جماعت یا محفل یا پنچایت وغیرہ میں کی جائے گی تو تمام آدمی موجودہ مہربانی سے پیش آئیں گے۔

دیگر:

پکھ چھتر میں اماوش کے روز۔ ہڑتال۔ پنسل۔ سیاہ بھنورا کے دونوں پر اور دھتورے کے پھول ان سب کو ہموزن برابر لیکر کوفتہ کر کے اور چھان کر گولی بنائے بعدازاں اس گولی کو گھس کر جو آدمی اپنی پیشانی پر تلک لگائے گا وہ عزیز خلائق ہوگا۔

دیگر:

پکھ یا شرون چھتر میں اماوش کے روز سبز کی دھتورے کی اور مور کی بیٹھ ان دونوں کو برابر وزن لے کر گولی بنائے۔ اس گولی کا دھواں جس شخص کو دیا جائے گا۔ وہ مہربانی اور محبت سے پیش آئے گا۔

دیگر:

پکھ چھتر میں اماوش کے دن شنکر وار کو۔ کیسر۔ تگر۔ ہڑتال۔ ان سب کو ہم وزن برابر لیکر اپنی کشنکا انگلی یعنی خنصر انگلی کا خون ملا کر اس کا تلک جو کوئی آدمی اپنی پیشانی پر لگائے تو دیکھنے والے اس کی ساتھ محبت اور مہربانی سے پیش آئیں گے اگر کسی جماعت یا گروہ یا پنچائت وغیرہ میں کسی حاکم کے روبرو جائے تو عزت پائے۔

دیگر:

اگر پکھ چھتر میں بھنورے سیاہ کے دونوں پر اور جانور طوطے کا گوشت اور اپنے کان کا میل اور اپنی کشنکا یعنی خنصر انگلی کا خون ملا کر گولیاں بقدر مسور بنا کر اپنی پاس رکھیں پکھ چھتر میں شنکر وار کے دن جس عورت کو ایک گولی کھلا دے یا گھس کر اس کے بدن کو لگا دے تو وہ مہربانی اور کمال محبت سے پیش آئے گی۔

دیگر:

یکہ نچھتر میں ہلکہ تہ۔ مجیٹھ کے درخت کی جڑ اکھاڑ کر اسکا سلوف بنائے۔ وہ سلوف جس کے بدن پر ڈالے وہ شخص اس کو عزیز جانے گا۔

دیگر:

بھنگرہ سیاہ و سفید کی جڑ اور درخت لاجونتی کے پتے اور درخت شہدیوی کا پھول لیکر اور ان سب کو پیس کر پیشانی پر تلک لگا دے تو ہر دلعزیز ہوگا۔

دیگر:

اگر کوئی یکہ نچھتر میں جانور ہدہد کا سر خشک کر کے پھر اس کو پیس کر اپنی چہرہ پر ملے گا تو اس کے دیکھنے والے مہربانی سے پیش آئیں گے۔

دیگر:

جو آدمی جمعہ کے روز یکہ نچھتر میں جانور کو ذبح کر کے اس کے سر کا تاج اپنے پاس رکھے تو ہر دلعزیز ہووے۔

دیگر:

اگر یکہ نچھتر میں جمعہ کے روز کبوتر کی داہنی آنکھ بطور تعویذ کے اپنے پاس رکھو تو وہ آدمی ہر دلعزیز ہوگا۔

دیگر:

اگر کوئی آدمی سنیچر کے روز اترا پھاگنی نچھتر میں سیاہ دھتورے کے پتے اور بیٹا کھا نچھتر میں اس کی شاخ اور مولا نچھتر میں اس کی جڑ اور بھرنی نچھتر میں اس کا پھل اور یکہ نچھتر میں اس کے پھول ان پانچوں اشیاء کو لے کر کافور اور کیسر اور گوروچن میں ملا کر خوب حل کر لے اور گولیاں بنائے پس جو آدمی اس گولی کو گھس کر اپنی پیشانی پر لگائے تو ہر دلعزیز ہوگا۔

از شاہ وچ مانچستر

☆

کنجینہ طلسم نمبر: 6

از

برائے محبت

بکہ پنجتر میں بروز ہار یا اتوار بھیڑ کا خون لے کر اس میں مدار یعنی آک کی جڑ پیس کر خوب ملالیں پھر پورن ماشی کے روز اس خون میں روئی کی بتی کو بھگو کر چراغ جدید میں تیل ڈال کر روشن کرے اور اس کی سیاہی لیکر کاجل بنائے اس کاجل کو جو شخص اپنی آنکھ میں لگائے گا۔ تمام مرد و زن اس کی طرف دیکھتے ہی محبت سے پیش آئیں گے۔

دیگر:

بکہ پنجتر میں بروز اماوس اگر برگ ذحنظل و برگ ہلیلہ سیاہ اور پوست درخت

نارجیل کوٹ اور چھان کر مطلوب کو کھلائے تو طالب کی محبت میں مبتلا ہو جائے عامل ہوشیاری سے پابندی وقت پر کام کرے۔

دیگر:

اگر یکم پنجشنبہ میں تالیس، کھٹو، بنگڑ، ان ہر سہ اشیاء کو ہم وزن لے کر کوفتہ کر کے خوب باریک سفوف بنائیں پھر اس کو روئی میں لپیٹ کر بتی بنائیں اور بوقت نصف شب کے مٹی کے چراغ جدید میں تیل ڈال کر روشن کرے اور اس کی سیاہی لے کر کاجل بنائے پس جو شخص اس کاجل کو آنکھ میں لگائے گا دیکھنے والے کمال محبت سے پیش آئے گا۔

دیگر:

شرف آفتاب میں سیاہ بھنورے کے دونوں پیر اور پھو کرمول اور تگر اور کاک چنگان ان سب کو ملا کر اور کوٹ چھانکر سفوف بنا کر رکھے اور یکم پنجشنبہ میں تھوڑا سا اس سفوف میں سے جس آدمی کے جسم پر ڈال دے وہ محبت سے پیش آئے گا۔

دیگر:

بکا کرسنگی۔ صنج۔ ابلوا۔ الائچی خورد۔ ان سب کو ہم وزن لے کر اور خوب باریک کوٹ کر اس کا دھوپ بنائے جو شخص اس دھوپ کی دھونی یکم پنجشنبہ میں اپنے لباس کو دیکر پہنے تو جہاں وہ جائے سب آدمی اس سے محبت کریں۔

دیگر:

اگر یکم پنجشنبہ میں گفتار کی زبان لیکر اس کا تعویذ بنائے اور اپنے بازوئے راست پر باندھے تو اس سے سب لوگ محبت کریں گے اور دشمن مغلوب رہیں گے۔

دیگر:

اگر یکم پنجشنبہ میں گفتار کی چربی ابرو پر لگائے اور جہاں جائے تو اس کی طرف دیکھنے والے محبت اور مہربانی سے پیش آئیں گے۔

نوٹ: گفتار۔ یہ جانور چرند ہے اور مشابہ کتے کے ہوتا ہے اور قبروں سے مردے بھی اکھاڑ

کر کھاتا ہے اور امریکہ و افریقہ کے ملک میں پیدا ہوتا ہے۔

دیگر:

اگر پکھ پچھتر میں بروز جمعہ یابدھ کے دن جانور لنگور کی کسی عضو کی ہڈی کو اپنے پاس رکھے تو ہمیشہ سب آدمی اس سے محبت کرینگے۔

دیگر:

اگر اماوش و پکھ پچھتر جمعہ کے دن ہو تو اسوقت جو کوئی اپنے بدن کا خون اور میل اور پسینہ تخم الائچی خورد کے اوپر مل کر جس کو کھلائے گا وہ محبت میں بے قرار ہو جائے گا۔

☆

www.freeamliyaatbookspdf.com
فری عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/

خوش حبیب سے سرفراز شاہ وبی مانچسٹر

در بیان جنتر و دیا

گنجینہ طلسم نمبر: 7

برائے محبت:

اگر بروز شکروار یعنی جمعہ کے روز کرتکا نچھتر میں صبح کے وقت سفید کاغذ پر گول دائرہ بشکل سورج بنا کر اس کے اندر مطلوب کا نام لکھے اور اس کے گرد یہ حروف (ح ل ت ح ر غ) لکھ کر اس کاغذ کو کسی درخت سے باندھ دے مطلوب طالب کی محبت میں بے قرار اور دیوانہ ہوگا۔

دیگر:

اگر اس نقش کو لکھ کر اور دھو کر ایک ہفتہ برابر جس کو پلائے تو وہ محبت زیادہ کرے۔

اور مہربان ہو جائے۔ نقش معظم و مکرم یہ ہے۔



دیگر:

www.freeamliyaatbookspdf.com

اگر بروز شکر وار ریوتی نچھتر میں صبح کے وقت ایک تختی مسی برنج لیکر اس پر ایک فرضی تصویر اس طرح بنائے کہ ایک عورت تخت پر سوئی ہوئی ہو۔ اس کے سرہانے ایک مرد

تلوار ہاتھ میں لئے کھڑا ہو عورت کے سینہ پر یہ حروف (و س ش ر ع) لکھ دے اور اس تلوار کی دھار پر (۲۳۶۵) یہ ہندسے لکھ کر اس تختی کو جبکہ قمر طلوع کرے اس وقت اس کے مقابل رکھ دے پھر قمر کے غروب ہونے پر اس تختی کو اٹھا کر محفوظ کر لے اور اس طرح تین روز برابر کرے بعد ازاں اس تختی کو پنجر بس پنجشنبہ میں آگ میں دفن کر دے۔ اور ہر روز بوقت صبح و شام نرم آگ جس سے اس تختی کو گرمی پہنچے جلاتا رہے۔ پس مطلوب اپنے طالب کی محبت

میں دیوانہ ہو کر اپنے طالب

کا خود ہی طلبگار ہو جائے گا

دیگر:

اگر بروز جمعہ ست یکم پنجشنبہ میں ایک سفید نگین بلور پر ایک زاغ کی تصویر بنائے اور اس کی چونچ پر (۳۴۰) ہندسے لکھے اور اس کے پاؤں کے نیچے یہ کلمہ (مم ولف) لکھ دے اگر نگین پر تیار نہ ہو سکے تو کاغذ پر سیاہی سے اس عمل کو تیار کر کے انگوٹھی میں زیر نگین

رکھے پر تاثیر ہوگا۔ جس کے پاس یہ انگشتری ہوگی اس سے عورتیں بہت محبت کریں گی۔

دیگر:

اگر بروز شکروار پوربا بھادر پد نچھتر میں صبح کے وقت ایک سفید کاغذ پر مطلوب کی تصویر بنائے اور بوقت عمل لوبان اور عطر وغیرہ کا بخور دے اور گوشۂ تنہائی میں بیٹھ کر اس تصویر کے گرد یک صد حروف (ق) لکھ دے اور پھر اس فرضی تصویر کے سینہ پر نام طالب کا لکھ کر کانکا نچھتر میں بوقت صبح اس کاغذ کو جنگل میں کسی درخت سے باندھ دے تاکہ وہ ہوا سے ہلتا رہے تو مطلوب طالب کی محبت میں خود بےقرار و بےآرام ہو جائے گا۔

دیگر:

اگر اس نقش کو چاندی کی انگوٹھی پر جمعہ کے روز نیک ساعت میں کندہ کر کے وہ انگوٹھی اس وقت دست راست میں پہنے تو ترقی رزق کیلئے نہایت مفید ہے۔ نقش یہ ہے:



دیگر:

اگر جمعہ کے دن اترا بھادر پد نچھتر میں بوقت شب ۱۲ بجے سنگ یشب کی تختی پر اپنے اور اپنی ماں کے نام کے عدد ملا کر انہیں ایک ہزار ایک سو (۱۱۰۰) اور اضافہ کرے اس کے بعد ان اعداد کے باقاعدہ ابجد حروف بنائے۔ پھر ان حروف کو چاندی پر کندہ کرا کر اپنے داہنے ہاتھ کے بازو پر باندھے تو ان شاء اللہ تعالیٰ کشائش رزق کمال ہو۔

دیگر:

اگر جمعرات کے روز کرتکا نچھتر میں پورنماشی کو بساعت عطارد اپنے اور اپنی ماں کے نام کے عدد نکال کر انہیں بہتر (۷۲) عدد اور اضافہ کر کے بعد ان میں سے تیس ۳۰ عدد

نکال ڈالے اس کے بعد باقی ماندہ اعداد کو چار پر تقسیم کرے حاصل قیمت جو کچھ ہو اس سے شروع کر کے نقش اس چال سے پر کرے۔ بعد اگر کسی جن کا بخور دیکر اپنے بازوئے راست پر باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ترقی دولت اور بلند مرتبہ روز بروز زیادہ ہو۔

نقش مربع اس چال سے پر کرے۔

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

دیگر:

اگر یک چھتر میں شیر کی پیشانی کا چمڑہ جو آدمی اپنی پگڑی یا ٹوپی میں رکھ کر جہاں جائے عزت پائے۔

دیگر:

جب زہرہ راجع ہو پارہ حریر سیاہ لے کر اس پر تصویر کسی جانور پرندگی بنائے اور اس کا اور اس کی ماں کا نام لکھے اور نیچے اس کے یہ حروف لکھے جو ذیل میں درج ہیں اور عود اور لوبان کا بخور کرے اور تین شب مقابل زہرہ کے بخور کرے۔ اگر زہرہ طالع دور نہ مقابل قمر کے بخور کرے بعد اس پارہ حریر کو بازوئے راست پر باندھے مطلوب مسخر ہو اور کمال محبت سے پیش آئے اور ہمیشہ فرمانبردار رہے عامل کو چاہیے کہ اس عمل کو صحیح وقت نہایت ہوشیاری سے ٹھیک ٹھیک وقت پر بنا کر تیار کرے۔

شبیہ عمل یہ ہے:

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر





دیگر:

اگر کسی شخص کو اپنی طرف متوجہ کرنا چاہو تو بروز شکروار اسی چھتر میں سفید مرغی کا انڈا لیکر اس کی آلائش صاف کرے اور ٹکڑا کاغذ کا لیکر اس کے درمیان میں نام مطلوب کا لکھ کر اس کے گرد چالیس ۴۰ حروف (میم) کے لکھ دے اور اس وقت اس کاغذ کو اس انڈے میں بند کر دے اور منہ انڈے کا موم سے بند کر کے پھر اس انڈے کو حفاظت سے آگ میں بند کرے مگر ایسا کہ وہ جلنے نہ پائے۔ پھر گرمی اس کو پہنچتی رہے سات روز کے بعد تاثیر ظاہر ہو جائے گی۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر: 8

برائے محبت

اگر بروز ہفتہ کرکا چھتر میں ایک نقل پر جو کہ گھوڑے کا ہو پچاس ۵۰ (ن) لکھے

اور اس کے بعد نام طالب معہ ولدیت اور نام مطلوب معہ ولدیت لکھ کر اور اس نقل کو ایک دن اور ایک رات آگ میں رکھے تو محبوب تابعدار ہو نام اس طرح لکھے۔

(الحب فلاں بن فلاں علٰے حب فلاں بن فلاں)

دیگر:

اگر سوموار کے دن آردورا بختر میں صبح کے وقت قریب طلوع آفتاب کے ایک سیاہ ریشمی ٹکڑے پر کبوتر کی شکل بنائے اور اپنا اور اپنی محبوب کا نام معہ ولدیت کے لکھے اور اس کے نیچے

مـــــہ عـــہ مـــہ ا

یہ طلسم لکھے اور عود لوبان کا بخور کریں اور تین شب چاندی میں رکھے بعد اس کو بازو دے راست پر باندھے۔ تو محبوب مسخر ہوئے۔

الحب فلاں بن فلاں علٰے حب

فلاں بن فلاں

مـــہ عـــہ ۴ مـــہ I

دیگر:

اس عزیمت کو لکھ کر اور لوبان کی دھونی یعنی بخور دیکر بازو دے راست پر باندھے سے محبت زیادہ ہو اور لوگ اس کو مہربانی اور محبت کی نظر سے دیکھیں اگر اس عزیمت کو شیرینی

پر لکھ کر مطلوب کو وہ شیرینی کھلائے تو محبت زیادہ ہو مگر شیرینی کو کچھ مختصر میں کھلائے۔

عزیمت یہ ہے:



☆

کنجینہ طلسم نمبر 9:

برائے بلندی مرتبہ

جب

قمر جدی یا دلو میں ناظر زحل ہو اور نظر بھی سعد ہو سنگ رنج کے نگینہ پر دوشنبہ کے دن صورت مرد کی استادہ اسطور پر بنائے کہ دونوں ہاتھ اٹھائے ہوئے اور دست راست میں ماہی (مچھلی) اور دست چپ میں حربہ اور پیر کے نیچے جانور سوسمار یعنی (گوہ) کی تصویر ہو اس نگینہ کو شیشہ کی انگوٹھی پر نصب کر دے اور نگینہ کے نیچے قدرے ایلوا یا رسوت رکھے اور جب چاہے اسی ساعت میں اس کو انگلی میں پہن لیں قدر اور مرتبہ اس کا زیادہ ہوگا اور ایذا رسانی خلق اور کاٹنے والے حشرات الارض سے محفوظ رہے گا۔ بشرطیکہ لباس سیاہ نہ پہنے اور اونٹ پر سوار نہ ہو اور سانپ کو اپنے ہاتھ سے نہ مارے ورنہ تاثیر جاتی رہے گی۔

☆

www.freeamliyatbookspot.com

گنجینہ طلسم نمبر:10

برائے تکلیف دشمن

اگر وقمر چھانگنی بروز بدھ وار اس پچھتر میں دشمن کا نام اور اس کی ماں کے نام کے عدد نکال کر اس میں (۳۰۶) عدد اور ملائے اور سب کو جمع کر کے اس میں سے (۱۲) عدد کم کرے اور باقی ماندہ اعداد کو (۳) سے تقسیم کر کے جو حاصل قیمت ہو اس سے شروع کر کے نقش مثلث ذیل اس چال سے بھر دے پھر اس کو آگ میں دفن کر دے تا کہ اس کو گرمی پہنچے تو دشمن کو سخت تکلیف ہو مگر خیال رہے کہ نقش جلنے نہ پائے۔ نقش مثلث یہ ہے:

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

☆

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

گنجینہ طلسم نمبر:11

دربیان منتر و دیا

برائے محبت:

اول اپنی راس کو دیکھئے پھر اسکے متعلق جو سیارہ ہو اس کی ساعت میں بوقت شب جمعہ کے روز کیلوں کے بن میں جا کر ایک حلقہ کھینچے اور اس کے اندر بیٹھ جائے پھر آٹے کا چراغ بنا کر اس میں تیل اور قدرے سیندور ڈال کر روشن کرے اور اپنے سامنے رکھے اور مندرجہ ذیل منتر کو پانچ ہزار مرتبہ پڑھے بعدہ ایک بیڑے پر (جو کہ اپنے ہمراہ لیجانا ضروری ہے) دم کرے یعنی تین مرتبہ پھونک مارے اسی طرح پر تین روز برابر عمل کر کے بیڑے مذکور پر دم کرتا رہے۔ پھر مختصر میں جس کو وہ بیڑا کھلائے وہ ہی تابعدار بنجائے۔ منتر یہ ہے:

اوم نمو بھگوتی گنگا کالی کالی اموکہ

مم بس سواھا

نوٹ: عامل کو چاہیے کہ بجائے لفظ اموکہ کے نام مطلوب کا معہ والدہ کے لے

☆......

گنجینہ طلسم نمبر:12

برائے تکلیف

بروز ہار یا اتوار بروقت نیم سب بر چاہ ایستادہ این اسم را بخواند چون مثل ستارہ آسمان از سوئے آسمان انگار روشن سوز بر دوک جانور سہ اسم مذکور دم کردے بر نام زن مطلوب در لیموں آن دوک را اندرون نماید لیکن ان دوک از لیمون بدر نشود درمیان ماند آن وقت اودن مطلوبہ خون اجرائے خواہد شد بہ وقت بدر نمودن دوک مذکور از لیمون زن را فوراً آرام خواہد گردید۔ لازم است کہ این عمل را بوقت قمر در عقرب عمل آرد و اسم این ست۔

نرنجن ترنجن بھنور ترنج تارم تارا ٹوٹے
زن فلاں بنت فلاں کا پیر چھوٹے

دیگر:

لائے پنج برگ تنبول معہ مصالح اور بروقت نیم شب بروز شنبہ یا یکشنبہ دریا میں نہا کر جس کپڑے سے نہائے اسی کپڑے میں بلا نچوڑے اس کپڑے کے تھاکر دوارہ میں جہاں ایک سنگ سیدھا کھڑا رہتا ہے۔ یعنی (لنگ مہادیو) وہاں پر آئے اور ہفت بار یہ اسم پڑھ کر اور پنج برگ تنبول کے دم کرے اور سات بار اس پتھر مذکورہ پر سے اتارے اور سات بار گوگل کی دھونی دے لیکن اس ترکیب سے کہ ایک مرتبہ اس پر پڑھ کر پنج برگ تنبول پر دم کرے اور ایک ہی بار پتھر کے اوپر کو پھیرے اور ایک ہی مرتبہ گوگل کی دھونی دے اسی طرح سے سات بار پورے کرے اور بعد ازاں اسی طور اس کپڑے میں بلا نچوڑے یعنی لنگی اور باقی بدن برہنہ ہو اس وقت شوالہ (مندر) وغیرہ سے اٹھ کر وہ پنج برگ تنبول کھاتا ہوا فوراً زن مطلوبہ کے دروازہ پر آئے۔ لیکن کسی سے راہ میں گفتگو نہ کرے اور نہ پیک پان کی خود کھائے لیکن وہ پیک پان کی جس قدر ہو منہ میں جمع رکھے اور دروازہ پر آ کر وہ پیک پان کی دروازہ زن مطلوبہ کے ایک طرف سے دوسری طرف تک ڈال دے کہ لکیر ہو جائے اور کسی طرف سے چوکھٹ خالی نہ رہے اور نہ وہ لکیر درمیان سے ٹوٹی ہوئی ہو بڑے حفاظت اور ہوشیاری سے یہ کام کرے اور پھر اپنے مکان پر چلا آئے اور اس پان کو جو تمہارے منہ میں باقی موجود ہے منہ سے نکال کر بڑی حفاظت سے رکھ لے یہ پان گم نہ ہو جائے اس کی بڑی حفاظت ہو اور پھر تمام کام کرنے کے بعد کپڑے وغیرہ پہن کر جو چاہے کرے اور جس سے چاہے بولے۔ پس جس وقت زن مطلوبہ اس پیک کے اوپر سے گزرے گی یعنی جائے گی۔ یا آئے گی اس وقت مطلوبہ کا پیر چھوٹ جائے گا اور خون جاری ہوگا لیکن سوائے زن مطلوبہ کے اور کسی زن وغیرہ کو ہرگز تکلیف نہ ہوگی اور نہ کوئی خطرہ ہوگا۔ اور جب یہ چاہے کہ زن مطلوبہ کو آرام ہو جائے۔ تو اس وقت باقی ماندہ پان کو یعنی اس پان کو جو کہ تم نے اپنے منہ سے نکال کر حفاظت سے رکھا ہے۔ درمیان دیگر برگ تنبول کے رکھ کر اس زن مطلوبہ کو کھلا

دے تو انشاء اللہ اس کو آرام ہو جائے گا۔ مگر اس عمل کو قمر در عقرب میں کرے۔ منتر یہ ہے:

اڑ سپاری بھڈہ پان کتھا چونہ مری مسان اوندھی کھوپڑی اولٹا گیان اس عورت کی پکار چلے دوھائی تیری اوستاد کی دوھائی تیری گور کی گور سختی میری بھرتی بھرے منت تیری بات سری راس

دیگر:



بروز سنیچر یا اتوار کے دس بجے رات کو دریا پر جائے اور دریا کے کنارہ دست راست میں سکی کا ٹکڑا اور دست چپ میں لیموں لے کر کھڑا ہوئے اور مندرجہ ذیل اسم کو

پڑھنا شروع کرے اور اپنی نگاہ آسمان کی طرف رکھے جس وقت آسمان سے ستارہ ٹوٹے فوراً اسم کو نکلے کی اوپر دم کرا کے اس لیموں کی اندر سوراخ کر دے مگر خیال رہے کہ وہ نکلا لیموں سے پار نہ ہو جائے اور اس وقت زن مطلوب کا پیر چھوٹ جائے گا اور خون اجراء ہو جائے گا اور جس وقت وہ نکلا لیموں سینکال دیا جائے گا تو اس زن مطلوبہ کو آرام ہو جائے گا مگر اس عمل کو قمر در عقرب میں کرے۔ (وہ اسم یہ ہے)

کالا کملا مہابھاری سوسن ستارہ ٹوٹے
اوس عورت کا پیر چھوٹے

☆........☆........

گنجینہ طلسم نمبر:13

دربیان خرابی و مغلوبی دشمنان وعداوت درمحبان

☆☆ ☆☆

برائے خرابی دشمنان:

اگر منگل کے روز زاغ کا آشیانہ لا کر جلائے اور اس کی راکھ کو بشاکھ نچھتر میں دشمن کے گھر میں ڈالے تو وہ حیران اور پریشان رہے گا۔

دیگر:

اگر سنیچر کے دن بروز اماوش بوقت قمر در عقرب کے جانور لنگور کی کھوپڑی پر دشمن کا نام لکھ کر اس کھوپڑی کو چوراہے میں دفن کرے تو دشمن آوارہ و سرگرداں ہوگا۔

دیگر:

اگر اماوش کے دن بروز منگل جبکہ قمر برچھک راسی میں ہو سیاہ کتے کی آنکھ دشمن کے گھر میں دفن کرے تو وہ مکان جلد ویران ہو جائے گا۔ اور دشمن کو تکلیف پہنچے گی۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
www.facebook.com/groups/freeamliyaat

دیگر:

اگر بوقت قمر و عقرب جانور کی چونچ سے اماوش کو جبکہ منگل کو روز ہو جانور باز کے پوست پر سیاہی سے دشمن کا نام لکھ کر ویرانہ میں دفن کرے تو دشمن جلد آوارہ اور خراب ہو جائے گا۔

دیگر:

اگر بروز دسہرہ جس روز کہ کہ راون کو جلاتے ہیں اس میں سے جلتے وقت ایک لکڑی لائے جو کہ بانس وغیرہ کی ہوتی ہے۔ پھر بروز اتوار راشی نچھتر میں اس لکڑی کی میخ بنائے جو کہ تین انگل کی ہو اس میخ کو جس دشمن کے پاخانے کے درمیان گاڑ دیں تو دشمن کو رنج اور تکلیف ہوتا وقت کہ وہ اکھاڑی نہ جائے گی آرام نہ ملے گا۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:14

برائے مغلوبی دشمنان

اگر کوئی جماعت یا فرد محض دشمنی رکھتا ہو یا وہ بدی کرتا ہو تو جائے کہ پورباکھا نچھتر میں اتوار کے دن ایک سیسہ کی تختی اور ایک سلاخ آہنی نوکدار بنائے بعدازاں پک نچھتر میں آب رواں یا پانی کے کنارے پر مشرق کی طرف رخ کر کے اس تختی پر گول دائرہ اس نوکدار سلاخ سے بنائے اور دائرہ کے اندر فرد یا جماعت کا نام لکھئے اور اس کو اپنے پاس رکھے تو دشمن مغلوب رہے گا برائے مغلوبی دشمنان کے نہایت مفید اور مجرب ہے۔

دیگر:

اگر پک نچھتر میں جمعہ کے روز چیل کی آنکھ کا تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھو تو حاسدوں کے شر سے محفوظ رہے اور اس کے دشمن مغلوب ہوں۔

☆

برائے عداوت محبان

اگر منگل کے روز بوقت قمر کر عقرب درمیان دو دوستوں کے جانور کوے اور الو کی بائیں آنکھوں کا دھواں کریں تو دونوں میں عداوت اور سخت دشمنی ہو جائے گی۔

دیگر:

اگر بروز منگل وار آماوش کو مرگشر لیا ہر چھک نچھتر (یعنی قمر در عقرب) میں دوپہر کے وقت جن دو آدمیوں میں لڑائی کرانا منظور ہو تو ان دونوں کا نام اور ان دونوں کی ماں کا نام لکھوا وران کی عدد نکال کر انہیں (۱۳۱۲) عدد اور اضافہ کرے پھر سب کو جمع کر کے ایک لوہے کی تختی پر کندہ کرے پھر اس کی چاروں کونوں پہ چار بچھو اور چاروں طرف حاشیہ پر چار سانپ بنائے بعد اس تختی کو آگ میں ڈال دے اور چوبیس گھنٹہ تک آگ میں رکھے اس درمیان میں دونوں میں خواہ کیسی ہی دوستی کیوں نہ ہو باہم فساد اور لڑائی ہو جائے گی بلکہ ہمیشہ کیلئے باہم ایک دوسرے کا جانی دشمن ہو جائے گا۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر 15

برائے مخالفت و دشمنی

اگر کسی جماعت یا دو دوستوں میں تفرقہ ڈالنا منظور ہو تو یہ طلسم تیار کرے چند روز میں ان کے درمیان بدمزگی اور تفرقہ ہو جائے گا بلکہ ایک دوسرے کا جانی دشمن بن جائے گا۔ پس چاہیے کہ بروز منگل وار مرگ ا نچھتر میں قدرے خاک چوراہے کی اور قدرے خاک خرگاہ اور قدرے خاک مکان ویران اور قدرے خاک قبر کی لائے بعد ازاں انرادھا نچھتر میں دوپہر کے وقت اس مٹی کو باہم ملائے اور پانی ڈال کر گوندھے پھر اس مٹی کی ایک گول ٹکیہ بنائے اور اس پر دو تصویریں کھینچے اور ان دونوں تصویروں کے درمیان میں ایک تصویر اس طرح بنائے کہ اس کا ایک ہاتھ ایک تصویر کے گلے میں اور دوسرا ہاتھ دوسری تصویر کے

گردن میں پڑا ہو۔ پھر ان تصویروں میں درمیان کی تصویر کے دست راست پر یہ کلمہ (جرطا) لکھ دے اور دست چپ پر یہ کلمہ (زقاعیا) لکھ دے۔ بعد اس تکیہ کو کسی ویران جگہ میں دفن کرے۔ حکماء قدیم کا قول ہے کہ اس طلسم کی تاثیر بہت جلد ظہور میں آئے گی ان کے درمیان سخت مخالفت اور دشمنی پیدا ہو جائے گی اور ایک دوسرے کا جانی دشمن بن جائے گا۔

شبیہ طلسم یہ ہے:



☆

گنجینہ طلسم نمبر:16

برائے عداوت

جب زحل جدی میں پانچ درجہ پر پہنچے اور قمر اس کے متصل ہو دو درم اشق اور دو دانگ جعدہ اور دو درم افق انگیٹھی لے کر سطح بلند پر جائے اور پا جامہ کو کو گردش دے اور ان

ادویہ کو انگیٹھی پر ڈالے اور بخور کرے جب ان کا دخان بلند ہو اس وقت سات مرتبہ اس
طلسم کو پڑھے اور اپنے دل میں جدائی و عداوت طالب و مطلوب کا خیال رکھے بعد پڑھنے
سات بار کے کہ یہ آپ اپنی جگہ سے جنبش نہ کرے حتی کہ ان دونوں میں مفارقت ہو جائے۔
چاہیے یہ کہ اول ایک خبردار مقرر کرے تاکہ وہ ان کی جدائی اور لڑائی و عداوت کی خبر سنائے۔
پس جب خبر جدائی وغیرہ کی سن لے اس وقت واپس چلا آئے اس عمل کو کرنے کیلئے جب
اپنی مکان سے چلے تو راستہ میں کسی سے گفتگو نہ کرے۔ پس ان کے درمیان ایسی عداوت
ہوگی کہ پھر کبھی باہم ہر دو آدمی محبت نہ کریں گے۔ طلسم یہ ہے:

اھنو جیا ھو شیاھر توتیا اگر بدی اگر بدی توث توث ھوث
ھوث یا ارواح الحلف طیرات بحق ھوتا توتا آھوتا شاھبا
الاان تجعلہ عداوۃ بین فلاں بن فلاں و بین فلاں بن فلاں

شبیہ طلسم یہ ہے:

کنجینہ طلسم نمبر: 17

در بیان محفوظ شدن از زخم شمشیر و جادو و نیز از نظر بد و گزندہ جانوان سحرائی وغیرہ

برائے نظر بد:

اگر یکہ مشتری میں ہاتھی کی لید بوزن نو ماشہ لیکر تعویذ بنائے اور بچے کے گلے میں باندھے تو بچہ نظر بد سے محفوظ رہے گا۔

دیگر:

اگر یکہ مشتری میں بروز جمعہ یا بدھ یا پیر کے روز ذبح کئے ہوئے جانور مور کی ہڈی بچے کے گلے میں باندھے تو بچہ نظر بد سے محفوظ اور امن وامان میں رہے گا۔

دیگر:

اگر یکہ مشتری میں بلی کی آنکھیں لیکر اور اس کا تعویذ بنا کر بچے کے گلے میں ڈالے تو بچہ نظر بد و نیز آسیب سے محفوظ رہے گا۔

☆

کنجینہ طلسم نمبر: 18

برائے حفاظت گزندہ جانوراں

اگر یکہ مشتری میں بارہ سنگا کے ناخن کو لیکر تعویذ بنائیں اور اپنے داہنے ہاتھ کی بازو پر باندھے تو گزندہ جانوران کا خوف دور ہو جائے بلکہ اس کو زہر کا بھی ہرگز اثر نہ ہوگا۔

☆

www.freeamliyaatbookspdf.com
www.facebook.com/groups/freeamliyaat
عملیات
FREE AMLIYAAT BOOKS

گنجینہ طلسم نمبر:19

در بیان حفاظت زر و مال حصول مقاصد و فتح یابی بر دشمنان و دفعیہ امراض وبائی وغیرہ

برائے فتح یابی بر دشمنان:

اگر بروز منگل اور ساعت مریخ میں ایک ٹکڑا فولاد بشکل مثلث بنائے اور انراد یا پنجم میں اس ٹکڑے کو زیر آتش دفن کر کے اور بوقت غروب آفتاب کے اس ٹکڑے کو آگ سے نکال لے اور پھر اتوار بعد روز پنجم میں اس ٹکڑے پر ایک تصویر مرد جوان کی بنا کر اس کے ہاتھ میں تلوار پکڑائے اور اس کے مقابل میں دوسری تصویر کی پیٹھ موڑے ہوئے بھاگتا ہوا بنائے اور تیسری تصویر مرد کی جس کا سر تن سے جدا ہو بنائے اور پھر ان تصویرات پر طلسم کے حروف اس طرح کندہ کرے کہ جو مرد تلوار ہاتھ میں لئے کھڑا ہے۔ اس کے سر پر (۶۹۳) عدد لکھ دے اور اس کی تلوار کی دھار پر یہ کلمہ (ششفففغ سخ) کندہ کر دے۔ اور دوسری تصویر کے سر پر اعداد (۲۶۵۳) لکھ دے اور اس کی پیٹھ پر یہ کلمہ (ثخ) کندہ کر دے پس جس وقت یہ طلسم تیار ہو جائے اس کو ایک ہنڈیا میں بند کر کے زمین میں اس وقت دفن کر دے بعدہ آئندہ پنجم میں نکال کر اپنے پاس جس طرح سے مناسب سمجھے رکھے اور اگر فولادی ٹکڑے پر بنانا مشکل ہو تو کاغذ سفید پر یہ طلسم بنا کر فولادی انگشتری میں رکھ کر اسکے اوپر سرخ نگینہ جڑوائے اور پہنے جو شخص وقت مقررہ پر اس طلسم کو بنا کر اپنے استعمال میں لائے گا تو وہ ہر مہم میں فتح و نصرت پائے گا اور لوگ اس سے خوف کھائیں گے اور کوئی شخص اس کے مقابلہ کی تاب نہ لائے گا۔

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

شبیہ طلسم یہ ہے:



☆

گنجینہ طلسم نمبر:20

برائے حفاظت زر و مال

اگر بروز سنیچر بس پنجشتر میں ایک لوح مسی پر ایک تصویر مرد کی بنائے جو کہ پہاڑ پر

کھڑا ہو اور اس کی داہنی ہاتھ میں برہنہ تلوار ہو اور بوقت عمل صندل اور زعفران کا بخور روشن کرے اور اس تلوار کی دھار پر یہ حروف کندہ کرے (ف ای م دن و) اور تصویر کے سر پہ کلمہ (اگر کمائیل) کندہ کرے اور ایک ہفتہ تک اس لوح مسی کو مقابل آفتاب کے دن کو رکھے اور بعد ازاں اشنی پتھر اس لوح مسی کو جہاں روپیہ وغیرہ رکھنے کی جگہ ہو اس مکان کو درمیان میں گاڑ دے اس طلسم کی تاثیر سے جو مال وہاں رکھا جائے گا۔ ہرگز نقصان نہ بلکہ مال زیادہ ترقی کرے گا۔ شبیہ طلسم یہ ہے:

☆

گنجینہ طلسم نمبر: 21

برائے حصول مقاصد

جب چہار شنبہ کے دن قمر سنبلہ میں ہو اور ساعت بھی سعید ہو۔ نگینہ سنگ رخام کا لے کر اس پر صورت مرد کی اس طور بنائے کہ پوشاک اچھی پہنے ہو اور داہنے ہاتھ میں کوئی شاخ اور بائیں ہاتھ میں ظروف گلی اور پہلو میں اس کے کوئی جانور ہو کہ تاج مثل تاج مرغ کے منقوش ہو اور اس کے قدم کے نیچے چشمہ آب جاری ہو اور داہنی طرف اس صورت کے یہ حروف (ووہ) لکھے بعد ازاں اس نگینہ کو سیسہ کی انگوٹھی پر نصب کرے اور پہنے تو وہ شخص جس اشیاء کی خواہش کرے گا وہ اس کو حاصل ہوگی۔ بشرطیکہ جھوٹ نہ بولے اور حمام میں نہ جائے اور قضائے حاجت بایستادگی نہ کرے اور چنا نہ کھائے۔ پس ہو جب پابندی شرائط مندرجہ بالا کے جب چاہے آزمائش کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ یہ طلسم تیر بہدف ہوگا۔ شبیہ طلسم یہ ہے:

گنجینہ طلسم نمبر:22

برائے حصول مقاصد وعزیز خلائق

جبکہ بروز اتوار قمر برج اس میں آفتاب کا ناظر ہوئے تو پارہ سنگ شنادرج لے کر
اس پر صورت مرد کی اس طور بنائے کہ اس کی داہنی ہاتھ میں تازیانہ اور بائیں ہاتھ میں آدھا

نیزہ اوراس کے قدم کے نیچے صورت چرواہے کی ہو اس نگینہ کو سونے کی انگشتری پر نصب کرے اور نگینہ کے نیچے قدرے زہرہ فیل رکھے اور بروز سنیچر قبل طلوع آفتاب کے انگشتری مذکور کو پہنے ۔ پس جس کے پاس یہ اپنی کوئی حاجت لیکر جائے گا حاجت روا ہو گی اور چشم خلائق میں عزیز ہو گا۔

بشرطیکہ گوشت اسپ کا نہ کھائے اور پانی کے چشمہ میں نہ نہائے اور زن میرد میں اور کرنجی سے مجامعت نہ کرے ورنہ تاثیر نہ رہے گی۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:23

برائے دفعہ امراض وبائی

یہ طلسم واسطے فائدہ عام کے نہایت عمدہ اور پرتاثیر ہے اور اس کے تیار کرنے میں کچھ بھی وقت نہیں۔ چاہیے کہ بروز سنیچر شروع چھتر میں ایک تانبے کی تختی چار انچ مربع لیکر اس پر ایک گھوڑے کی فرضی تصویر جس کے اوپر ایک مرد ہاتھ میں نیزہ لئے ہوئے سوار ہو کندہ کرے۔ پھر اس نیزے کی نوک کے زیریں یعنی نیچے کی نوک کے زیریں یہ کلمہ (جذکس قشلا) کندے کرے اور گھوڑے کے منہ پر یہ کلمہ (معلکغ) اور آدمی سوار کے منہ پر یہ کلمہ (للطط) کندہ کرے۔ بعد اس طلسم کو تیار کر کے (۲۷) ستائیس روز تک زمین میں گاڑے رکھے۔ بعد ستائیس روز کے اس کو نکال کر اپنے پاس رکھے۔ پس جس جگہ قصبہ یا شہر یا مکان میں مرض وبائی کو اس طلسم کو گاڑ دے قدرت ایزدی سے سات روز میں مرض وبائی وہاں سے دور ہو جائے گی اور آئندہ کو بھی حفاظت رہے گی۔ شبیہ طلسم یہ ہے:

☆

گنجینہ طلسم نمبر:24

برائے امراض سوداوی وفساد خون وتپ لرزہ

اگر بروز چہار شنبہ کو بشاکھا چھتر میں ایک سیسہ کی تختی پر اپنے نام کے عدد نکال کر ان میں ۳۳ عدد زیادہ کرے اور پھر تین سے تقسیم کر کے حاصل شدہ قیمت سے شروع کر کے نقش مندرجہ ذیل کو بھر دے اور پھر اس کو صندل سرخ کا بخور دیکر داہنی بازو پر باندھے تو امراض مندرجہ بالا سے نجات پائے۔ نقش یہ ہے:

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

☆

گنجینہ طلسم نمبر:25

برائے حصول مقاصد

اگر جانور ہدہد کو بروز جمعہ اماوش کے دن یکھ پچھتر میں جس آدمی کا نام اسماعیل ہو اس کے مکان پر ذبح کر کے اس کے خون کو روغن میں ملا دے اور اپنے چہرے پر ملے۔ پھر جس کام کیلئے کہیں جائے۔ تو حاجت اس کی پوری ہو۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:26

www.freeamliyaat.blogspot.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

دربیان متفرقات عمل

بیمار پر صدقہ

بروز شنبہ:

کپڑا ہر رنگ سیاہ و دیگر سیاہ رنگ کی چیزیں مثل ماش اور تیل وغیرہ

بروز یکشنبہ:

کپڑا سفید پہنا ہوا دیگر سفید رنگ کی چیزیں مثل دودھ، دہی، چاول، چاندی وغیرہ

بروز دوشنبہ:

چاندی، مرغ سفید، سیندور

بروز سہ شنبہ:

کپڑا ہر رنگ سرخ، دھوتا سرخ، گل انار، گلاب سرخ و تیز مسور وغیرہ

جی سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

بروز چہار شنبہ:

روغن زرد، کپڑا بہ رنگ زرد، بیسن یا آرو ٹو زرد، پھول زرد چنبیلی وغیرہ

بروز پنج شنبہ:

مرغ بہ رنگ سرخ، سونا، کپڑا بہ رنگ سرخ، گل سرخ وغیرہ

بروز جمعہ:

جانور پرند، جانور چرند، نمک، تیل، کپڑا بہ رنگ سرخ و زرد

☆

گنجینہ طلسم نمبر: 27

برائے شفا امراض

اگر اس عزیمت کو لکھ کر بیمار کے گلے میں باندھے تو بیمار بحکم خدا شفا ہو۔

عزیمت یہ ہے:

☆

گنجینہ طلسم نمبر: 28

برائے بخار روزمرہ

اگر اس نقش کو لکھ کر بخار والے کے گلے میں باندھے تو بحکم خدا بیمار کو آرام ہو۔

نقش یہ ہے: خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر



دیگر:

اس عزیمت کو لکھ کر بخار والے کے داہنے ہاتھ کے بازو پر باندھے تو خدا چاہے آرام ہوگا۔ عزیمت یہ ہے:

دیگر:

گل نیلوفر کے اوپر چار پتے سبز ہوتے ہیں ان پتوں کو لیکر اور تین سیاہ مرچ ڈال کر اور پیس کر بخار کے آنے سے پہلے تین چار مرتبہ پی لیں۔ خدا چاہے بخار نہ آئے گا۔ ایک لائق حکیم کا قول ہے کہ یہ نسخہ نہایت ہی مجرب ہے بلکہ تیسرے اور چوتھے روز کے بخار کو بھی مفید ہے۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:29

برائے بخار تیا و چوتھیا

جس کو تیسرے دن یا چوتھے دن کا بخار آتا ہو تو اس کو لازم ہے کہ مندرجہ ذیل عزیمتوں کو لکھ کر اس طرح سے دست راست پر باندھے یعنی عزیمت نمبر ایک کو اول نمبر ا باری پر داہنے ہاتھ کے بازو کے اوپر اور عزیمت نمبر ۲ کو دوسری باری پر داہنے کی کہنی کے اوپر اور عزیمت نمبر ۳ کو تیسری باری پر داہنے ہاتھ کی کلائی کے اوپر باندھے اگر اول ہی روز کے

باندھنے سے بخار جاتا رہے یا زیادہ ہو جائے تو کچھ اندیشہ نہ کرے اور ہر سہ ۳ باری کے روز ہر سہ ۳ عزیمت کو موافق ترکیب مندرجہ بالا کے باندھنا لازم اور ضروری ہے اور ہر سہ ۳ باری کو ہر سہ ۳ عزیمت کو بخار کے آنے سے پہلے باندھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ بیمار کو آرام ہو جائے گا اور بعد آرام ہونے کے کچھ شیرنی بچوں کو تقسیم کرے اور ہر سہ ۳ عزیمت کو مٹی کے برتن کے کورے ٹکڑے پر لکھنا چاہیے اور اول عزیمت باندھنے کے بعد جب دوسری باندھے تو اول کو کھول دے اور پھر تیسری باندھنے کے بعد دوسری کو کھول دے۔ اور پھر تیسری عزیمت کو ایک ہفتہ کے بعد کھولنا لازم ہے جبکہ بخار سے آرام ہو جانے کا پورا پورا اطمینان ہو جائے اور جس عزیمت کو کھولے اسے فوراً دریا میں ڈال دیا کرے۔

عزیمت نمبر۱



عزیمت نمبر۲

عزیمت نمبر۳

☆

گنجینہ طلسم نمبر:30

برائے بخار چوتھیا

اگر کچھ چھتر میں بکرے کی ڈاڑھی کا بال لا کر چوتھے بخار والے کے داہنے ہاتھ کے بازو پر باندھے۔ تو خدا چاہے اس کو آرام ہو جائے اور آرام ہو جانے کے بعد کچھ شیرنی براہ خدا بچوں کو تقسیم کرے۔

گنجینہ طلسم نمبر:31

برائے آسانی ولادت

اگر گھوڑے کا سم بکرہ پتھتر میں لا کر اپنے گھر میں رکھے اور وقت ضرورت کے عورت کو دھونی دے تو خدا چاہے بچہ آسانی پیدا ہو جائے گا۔

دیگر:

اگر بکرہ پتھتر میں ذبح کئے ہوئے جانور سور کی ہڈی جو بائیں طرف کے جسم کی ہو دروزہ میں عورت کی ران کے اوپر باندھے تو انشاء اللہ تعالیٰ بچہ آسانی سے پیدا ہوگا اور کچھ تکلیف نہ ہوگی۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:32

نیند نہ آئے

اگر سنیچر کے دن جانور چمگادڑ کا سر لا کر کسی آدمی کے سرہانے رکھ دے تو اس کو ہرگز نیند نہ آئے گی۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:33

نیند آجائے

جس آدمی کو نیند نہ آتی ہو تو بروز منگل گدھے کا دانت لا کر اس کے سرہانے تکیہ کے نیچے رکھ دے تو اس کو فوراً نیند آجائے گی۔

☆

www.freeamliyatbookspdf.com
فری عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

گنجینہ طلسم نمبر: 34

برائے رفع گریہ اطفال

جو بچہ زیادہ روتا ہو تو اس عزیمت کو لکھ کر اس کے گلے میں ڈالے اور دھو کر بھی پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ زیادہ نہ روئے گا۔ عزیمت یہ ہے:

دیگر:

اگر اس نقش کو لکھ کر بچہ کی گلے میں ڈالے تو بچہ انشاء اللہ تعالیٰ زیادہ نہ روئے گا۔



www.freeamliyaatbooks.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

گنجینہ طلسم نمبر: 35

برائے خوف

اس نقش کو لکھ کر جو آدمی اپنے پاس رکھے اس کو خوف اور وحشت یعنی ڈر نہ لگے گا۔



دیگر:

اگر کوئی آدمی کچھ چھتر میں جانور بھیڑیے کی داہنی آنکھ لیکر اپنے پاس رکھے یا تعویذ بنا کر اپنے بازو راست پر باندھے تو وہ رات کو کسی جگہ نہ ڈرے گا اور نہ اس کو کسی طرح کا خوف اور دہشت معلوم ہوگی۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر: 36

برائے ماندگی سفر

اگر کوئی آدمی کچھ چھتر میں سوموار کے دن جانور گیدڑ کے پاؤں راست کا ناخن لے کر اپنے پاس رکھے تو وہ سفر میں ماندہ نہ ہوئے۔

دیگر:

اگر کچھ چھتر میں مرغ کا زہرہ لیکر اپنی کمر سے باندھے اور سفر کرے تو چلنے والا راہ سفر سے ماندہ نہ ہوگا۔

☆

www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks
FREE AMLIYAAT BOOKS

گنجینہ طلسم نمبر: 37

برائے آرام شدن زخم شمشیر

اتوار کے روز طالع وقت اسد یا ساعت شمس میں مدفونہ مردے کی [illegible] انی ہڈی لا کر زخم شمشیر پر سات مرتبہ پھیرے چند روز اسی طرح عمل کرنے سے بحکم [illegible] زخم شمشیر کو آرام ہو جائے گا بعدہ اس ہڈی کو جس جگہ سے لایا تھا اسی جگہ دفن کر آئے اور پیچھے پھر کر نہ دیکھے۔

جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

☆

گنجینہ طلسم نمبر:38

برائے رفع تنگدستی

اگر کوئی آدمی یکم جنتری میں بروز جمعہ کے جانور کوے کے داہنے پیر کا ناخن لے کر اپنی جیب میں ڈالے تو تنگدستی دور ہو۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:39

برائے قوت مردانگی

اگر مرغ کی پتھری جو مرغ کے شکم سے گندم نما اور بعض سفید رنگ کی نکلتی ہے اس کو جو شخص اپنے پاس رکھے قوت مردانگی زیادہ ہوگی۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:40

برائے غالب شدن بر مستورات

اگر بروز جمعہ اماوش کے دن یکم جنتری میں ہرن کی بائیں آنکھ کا تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھے تو وہ آدمی مستورات پر غالب رہے۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:41

برائے نیک اخلاقی

جو آدمی بد اخلاق ہوئے تو چاہیے کہ یکم جنتری میں بروز جمعہ اماوش کے دن ریچھ

کے چمڑے کا تعویذ بنا کر اس کے داہنے ہاتھ کے بازو پر باندھے۔ تو وہ نیک اخلاق ہو جائے۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:42

برائے دریافت حاصل

اگر بکہ پنجشنبہ میں سوموار کے دن مینڈک کی زبان لا کر سوئے ہوئے جس آدمی کے سینہ پر رکھے وہ سچ بات بیان کر دے گا۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:43

دن میں تارے دکھنا

اگست کے پھول کا رس نکال کر اس میں سفید سرمہ پیس کر آنکھوں میں لگا کر دوپہر کے وقت ایک برتن میں پانی بھرے پھر اس پانی میں غور سے دیکھئے۔ تو دن میں تارے نظر آئیں گے۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:44

مچھلیوں کا جال میں نہ آنا

اگر کر بکا پنجشنبہ میں تین انگل آگ (آکھ) کی لکڑی لے کر مچھلی والے جال میں ڈالے تو اس کے جال میں مچھلیاں نہ آئیں گی۔

از شاہ وچ ما نچسٹر

☆

گنجینہ طلسم نمبر:45

خراب ہونا آویکا

بڑتال اور درخت کرنجوا کے بیج دسہا کر سب کو مساوی وزن لے کر کمہار کے آوے میں ڈال دے تو آوا خراب ہو اور برتن ٹوٹ جائیں۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:46

مویشیاں دودھ کم دیں

اتراد ما پختر میں درخت جامن کی آٹھ انگل لکڑی لے کر گوجروں کے گھر میں گاڑ دے تو انکی گائے دودھ بہت کم دے گی۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:47

برائی لڑائی و جھگڑا

اگر بروز ہار یا اتوار راشنی پختر میں جہاں پر گدھا لوٹ رہا ہو وہاں کی خاک ایک مشت اٹھا کر جس کے گھر میں ڈال دے تو وہاں کے رہنے والوں میں باہم سخت لڑائی اور جھگڑا پیدا ہو جائے۔

دیگر:

اگر منگل کے اماوس کے دن سیاہ مرغ کی بیٹھ کسی دشمن کے دروازہ پر لگا دے تو وہاں کے رہنے والوں میں باہم دشمنی ہو کر لڑائی و جھگڑے ہوا کریں۔

دیگر:

اگر بروز سنیچر اماوش کے دن قمر ہر چھک راشی میں ہو گیدڑ کی زبان کسی دشمن کے گھر میں دلیز کے درمیان میں گاڑھ دے تو وہاں کے رہنے والوں میں باہم فساد ہو اور ایک دوسرے کا جانی دشمن ہو جائے۔

دیگر:

بروز بدھوار بشا کھا نچھتر میں دن نکلنے سے پہلے برہنہ ہو کر درخت نیب کی جڑ اوکھاڑ لائے پھر اس کو مولا نچھتر میں اس کی میخ بنا کر دشمن کے گھر میں گاڑھ دے۔ پس اس گھر کے رہنے والوں میں لڑائی جھگڑے ہر وقت ہوگا۔ جب تک وہ میخ وہاں سے اکھاڑی نہ جائے گی تب تک لڑائی بند نہ ہو گی۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:48

برائے اچاٹن

اگر بروز اتوار راشی نچھتر میں درخت پیپل کی لکڑی کی میخ دس انگل کی لا کر کسی کے گھر میں گاڑھ دے تو اس گھر کے رہنے والوں میں اچاٹ رہے گا اور ان کی طبیعت پریشان ہو ہر دم ان کو بے کلی رہے۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:49

برائے اچاٹن والڑائی

اگر بروز اتوار راشی نچھتر میں درخت نیب کے اوپر چڑھ کر اس کی شاخ کو کاٹ لیں اور اسی جگہ درخت پر بیٹھا ہوا شاخ مذکور سے ایک میخ سات انگل کی بنا کر لائے اور اسی

روز کسی دشمن کے گھر میں گاڑ دے تو وہاں کے رہنے والوں میں اچاٹن اور لڑائی ہوئے۔

گنجینہ طلسم نمبر:50

برائے فراری مار

اگر بدھوار کے روز اشنی نچھتر میں شام کے وقت یعنی بوقت مغرب کے مٹی کے ٹوٹے ہوئے کورے برتن پر سانپ کی تصویر بنائے اور یہ تین حروف (ب س ق) اس کے تین کونوں پر لکھ کر چوتھے کونے پر اپنے نام کا پہلا حروف لکھ دے پس جس گھر میں وہ دفن کیا جائے گا تو وہاں سے سانپ بھاگ جائیں گے۔ شبیہ یہ ہے:

گنجینہ طلسم نمبر:51

برائے اطاعت مخلوق

گو کہ یہ طلسم بادشاہان والاشان کیلئے ہے حکماء لوگ تیار کرتے ہیں۔ تاکہ مخلوق ان کی اطاعت میں رہے مگر عام لوگ بھی اس نادر طلسم سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/

چاہیے کہ بروز شکر وار بھرنی نچھتر میں ایک نگینہ زرد رنگ کا لے کر اس پر ایک تصویر آدمی کی جو کہ برجستہ کھڑا ہو اور اس کے دست راست میں تلوار ہو اور تلوار کی دھار پر مساوی فاصلے سے یہ حروف (ط ز ہ ج ا) کندہ کرے۔ پھر اس نگینہ کو انگشتری طلائی میں نصب

زہرہ میں روز اس انگشتری مذکور کو اپنے داہنے ہاتھ میں پہن لے تو ہر ایک آدمی اس کا مطیع رہے گا۔ مگر یہ خیال رہے کہ انگوٹھی کو پہن کر کسی جانور کو نہ مارے اور نہ ہاتھ میں لے کر مارے ورنہ تاثیر جاتی رہے گی۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:52

برائے مستجاب الدعوات

شبیہ طلسم:

www.freeamliyaatbookspdf.com

جب بروز پنج شنبہ کے قمر حوت یا قوس میں مشتری کا ناظر ہوئے۔ ساعت مشتری دوم میں پارہ بلور لے کر اس پر صورت ایک مرد کی لباس بلورین پہنے ہوئے کرسی پر بیٹھا ہاتھ میں کسی درخت کی شاخ لئے ہوئے بنائے اور اس صورت کے نیچے یہ حروف (سب ک ح ا ل) لکھے بعد ازاں اس پارہ بلور کو سیسہ کی انگشتری میں نصب کرے اور اس کے نیچے قدرے کافور بھی رکھے بعد پنج شنبہ کے دن قبل از طلوع آفتاب انگلی میں پہن کر جو دعا مانگے خدا چاہے وہ مستجاب ہوگی اور ہم چشموں میں وہ محبوب اور سرخرو ہوگا۔

بشرطیکہ لباس سفید پہنے اور مچھلی اور جو نہ کھائے اور بلوط اور مسکا استعمال نہ کرے ورنہ تاثیر جاتی رہے گی۔

www.freeamliyaatbookspdf.com

گنجینہ طلسم نمبر:53

برائے درستی حافظہ وتمنائے دل

اگر بروز بدھوار پورا یا گنی پتھر میں سنگ لاجورد یا چاندی کے ٹکڑے پر بوقت مشتری ایک تصویر مرد کی بنائے جو کہ اچھا لباس پہنے ہو۔ اور اس کے داہنے ہاتھ میں ایک شاخ میوہ دار درخت کی ہو اور بائیں ہاتھ میں ایک آبخورہ گلی اور بائیں پسلی سے ملا ہوا ایک مرغ اور زیر قدم اشجار اور چشمہ ہووے اور دائیں طرف یہ حروف کندہ کرے۔

(دہ ہ ہ) پھر اس نگینہ کو سیسہ کی انگوٹھی پر جڑوا کر پہنے تو حافظہ درست ہو جائے اور مراد دلی پوری ہوتی رہے۔

بشرطیکہ نخود نہ کھائے اور جھوٹ نہ بولے اور حمام میں نہ جائے ورنہ تاثیر جاتی رہے گی۔ خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

شبیہ طلسم یہ ہے:

www.freeamilsbooks.com

گنجینہ طلسم نمبر:54

برائے بسیار شدن محبت والفت

اگر دو شخصوں کے درمیان جن میں باہمی دشمنی ہو ان کے درمیان یا دوستوں کے

درمیان محبت و الفت قلبی پیدا کرتی ہو۔ بشرطیکہ وہ ایک دوسرے کے روشناس ہوں۔ تو چاہیے کہ بروز شکروار پنجستر میں سفید موم سے دو تصویریں طالب و مطلوب کی بنائے اور مطلوب کے نام کے اعداد نکال کر اس میں (۸۴۴۸) اعداد زیادہ کرے اور کل مجموعہ کو ایک کاغذ پر لکھ کر طالب کی تصویر کے پیٹ میں اس کاغذ کو رکھ دیں اور ان دونوں تصویروں کو ایک مکان میں بالمقابل ہر دو گوشوں پر رکھے اور ہر تصویر مطلوب کو طالب کی طرف تھوڑا تھوڑا لا کر رکھے اور تصویر طالب کی اس جگہ پر ساکن رکھے پس اسی طرح مطلوب کی تصویر کو طالب کے نزدیک لاتا جائے۔ یہاں تک کہ جس روز آردا پنجستر میں تم نے اس کو بنایا تھا اس روز سے مولا پنجستر تک جس روز مولا پنجستر میں دو تصویر مطلوب کی طالب کے سینہ سے لپٹ جائے۔ پس اس وقت ان دونوں کو باہم پیوستہ کر کے ایک شکورہ گلی میں رکھ کر پوشیدہ طور پر ان پتلوں کو کسی سبزہ وار میں درخت شیریں کی جڑ میں گاڑ دے۔ پس جب تک وہ دونوں پتلے باہم پیوستہ اس جگہ گڑھے رہیں گے ان دونوں کے درمیان محبت و انس زیادہ رہے گا۔

☆ ☆ ☆ ☆

گنجینہ طلسم نمبر:55

برائے حافظہ وقوت وصحت جسمانی

اگر کوئی آدمی کند ذہن ہو یا جسم اس کا ناتوان ہو یا دائم المریض ہو۔ تو اس کے واسطے ذیل کا طلسم تیار کرنے سے کافی فائدہ ہو سکتا ہے۔ یعنی بروز سنیچر وار اشنی پنجستر میں ایک سفید کاغذ لے کر اس پر اس طرح ایک فرضی شکل بنائے کہ ایک بوڑھا آدمی آب رواں کے کنارے پر کھڑا ہو اور اس بوڑھے آدمی کے سینے پر یہ کلمہ لکھ دیں۔ (طلقفکل) اور پھر اس آدمی کہ جس کے واسطے یہ طلسم تیار کیا گیا ہے۔ اس کے نام کے حروف لکھ کر اس کے اعداد نکالے اور ان میں (۵۹۸) اعداد اور جمع کرے اور کل کا ایک مجموعہ بنائے اور ان کو مرتب کر کے اس بوڑھے آدمی کے سر پر لکھ دے اور بوقت عمل نوشادر کا بخور روشن رکھے۔ جب یہ تیار ہو جائے تو فوراً اس کو ایک مٹی کے کوزہ میں بند کر کے اس ... ...

شیرہ خوب لگا دے اور جائے نمناک میں تین روز تک دفن رکھیں۔ چوتھے روز بعد تصویر کو نکال کر وہ طلسم تانبے کے تعویذ میں بند کر کے اس آدمی کے بازو یا گلے میں باندھیں۔ بعد طلسم کی تاثیر اس شخص پر کامل اثر کرے گی اور باندھنے سے ایک ہفتہ بعد وہ خود ہی اس کی تاثیر سے آگاہ ہو جائے گا اور بڑا فائدہ ہو گا۔ مثلاً ہم نے ایک شخص کے واسطے اس طلسم کو تیار کیا۔ اول ایک بوڑھے آدمی کی تصویر بنا کر اس کے سینہ پر کلمہ (ططفقکل) لکھا اور اس آدمی کے نام کے اعداد کو بحساب ابجد استخراج کئے تو (۱۲۲۶) ہوئے اب ان اعداد کے حروف با مراتب تیار کئے تو اول اکائی میں (۶) کا ہندسہ ہے اس کی (و) اور مراتب دہائی سے (ک) اور سیکڑہ سے (ر) اور مراتب ہزار سے (غ) بنایا اس کو مرکب کیا تو کلمہ (وکرغ) تیار ہوا۔ اس کو تصویر کے سر پر لکھ دیا اور باقی با ترتیب عمل کیا۔ شبیہ طلسم یہ ہے:

قدرتی خاصیتیں در جسم انسان

گنجینہ طلسمات نمبر:56

اس قادر مطلق نے انسان کو اشرف المخلوقات بنایا ہے ہر چیز کی خاصیت اور ماہیت کو اپنی عقل خداداد سے بخوبی سمجھ سکتا ہے کتب میں لکھا ہے کہ اگر خوشی کے وقت انسان کا آنسو نکلے تو اس بوند کو اگر کوئی متفکر آدمی نوش کرے تو اس کا غم و رنج دور ہو جائے اور اگر

مرگی والے کو دیا جائے تو عارضہ مرگی جاتا رہے۔

دوم: اگر بھوکا آدمی اپنا لعاب دہن مقناطیس پر ڈالے تو اس کی کشش جاتی رہے اور وہ لوہے کو ہرگز نہ اٹھا سکے۔

سوم: اگر کسی شیر خوار بچہ کا دانت اکھڑ جائے اور وہ زمین پر نہ گرا ہو تو اس دانت کو چاندی میں منڈوا کر جو عورت اپنے پاس رکھے بانجھ ہو جائے۔

چہارم: اگر مردہ آدمی کا دانت بطور تعویذ کسی دانت درد والے کے گلے میں باندھیں تو اس کا درد جاتا رہے گا۔

پنجم: اگر انسان کی آنول جو وقت پیدائش کاٹی جاتی ہے اس میں تھوڑی سے لے کر زیر نگینہ رکھ کر انگشتری میں نصب کر کے جس شخص کو قولنج کا درد ہو اس کے ہاتھ میں پہنا دیں تو اس کو درد سے فوراً آرام ہو۔

ششم: اگر نہار منہ بچھو کے کاٹے ہوئے زخم پر لعاب دہن لگا دیں تو بچھو کا زہر دور ہو جاتا ہے۔

ہفتم: مردہ آدمی کی ہڈی کا تعویذ بنا کر جب ربع والے کے گلے میں ڈالنے سے اس کو آرام ہوتا ہے۔

ہشتم: اس کے ناخن جلا کر خاکستر کر دیں اور پھر جس کو کھلا دیں وہ دوست ہو جائے۔ محبت کرے۔

نہم: اگر کسی شخص کو نکسیر کا عارضہ ہو تو ایک پارچہ پر اسی خون سے اس کا نام لکھ کر اس کو کہہ دیں کہ وہ اس پارچہ کو دیکھتا رہے فوراً خون بند ہو جائے گا۔

دہم: انسان کے پیشاب کو جوش دے کر درد نقرس پر طلا کرنا نہایت مفید ہے۔

یازدہم: نابالغ لڑکے کا پیشاب شہد میں ملا کر پکائیں اور اس کے سفید جوہر ... سرمہ ... آنکھ میں لگائیں تو سفیدی چشم دور ہو جائے۔

دوازدہم: سر کے بال اور ... دونوں کو جلا کر تین روز تک خارش پر لگانا خارش کو دور کرتا ہے۔

☆

عورت

گنجینۂ طلسمات نمبر: 57

کہتے ہیں کہ اگر عورت کا سالم بال آبِ شور میں گر جائے اور اس پر سورج کی شعاع پڑے تو وہ بال مثل سانپ کے ہو جائے۔

دوم: اگر عورت بکارت کا خون اپنی چھاتیوں پر مل لے تو اس کی چھاتیاں سخت اور ہمیشہ چھوٹی رہیں گی اور باکرہ عورت کا خون حیض آنکھ میں لگانا سفیدی آنکھ کو دور کرتا ہے۔

سوم: اگر زن حائضہ برہنہ جنگل میں کھڑی ہو تو گزندہ جانور ہرگز نزدیک نہ آئیں گے اگر زن حائضہ اس حالت میں شیشہ کو دیکھے تو شیشہ دھندلا ہو جائے گا اس پر پرچھائیں پڑ جائیں گی اگر ایسی عورت کسی نہر یا تالاب میں اشنان کرے تو پانی اس کا تلخ ہو جائے۔

چہارم: اگر کوئی شخص ایسی حالت میں اس سے سنگت کرے تو اس کی طاقت مردمی زائل ہو جائے صحت کے لئے پرہیز لازمی ہے۔

پنجم: اگر کوئی شخص مرگی کے عارضہ میں مبتلا ہو اور اس وقت ایسی عورت اس کے جسم کو مس کرے تو اس کی مرگی جاتی رہے۔

ششم: اگر زن حاملہ کا سایہ سانپ پر پڑے تو وہ اندھیا ہو جائے۔

ہفتم: اگر پارچہ حیض کو کشتی کے بادبان پر باندھ دیں تو بادہائے مخالف سے کشتی کو ہرگز نقصان نہ پہنچے۔

نہم: جس شخص کو چوتھے روز کا تپ آتا ہو۔ اس کو وہ کپڑا جو عورت کے وضع حمل میں اس کے اوپر ہو پہننے کے لئے دیا جائے اوپر لے لے تو اس کا تپ دور ہو جائے۔

☆

خوش رہیو سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

حیوانات اوران کے اوصاف

تاثیرات حیوانات

گنجینہ طلسمات نمبر:58

گھوڑا:

اس کے دانت بروز منگل وار لے کر شیر خوار لڑکے کے گلے میں باندھیں تو اس کے دانت آسانی سے نکل آئیں گے۔ اگر ایسے شخص کے سرہانے جو سوتے میں دانت پیستا ہو بے خبر اس کے زیر بالین گھوڑے کا دانت رکھ دیں تو وہ ہرگز دانت نہ پیسے۔

دوم: اگر گھوڑے کی دم کا بال لے کر مکان کے دروازہ کے آگے تان دیں تو اس گھر کے اندر مچھر ہرگز نہ داخل ہوں۔

سوم: اگر وضع حمل کے وقت اس کے سموں کا دھواں عورت کو دیا جائے تو ولادت میں آسانی ہو اس طرح سرگین کا دھواں بھی ولادت میں آسانی کرتا ہے۔

چہارم: اگر کسی بیچ یا ہونے والے گھوڑے کا سم لے کر مکان میں دفن کر دیں تو چوہے اس مکان سے بھاگ جائیں۔

پنجم: اگر گھوڑے کا پسینہ بغل میں یا موئے زہار پر لگایا جائے تو پھر اس جگہ بال ہرگز پیدا نہ ہوں۔

ششم: اگر اس کی سرگین کا عرق نکسیر والے کی ناک میں ڈالیں تو اس کو عارضہ سے آرام ہو۔

ہفتم: اگر گھوڑی کا دودھ عورت ضعیفہ چند روز استعمال کرے تو باکرہ ہو جائے۔

ہشتم: سرگین اسپ کا عرق کان میں ڈالنے سے درد کان کو آرام ہوتا ہے۔

نہم: اگر اس کے ناخن لے کر اس میں بید کی جڑ برابر وزن ڈال کر خوب باریک پیس کر کسی آتش دان یا بھٹی میں ڈال دیں تو اس جگہ آگ نہ جلے اور صرف لکڑی کا دھواں ہوا۔

دہم: اگر اس کی سرگین کو جلا کر تکوں کے تیل میں خوب حل کر کے بالوں پر لگائیں تو بال بہت لمبے ہو جائیں۔

اس کا گوشت کھانا بہادری و شجاعت پیدا کرتا ہے اور قسی القلب اور سخت دل کرتا ہے اس کے کباب سرد مزاج کے قوت باہ کو نافع ہے۔

☆

گنجینہ طلسمات نمبر: 59

ہاتھی

یہ جانور بڑا قوی اور جسیم ہوتا ہے اول اس کے کان کی میل اگر ذرہ بھی کوئی شخص کھا جائے تو اس کو سات روز تک نیند نہ آئے۔

دوم: اس کی چربی کا دھواں جس شخص کو دیا جائے وہ عارضہ جذاب میں مبتلا ہو جائے۔

سوم: اس کی ہڈی مرگی والے کے بازو پر باندھیں تو اس کی مرگی دور ہو جائے۔

چہارم: اگر اس کا دانت کسی ثمرہ دار درخت کے ساتھ باندھ دیں تو وہ اس سال پھل نہ دے۔

پنجم: اگر ہاتھی دانت کے برادہ کی دھونی گھر میں دخان کریں تو مچھر ہرگز نہ رہے۔

ششم: اس کا پیشاب اگر گھر میں چھڑک دیں تو چوہے بھاگ جائیں۔

ہفتم: اس کی سرگین وزنی 9 ماشہ تعویذ نقرہ میں محفوظ کر کے لڑکے کے گلے میں باندھ دیں تو نظر بد اور جملہ آفات ارضی اور سماوی سے محفوظ رہے۔

ہشتم: اگر اس کے دانت کا برادہ زخم فاسد پر چھڑکیں تو جلد آرام ہو۔

نہم: اگر اس کی سرگین درد قولنج والے کو نوش کرائیں تو ہمیشہ کیلئے اس عارضہ سے نجات پائے۔

دہم: اگر اس کی سرگین میں سانپ کی کینچلی ملا کر سرمہ بنائیں تو پڑبال و ڈھلکا کا مرض دور ہو۔

یازدہم: اس کی سرگین حمول کرنا مانع حمل ہے۔

دوازدہم: ہاتھی دانت کو جلا کر خاکستر کرکے اس کے برابر سوت ملا دے اور انکو بکری کے دودھ میں کھرل کرکے جس جگہ بال نہ جمتے ہوں۔ وہاں لیپ کرے۔ فوراً اس جگہ بال پیدا ہو جائیں۔

سیزدہم: اگر ہاتھی دانت کو مٹی کے آبخورے میں بند کرکے اس طرح جلائیں کہ اس کا دھواں نہ نکلنے پائے اور پھر اس خاکستر کو پانی میں ملا کر بالوں پر لگا دیں۔ تو بال بہت بڑھیں

☆

گنجینہ طلسمات نمبر:60

اونٹ

اول: اونٹ کی چربی جس جگہ رکھیں وہاں سے سانپ بھاگ جائیں۔

دوم: اگر اس کے بال مسلسل بول والے کی ران میں باندھیں تو اس کو آرام ہو۔

سوم: جو لڑکا رات کو سوتے ہوئے بستر پر پیشاب کرتا ہے اس کی ران پر باندھ دیں تو وہ پیشاب نہ کرے گا۔

چہارم: کرم خوردہ یا دانت درد دانت والے کو اس کے دودھ کا غرہ کرایا جائے تو اس کو آرام ہوگا۔

پنجم: اس کا پیشاب درد کان کیلئے کان میں ٹپکانا مفید ہے۔

ششم: نکسیر والے کے سر پر اس کی سرگین کا لیپ کرنا فائدہ مند ہے۔

ہفتم: اس کی سرگین کو جلا کر شہد میں بجھا دیں اور ان کو ڈبیہ میں بند کر دیں جب بھی آگ کی ضرورت ہو اس کو توڑ کر ہوا میں رکھیں تو فوراً آگ پیدا ہو جائے۔

نہم: اگر اس کے دست راست کا ناخن گھر میں رکھیں تو سب چوہے بھاگ جائیں۔

☆

www.freeamliyatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
facebook.com/groups/freeamliyat

گنجینہ طلسمات نمبر:61

گدھا

اول: اس کی آواز سے کتے کی پشت میں درد شروع ہو جاتا ہے۔ اگر اس کے مغز یا استخوان کو روغن زیتون میں جوش دے کر سر پر ملیں تو بال بہت لمبے ہوں۔

دوم: اگر اس کے دانت ایسے شخص کے سرہانے رکھ دیں جس کو نیند نہ آتی ہو تو اس پر نیند غالب آئے گی۔

سوم: اس کے سموں کا دھواں وضع حمل میں آسانی کرتا ہے۔

چہارم: اگر بوقت جفتی اس کے دم کے بال لے کر کوئی شخص اپنی ران میں باندھے تو فوراً نعوذ پیدا ہو اگر اس کی دم کے بال شراب میں ڈال کر کسی کو پلا دیں تو فوراً آمادۂ فساد ہو۔

پنجم: اگر اس کی پیشانی کے پوست کو خاکستر کر کے اس کی راکھ کو پانی میں ملا کر کسی گروہ کو پانی پلا دیں تو ان میں نااتفاقی ہو۔

ششم: اگر اس کا سم پانی میں گھس کر مرگی والے کو پلا دیں تو مفید ہے اگر روغن میں جلا کر خنازیر پر ملیں تو آرام ہو۔

ہفتم: اگر اس کے دودھ کو گرم کر کے کلی کریں تو درد دانت سے آرام ہو۔

ہشتم: اگر اس کے جوڑوں پر روغن تلخ اور روغن زرد ملا کر لگا دیں تو جب تک یہ لگا رہے گا گدھا ہرگز نہ ہینگے گا۔

☆

گنجینہ طلسمات نمبر:62

خچر

اول: اس کو استر بھی کہتے ہیں اس کے کان کے میل اگر کسی عورت کو کھلا دیں تو وہ بانجھ ہو جائے۔

دوم: اگر اس کا استخوان کوئی طفل کھا جائے تو مدہوش ہو جاتا ہے۔

سوم: اگر اس کے سموں کو پانچ درم روغن السی میں ملا کر جوش دیں اور پھر اس تیل کو گنج سر یا جہاں بال پیدا نہ ہوتے ہوں لگائیں تو چند روز میں بال پیدا ہو جائیں گے۔

چہارم: اگر اس کے سم یا سرگین یا بالوں کا دھواں کسی مکان میں کریں تو اس جگہ سے تمام چوہے بھاگ جائیں۔

پنجم: اگر اس کی پیشانی کا چمڑہ کسی جگہ جلایا جائے تو پھر اس جگہ جو کام کریں ہرگز سرانجام نہ ہو۔

ششم: اس کا دانت جو شخص اپنی جیب میں رکھے کبھی روپیہ پیسہ سے خالی نہ رہے۔

ہفتم: اس کی دم کے بال دو مچھیوں کے پارچہ کے ہمراہ جلا کر اس راکھ کو کھلا دیں تو ان دونوں میں نا اتفاقی ہو جائے۔

گنجینہ طلسمات نمبر:63

بکری

اول: اگر بکری کی داڑھی بخار چوتھیا والے کے باندھیں تو آرام ہو۔

دوم: جو لڑکا شیر خوار رات کو زیادہ روتا ہو اس کے سرہانے اس کی چند مینگنیاں رکھ دیں تو آرام سے سو جاتے ہیں۔ اگر بچے کے پیٹ میں درد ہو تو اس کے پسینہ کا عرق اس کی مقعد میں لگانے سے آرام ہو۔

سوم: بقول بلیناس سفید رنگ کی بکری کے سینگ کسی پارچہ میں لپیٹ کر جس شخص کے سرہانے وہ کپڑا رکھ دیں تو وہ خواب سے بیدار نہ ہو۔ اگر پہاڑی بکری کا سینگ خوابیدہ کے سرہانے رکھ دیں تو راز دل بیان کرے۔

گنجینہ طلسمات نمبر:64

بھیڑ

اول: اس کے پتہ میں ملا کر آنکھ میں لگانے سے ڈھلکا اور سفیدی آنکھ کی دور ہو جاتی ہے۔

دوم: اگر اس کے سینگ کو درخت کے نیچے گاڑ دیں تو اس کا پھل شیریں اور قبل از موسم بار آور ہو۔

سوم: اس کے بالوں کو جلا کر اس کو عورت حمول کرے۔ ہرگز حاملہ نہ ہو۔

چہارم: اس کی چربی اور مچھلی کی چربی برابر لے کر بتی بنا کر چراغ میں جلائے تو تمام گھر جب تک چراغ جلتا رہے۔ پانی سے بھرا ہوا نظر آئے۔

☆

گنجینہ طلسمات نمبر:65

سگ یعنی کتا

اول: اگر بروز منگل وار لال اور بروز سنیچر وار سیاہ کتے کی زبان جوتے کے نیچے دوخت کر کے وہ جوتا پہنیں تو پھر کوئی کتا اس کو دیکھ نہ ہو سکے۔

دوم: اگر سیاہ کتے کی بائیں آنکھ بروز آماوش یا قمر در عقرب میں کسی مکان میں دفن کر دیں تو وہ مکان ویران ہو جائے اور جو شخص اس میں رہتے ہوں سخت تکلیف اٹھائیں، اگر سیاہ کتے کی دائیں آنکھ اپنے پاس رکھیں تو دیوانے کتے کا زہر ہرگز اثر نہ کرے۔

سوم: اگر شیر خوار بچہ کے گلے میں اس کے دانت کا تعویذ بنا کر پہنا دیں تو اس کے دانت آسانی سے نکل آئیں گے۔

چہارم: اگر دیوانے کتے کا دانت اپنے پاس رکھیں تو پھر کوئی دیوانہ کتا اس کو نہ کاٹے گا۔

پنجم: کتے کا عضو مخصوصہ خشک کر کے ران میں باندھنے سے قوت مردانگی کثرت سے

گنجینہ طلسم نمبر: 51

برائے اطاعت مخلوق

گوکہ یہ طلسم بادشاہان والاشان کیلئے ہے حکماء لوگ تیار کرتے ہیں۔ تاکہ مخلوق ان کی اطاعت میں رہے مگر عام لوگ بھی اس نادر طلسم سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

چاہیے کہ شمس روز شرف وار بھرنی نچھتر میں ایک نگینہ زرد رنگ کا لے کر اس پر ایک تصویر آدمی کی جو کہ برجستہ کھڑا ہوا اور اس کے دست راست میں تلوار ہو اور تلوار کی دھار پر مساوی فاصلے سے یہ حروف (ط ز ہ ج ا) کندہ کرے۔ پھر اس نگینہ کو انگشتری طلائی میں نصب

گنجینہ طلسمات نمبر:64

بھیڑ

اول: اس کے پتہ میں ملا کر آنکھ میں لگانے سے ڈھلکا اور سفیدی آنکھ کی دور ہو جاتی ہے۔

دوم: اگر اس کے سینگ کو درخت کے نیچے گاڑ دیں تو اس کا پھل شیریں اور قبل از موسم بار آور ہو۔

سوم: اس کے بالوں کو جلا کر اس کو عورت حمول کرے۔ ہر گز حاملہ نہ ہو۔

چہارم: اس کی چربی اور مچھلی کی چربی برابر لے کر بتی بنا کر چراغ میں جلائے تو تمام گھر جب تک چراغ جلتا رہے۔ پانی سے بھرا ہوا نظر آئے۔

☆

گنجینہ طلسمات نمبر:65

سگ یعنی کتا

اول: اگر بروز منگل وار لال اور بروز سنیچر وار سیاہ کتے کی زبان جوتے کے نیچے دوخت کر کے وہ جوتا پہنیں تو پھر کوئی کتا اس کو دیکھ نہ بھونکے۔

دوم: اگر سیاہ کتے کی بائیں آنکھ بروز آدیتوار یا قمر در عقرب میں کسی مکان میں دفن کر دیں تو وہ مکان ویران ہو جائے اور جو شخص اس میں رہتے ہوں سخت تکلیف اٹھائیں، اگر سیاہ کتے کی دائیں آنکھ اپنے پاس رکھیں تو دیوانے کتے کا زہر ہر گز اثر نہ کرے۔

سوم: اگر شیر خوار بچہ کے گلے میں اس کے دانت کا تعویذ بنا کر پہنا دیں تو اس کے دانت آسانی سے نکل آئیں گے۔

چہارم: اگر خود دیوانے کتے کا دانت اپنے پاس رکھیں تو پھر کوئی دیوانہ کتا اس کو نہ کاٹے گا۔

پنجم: کتے کا عضو مخصوصہ خشک کر کے ران میں باندھنے سے قوت مردانگی کثرت سے

پیدا ہوتی ہے۔

ششم: اگر کتا کاٹے تو دوسرے کتے کے بال جلا کر اس کی راکھ زخم میں بھر دے تو آرام ہو۔

ہفتم: اگر کسی جانور کے زخم ہو جائے تو کتے کی ہڈی پانی میں رگڑ کر لگا دیں اور اس کے گلے میں باندھیں تو فوراً اس کے زخم کو آرام ہو۔

ہشتم: اگر کوئی کنکر کتے کو ماریں اور کتا اس کو اٹھا کر پھینک دے تو پھر اس کنکر کو شراب میں ڈال کر جس شخص کو وہ شراب پلا دیں اس میں لڑائی و جنگ جوئی کا مادہ بہت بڑھ جائے اگر اس کو کبوتر کی جگہ رکھ دیں تو تمام کبوتر پریشان ہو جائیں۔

نہم: اگر سیاہ کتے کی زبان موزہ یا کفش میں دوخت کریں اور وہ جوتا پاؤں میں پہنیں تو کتے ہرگز نہ بھونکیں۔

☆

گنجینہ طلسمات نمبر:66

گربہ یعنی بلی

اول: اگر سیاہ بلی کی زبان جس عورت کا پاؤں بھوٹ جائے تعویذ بنا کر کمر میں باندھیں تو خون بند ہو۔

دوم: اگر سیاہ بلی کے دانت کوئی شخص اپنے پاس رکھے تو رات کو کسی ویران جگہ میں رہ جائے تو کبھی خوف نہ کھائے۔

سوم: جس وقت یہ جانور بچہ جنے۔ فوراً اس کی آنول لے کر جو شخص اپنے پاس رکھے صاحب دولت و امیر کبیر ہو یا صاحب اولاد کثیر ہو۔

چہارم: سایہ بھوت و پریت جس شخص پر ہو اس کو اس کی سرگین کا دھواں دینا نہایت مفید اور دافع آسیب ہے۔

پنجم: اگر اس کی آنکھیں تعویذ بنا کر بچے کے گلے میں باندھیں تو نظر بد سے ہمیشہ محفوظ

رہے۔

ششم: اگر بروز منگل وار اس کی بائیں آنکھ نگینہ نصب کر کے انگوٹھی ہاتھ میں پہنے تو اس پر کبھی جادو کا اثر نہ ہو۔

ہفتم: اس کے سرگین کو روغن گل میں آمیزش کر کے بخار والے کے پاؤں کے تلوؤں میں لگائیں تو اس کا بخار جلد اتر جائے۔

ہشتم: اگر سیاہ بلی کی زبان زیریں پاپوش پیوستہ کر کے جنگل میں جائیں تو کوئی درندہ نزدیک نہ آئے۔

گنجینہ طلسمات نمبر: 67

شیر

www.freeamliyaatbooks.pdf.com

اول: اس کے دانت لڑکے کے گلے میں منڈھا کر بطور تعویذ ڈال دیں تو نظر بد سے محفوظ رہے۔ دانت بلا تکلیف نکلیں اور اس کے دانت اپنے پاس رکھنے والا درندوں کے عارضہ سے محفوظ رہتا ہے۔

دوم: اس کی چربی رعشہ دار پر ملنے سے رعشہ دور ہوتا ہے۔ جلق کو بھی اسکی مالش مفید

ہے اور اسکی چربی چہرہ پر ملنے سے چھائیں دور ہوتی ہیں۔

سوم: اس کا پنجہ جو شخص اپنے پاس رکھے اسکے گرد کوئی درندہ جانور نہ آئے۔

چہارم: اس کے پنجہ کو پانی میں دھو کر جس چار پایہ کو وہ پانی دو چار مرتبہ پلایا جائے وہ لاغر ہو جائے۔

پنجم: اس کی پیشانی کا چمڑہ پگڑی یا ٹوپی میں خفیہ رکھ لے تو ہر ایک آدمی اس سے دہشت کھائے اور لوگوں کی نظر میں عزیز ہو۔

ششم: اس کی سرگین شراب میں ملا کر کسی شخص کو پلا دیں تو پھر ہرگز وہ شخص شراب نہ پئے بلکہ شراب سے ہمیشہ کیلئے نفرت کرے۔

ہفتم: اس کی کھال کے نقارہ کی آواز گھوڑے کے کانوں میں پہنچے تو بیمار ہو جائے۔

ہشتم: جہاں سانپ زیادہ ہوں وہیں شیر کی چربی اور پیاز رکھ دیں تو دونوں سے سانپ بھاگ جائیں گے۔

☆

گنجینہ طلسمات نمبر:68

گرگ یعنی بھیڑیا

www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks



اول: اس کی داہنی آنکھ جو شخص اپنے پاس رکھے وہ کسی جگہ سے دہشت وخوف نہ کھائے اور بائیں آنکھ جو اپنے پاس رات کو رکھے تو اسکو نیند نہ آئے۔

دوم: اگر اس کا سر بکریوں کے رہنے کی جگہ پر گاڑ دیں تو سب بیمار ہو جائیں۔

سوم: اگر اس کا سر کبوتر خانہ میں رکھ دیں تو بلی وہاں ہرگز نہ جائے۔

چہارم: اس کا دانت جو شخص تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھے اس پر کوئی بھیڑیا غالب نہ آئے اگر گھوڑے کی پشت سے باندھیں تو تیز رفتار ہو۔

پنجم: اگر اس کے پاؤں راست کی ہڈی اپنے جوتا میں دوشت کرے یا پاؤں میں باندھے تو چلنے میں تھکان نہ ہو اور اگر اس کے کعب چپ کی ہڈی اپنے پاس رکھے تو خصومت اور لڑائی جھگڑے میں کامیابی اٹھائے۔ خصوصا عورتوں کے بالمقابل

ششم: اس کی دم جس جگہ دفن کی جائے وہاں کھیاں ہرگز نہ آئیں۔

ہفتم: اگر نقار خانہ میں اس کا چمڑہ جلایا جائے تو نقارے سب پھٹ جائے۔

☆

گنجینہ طلسمات نمبر:69

ریچھ

اول: اگر اس کا دانت عورت کے دودھ میں رگڑ کر بچہ کو پلا دیں تو اس کے دانت بلا تکلیف نکلیں۔

دوم: اگر اس کی آنکھ تپ چوتھیا والے کے گلے میں تعویذ بنا کر باندھیں تو آرام ہو۔

سوم: اس کی چربی اگر کالے کوے کی چربی میں مل کر بالوں پر لگا دیں تو بال جلد سفید نہ ہوں۔

چہارم: اس کا خون آنکھوں میں لگانا پڑوال کو دور کرتا ہے۔

پنجم: اس کا چمڑہ اگر بداخلاق اور زبان دراز آدمی کے بدن پر باندھیں تو حلیم الطبع اور نیک اخلاق ہو

www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks FREE AMLIYAAT BOOKS

گنجینہ طلسمات نمبر:70

شغال یعنی گیدڑ

اول: بروز اماوش یا منگل وار کے دن اس کی زبان جس گھر میں دفن کر دی جائے اس گھر میں نا اتفاقی اور رہنے والوں کا باہم جنگ و جدل رہے۔

دوم: اس کے دانت جو شخص اپنے پاس رکھے کتا اس پر ہرگز نہ بھونکے۔

سوم: اس کی دائیں آنکھ تعویذ بنا کر اپنے رکھنا قوت باہ کو زیادہ کرتا ہے۔

چہارم: اس کے پاؤں راست کا ناخن جو اپنے پاس رکھے۔ چلنے میں تھکان نہ ہو۔

☆

گنجینہ طلسمات نمبر:71

گوزن یعنی بارہ سنگھا

اول: اس کے سینگ جس گھر میں ہوں گزندہ جانور وہاں سے بھاگ جاتے ہیں۔ اگر اس کی داہنی طرف کا سینگ اپنے پاس رکھے تو درندوں سے محفوظ رہے۔

دوم: اس کے سینگ کا دھواں مکان میں کریں تو سانپ وہاں سے بھاگ جاتے ہیں

سوم: درد دانت میں اس کے سینگوں کو جلا کر خاکستر اس کی دانتوں پر ملنے سے درد دانت دور ہو جاتا ہے۔

چہارم: اس کے بالوں کا دھواں گھر میں کرنے سے چوہے بھاگ جاتے ہیں۔

پنجم: اگر اس کے سینگ کو بوقت وضع حمل عورتوں کی ران میں باندھیں تو ولادت میں آسانی ہو اور اس کے سینگ جو جس جگہ درد ہو رگڑ کر لگا دیں تو درد سے آرام ہوتا ہے۔

☆

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

گنجینہ طلسمات نمبر:72

آہو یعنی ہرن

اول: اس کی زبان سایہ میں خشک کر کے اگر کسی زبان دراز عورت کو کھلائی جائے تو وہ حلیم الطبع اور فرمانبردار ہو۔

دوم: اگر اس کی داہنی آنکھ یکہ پھتر میں لے کر زیر نگینہ انگشتری میں نصب کر کے ہاتھ میں پہنے تو قوت مردانگی اور دل کی تقویت اور ہر دلعزیز ہوتا ہے۔

سوم: اس کے سینگ کا دھواں کرنا تمام گزندہ جانوروں کو دور کرتا ہے۔

چہارم: اس کے ٹخنہ کی ہڈی مسافر اپنے پاس رکھے تو سفر میں تھکان نہ ہو۔

پنجم: اس کی بائیں آنکھ کو تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھنے سے مستورات میں ہر دلعزیز اور ان پر غالب آتا ہے۔

☆

گنجینہ طلسمات نمبر:73

خرگوش

اول: اس کا مغز اگر عورت کھائے تو بانجھ ہو جائے۔

دوم: اس کی ہڈیاں جلا کر درد دانت پر ملنے سے آرام ہوتا ہے۔

سوم: اگر اس کی شتالنگ کی ہڈی اپنے پاس رکھنے سے جادو کا اثر ہرگز نہیں ہوتا۔

چہارم: اگر خون حیض بند نہ ہوتا ہو تو اس کے بالوں کی بتی بنا کر استعمال کرنے سے فوراً خون بند ہو جاتا ہے اور اس کا سرگین عورت رکھے تو حاملہ ہو۔

پنجم: جس بچہ کو پسلی کی بیماری ہو اس کو اس کا ایک قطرہ خون دینا آرام آتا ہے۔

ششم: اس کے دانت کو بطور تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھنا قوت حافظہ کو بڑھاتا ہے۔

ہفتم: اس کے پتہ کا عرق تیل میں ملا کر عضو مخصوصہ پر مالش کرنے سے عجیب الاثر ہے۔

ہشتم: اگر اس کے خون کو روغن گل میں ملا کر نئے چراغ میں بھر کر روئی کی بتی ڈال کر چراغ جلا دیں تو خرگوشوں کی شکلیں چلتی پھرتی نظر آئیں۔

☆

گنجینہ طلسمات نمبر:74

نیولا



اول: اس کی چربی اگر دانتوں پر ملیں تو تمام دانت گر جائیں۔

دوم: اگر اس کی چربی کسی مسواک کرنے والی لکڑی پر مل کر اس میں اس کو جذب کر دیں اور پھر مسواک کسی کو کرنے کیلئے دیں تو آہستہ آہستہ اس کے تمام دانت آسانی سے گر جائیں۔

سوم: اگر اس کی چربی لڑکے کے مسوڑھوں پر ملیں تو اس کے دانت آسانی سے گر جائیں۔

چہارم: اگر اس کی پشت کی ہڈی عورت بوقت قربت اپنے پاس رکھے تو ہرگز حاملہ نہ ہو

پنجم: اس کا خون خنازیر پر لگانا آرام بخشتا ہے۔

ششم: اس کا سرگین جاری شدہ زخم پر باندھنا خون کو فوراً بند کر دیتا ہے۔

☆

گنجینہ طلسمات نمبر:75

جنگلی چوہا......سیہ

اول: اگر کسی جگہ کے بال اکھاڑ کر اس کے پتہ کا عرق اس جگہ پر لگا دیں تو بال زندگی بھر ہرگز اس جگہ پیدا نہ ہو۔

دوم: اس کی بائیں آنکھ کو روغن میں جوش دے کر کان میں ٹپکانا درد کان کو آرام دیتا ہے

سوم: دیوانے کتے کے کاٹے ہوئے زخم پر اس کا خون لگا دیں تو فوراً زہر دور ہو جائے

چہارم: اس کے داہنے ناخن کا دھواں بخار چوتھیا والے کو آرام بخشتا ہے۔

☆

گنجینہ طلسمات نمبر:76

لنگور

اول: اس کے کسی عضو کی ہڈی جو شخص اپنے پاس رکھے ہردل عزیز ہو

دوم: اس کے دانت کو گھس کر آنکھ میں لگانا سفید چشم کو نافع ہے۔

سوم: جو شخص اس کا خون نوش کرے فوراً گونگا ہو جائے اور لوگوں کی نظروں میں حقیر ہو

چہارم: اگر اس کے چمڑا کی غربال بنا کر اس میں تخم چھان کر بوئیں تو وہ ٹڈی اور موش وغیرہ آفات سے محفوظ رہے گا۔

پنجم: اس کی آنکھ کا تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھنا قوت باہ کو بڑھاتا ہے۔

ششم: اس کی کھوپڑی کو بروز اماوش لے کر اس پر دو شخصوں کے نام لکھ کر قبرستان میں دفن کرنے سے دونوں کے درمیان دشمنی ہو جائے اگر گذرگاہ دشمن میں دفن کریں تو دشمن آوارہ ہو جائے۔

☆

گنجینہ طلسمات نمبر: 77

یہ جانور قبروں سے مردے اکھاڑ لیتا ہے۔

اول: جو شخص اس کی زبان کا تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھے وہ ہمیشہ دشمنوں پر غالب رہے

اور دشمن اس سے خوف کھائیں۔

دوم: اس کے دانت پاس رکھنے سے حافظہ قوی ہوتا ہے۔

سوم: جو شخص اس کی چربی ابرو پر لگائے پھر اس پر جس کی نظر پڑے وہ اس سے بہت محبت سے پیش آئے۔

چہارم: اس کا عضو مخصوصہ خشک کر کے بقدر دو رتی استعمال کرنا مرض سستی کو دور کرتا ہے اور بدکار عورت کا بلا اطلاع کھلائیں تو وہ بدکاری سے باز آجائے۔

پنجم: اس کا پوست اپنے پاس رکھنا عزیز خلائق کرتا ہے۔

☆

گنجینہ طلسمات نمبر:78

مرغ

اول: اس کا زہرہ رگڑ کر آنکھ میں لگانے سے یہ مرض رتوندا دور ہوتی ہے۔

دوم: اگر سوموار اس کو اپنی کمر میں باندھے تو ہرگز ماندہ نہ ہو۔

سوم: اس کے شکم میں پتھری گندم نما یا سفید رنگ کی ہوتی ہے اگر اس کو لے کر کوئی شخص اپنے پاس رکھے تو قوت باہ اور طاقت مردمی زیادہ ہوتی ہے۔

چہارم: جب دو مرغ باہم لڑتے ہوں۔ اس وقت جو خون نکلے اس خون کو کسی چیز میں ملا کر دو مجبوں کو کھلا دیں تو دونوں میں عداوت اور دشمنی پیدا ہو جائے اگر اس خون کو شہد میں ملا کر مالش کریں تو قوت زیادہ ہو۔

پنجم: اگر بروز منگل وار اماوس کے دن یا قمر در عقرب میں سیاہ مرغ کی بیٹھ کسی دروازہ پر چپکا دیں تو اس گھر کے رہنے والوں میں مخالفت اور دشمنی ہو جائے۔ حکمائے یونان کا قول ہے کہ جس گھر میں سفید مرغ ہو وہاں شیطان نہیں آتا۔

ششم: ایک مرغ کرکٹا تھ ہوتا ہے جس کا گوشت پوست بالکل سیاہ ہوتا ہے اگر اس کی چربی آنکھوں میں لگائیں تو دفینہ نظر آئے۔

ہفتم: اس کے سر کو چکنا کر دو تو ہر گز آواز نہ دے۔

ہشتم: مرغی کی چربی میں مردار سنگ زرد ملا کر عضو پر لیپ کر کے جس سے قربت کریں تو پھر کوئی دوسرا شخص اس پر قادر نہ ہو سکے۔

☆

گنجینہ طلسمات نمبر:79

طاؤس یعنی مور



اول: اس کا گوشت معہ چربی کھانے سے ذات الجنب کو فائدہ دیتا ہے۔

دوم: اس کی ہڈی اگر بچہ کے گلے میں بطور تعویذ باندھیں تو نظر بد اور جملہ آفات سے محفوظ رہے۔

سوم: اس کے بائیں طرف کی ہڈی وردزہ میں عورت کی ران پر باندھیں تو آرام ہو۔

چہارم: اس کے سر کا تاج جو شخص اپنے پاس رکھے۔ ہر دلعزیز ہو۔

پنجم: اس کی چونچ سے پندرہ کا تعویذ لکھ کر جو شخص اپنے پاس رکھے زر و مال سے

مالا مال ہو اور جس گھر میں موجود ہو وہاں گزندہ اور حشرات الارض جانور نہ رہیں۔

☆

گنجینہ طلسمات نمبر:80

کبوتر

اول: اگر رتوندے والے کی آنکھوں میں اس کا پتہ لگا دیں تو اس کا رتوندا دور ہو۔

دوم: اس کا انڈا کسی زخم پر رکھیں تو زخم اچھا ہو۔

سوم: اس کی سرگین دفع حمل میں حمول کرنا ولادت میں آسانی کرتا ہے۔

چہارم: اس کی سرگین زخم آتشک پر لگائیں تو آرام ہو۔

پنجم: اگر بنجال کبوتر صحرائی کو تیل میں جذب کر کے مالش کریں تو قوت مردانگی زیادہ ہو

ششم: اس کی داہنی آنکھ کو تعویذ بنا کر یا زیر نگینہ نصب کر کے انگوٹھی ہاتھ میں رکھیں تو عزیز خلائق اور لوگوں سے محبت ہو۔

ہفتم: اس کے پیو میں فلفل، سہاگہ، کافور، شہد ملا کر لیپ کرنا طرف ثانی کو مغلوب اور مطیع کرتا ہے۔

☆

گنجینہ طلسمات نمبر:81

ہد ہد

اول: اسکا تاج جس کے سر درد ہو اس کے باندھیں تو فوراً آرام ہو۔

دوم: اسکا سر خشک کر کے روغن میں ملا کر اس روغن کو چہرہ پر ملیں تو ہر دلعزیز ہو اگر کسی خوابیدہ کے سرہانے رکھ دیں تو اس پر نیند بہت غالب ہو۔ اگر انسان اپنے پاس رکھے تو بھولی ہوئی بات کو یاد دلاتا ہے۔

www.freeamliyaat.com FREE AMLIYAAT BOOKS www.facebook.com/groups/freeamliyaat

سوم: اگر اس کی زبان کا تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھیں تو دشمن مغلوب اور حاسدوں پر فتح کامیابی ہوتی ہے۔

چہارم: اسکے ناخن اپنے ناخنوں کے ہمراہ ملا کر بروز شکروار قمر در ابتدائے نور میں کسی عورت یا آدمی کو کھلائیں تو وہ محبت میں دیوانہ ہو۔

پنجم: اس کا دل تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھنے سے قوت زیادہ ہوتی ہے اگر بریاں کر کے ایک روٹی کے ساتھ دو آدمی مل کر کھائیں تو دونوں میں الفت و محبت زیادہ ہو۔

ششم: داہنا بازو اس کے سرہانے رکھے تو نیند کا بہت غلبہ ہو۔ بایاں طرف کا رکھیں تو نیند نہ آئے۔

ہفتم: اگر اس کے پروں کو جہاں کبوتر رہتے ہوں جلائیں تو تمام کبوتر وہاں سے بھاگ جائیں۔

ہشتم: اس کی ہڈی کا گھر میں دخان کریں تو زہریلے جانور بچھو وغیرہ تمام دور ہو جائیں

☆

خوش حبیب سے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

گنجینہ طلسمات نمبر:82

کنجشک یعنی چڑیا

اول: اس کا گوشت کھانا مسہی ہے اور ریح کو دفع کرتا ہے۔

دوم: اس کے انڈوں کا استعمال وقت شہوانی کو بڑھاتا ہے۔

سوم: اس کے انڈوں کو تین روز تک زمین میں دفن کر کے پھر نکال کر زخم ناسور پر لگائیں تو آرام ہو۔

چہارم: اس کے خون اور پتہ کو آرد مسور میں ملا کر حب بنائیں اور بوقت ضرورت عضو پر طلا کریں اور زمین پر پاؤں نہ رکھیں تو عجیب لطف اور سرور بخشتا ہے۔

پنجم: اس کی بیٹ آنکھ میں لگانے سے شب کوری دور ہوتی ہے اگر اس کی بیٹ کو رشو میں رگڑ کر پھوڑے پھنسی پر لگائیں جلد مواد پختہ ہو یا تحلیل ہو جائے۔

ششم: گنجشک نر کو پکڑ کر اس کے بال و پر دور کریں اور اس کو زندہ ڈورے میں باندھ کر تنور میں چھوڑ دیں بعد ازاں اسکو ذبح کر کے گھی میں بھونیں اور شیشی میں بھر کر رکھ چھوڑیں اس کی مالش سستی کو دور کرتی ہے۔

☆

گنجینہ طلسمات نمبر:83

زاغ یعنی کوا

اول: اگر اس کا دل تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھیں تو پیاس نہ لگے۔

دوم: اس کے پر جلا کر جس جگہ بال پیدا نہ ہوں اس جگہ لگائیں تو بال پیدا ہو جائیں۔

سوم: اگر دو محبوں کے درمیان کوے اور الو کی آنکھ کا دھواں کریں تو دونوں میں نفاق پیدا ہو۔

چہارم: اس کی چربی چہرہ پر مل کر جس شخص کے سامنے جائیں محبت سے پیش آئے۔

www.facebook.com/groups/freeamliyaat FREE AMLIYAAT BOOKS

پنجم: اگر اسکی سرگین سرخ کپڑے پر باندھ کر کھانسی والے کو کلائی میں باندھیں تو کھانسی سے آرام پائے۔

ششم: اگر کچھ پنجشنبہ میں کوے کے دائیں پاؤں کا ناخن لیکر جیب میں رکھیں تو روپیہ پیسہ سے کبھی جیب خالی نہ رہے۔

ہفتم: سیاہ زاغ کی زبان کو تیل میں جلا کر اس کے کاجل کو اس شخص کی آنکھوں میں لگا دیں جو الٹا پیدا ہوا ہو تو اس کو اگر کسی جگہ کچھ گڑا ہوا ہو تو معلوم ہو جائے۔

☆

گنجینہ طلسمات نمبر 84:

چیل

اول: اس کا پتہ اگر سانپ کی راہ گذر پر ڈال دیں تو جو سانپ اس کے اوپر سے گذرے گا فوراً ہلاک ہو جائے گا۔

دوم: جس جگہ سانپ بہت ہوں اس جانور کو وہاں گاڑ دیں تو سب سانپ بھاگ جائیں گے۔

سوم: اگر بچھو کاٹ جائے تو اس کے پتہ کو بطور سرمہ اس طرف کی آنکھ میں لگا دیں تو بچھو کا زہر اتر جائے۔

چہارم: اسکی ہڈی جلا کر اس کی راکھ زخم میں بھرنے سے زخم جلد پر اچھا ہوتا ہے۔

☆

گنجینہ طلسمات نمبر :85

چمگادڑ

اول: اس کی کھوپڑی سرہانے رکھیں تو نیند ہرگز نہ آئے۔

دوم: اگر اس کے دماغ کا تعویذ بنا کر انسان اپنے پاس رکھے تو خواہش نفسانی بڑھ

جائے اور قوت زیادہ ہوتی ہے۔

سوم: اس کا خون آنکھ میں لگانے سے مرض شب کوری دور ہوتی ہے اگر بغل کے بال اتار کر اس کا خون اس جگہ لگا دیں تو پھر عمر بھر بال پیدا نہ ہوں۔

چہارم: اس کی سرگین چونہ و ہڑتال میں ملا کر جس جگہ بال ہوں وہاں لگا دیں تو فوراً اتر جائیں۔

پنجم: اس کے سرگین کو تلوں کے تیل میں بریاں کر کے مالش کریں تو مرض سستی دور ہو اور اس کے سرگین کا سرمہ آنکھوں میں لگانا سفیدی چشم کو مفید ہے۔

☆

گنجینہ طلسمات نمبر: 86

الو

اول: اس کی دونوں آنکھیں پانی میں ڈالیں جو سیدھی رہے گی وہ خواب والی اور جو الٹی ہو وہ بیداری والی ہوگی۔ اگر سیدھی آنکھ کو کسی خفتہ کے سرہانے رکھ دیں تو اس قدر نیند غالب ہو کہ اس کا اٹھنے کو دل نہ چاہے اور معکوس آنکھ کو اگر نگینہ کے زیریں نصب کر کے انگوٹھی ہاتھ میں پہنائی جائے تو اس کے پہننے والے کو نیند نہ آئے۔

دوم: اس کی آنکھ مشک میں حل کر کے جس کو سونگھا دے وہ دوست ہو جائے۔

سوم: اس کا گوشت خشک کر کے جس جماعت یا شخص کو کھلا دیں وہ متفکر و حیران و پریشان ہو۔

www.freeamliyaatbookspdf.com FREE AMLIYAAT BOOKS www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

چہارم: اس کی ہڈی جلا کر اس کی راکھ جس کے سر پر ڈالیں وہ آوارہ ہو جائے۔
پنجم: اس کے پر جلا کر جس کو اس کی خاک کھلا دیں وہ ہر وقت غمگین رہے۔
ششم: اس کی آنکھ چاندی میں منڈھا کر اس تعویذ کو منہ میں رکھے تو غیب کے حالات جلد معلوم ہوں۔
ہفتم: الو کا پر اور گوگل سیاہ کپڑے میں لپیٹ کر گھی میں چرب کر کے فتیلہ بنا کر جلائیں اور اس کی سیاہی کا کاجل بنا کر آنکھوں میں لگائیں تو چپ چوتھیا اس کی تاثیر سے جاتا رہے۔

☆

گنجینہ طلسمات نمبر:87

باز

اول: اس کے پتہ کو سرمہ میں ملا کا ابتدائے مرض موتیا بند میں لگانے سے موتیا بند کو زائل کرتا ہے۔
دوم: اس کے پتہ کے عرق کو لقوہ والے کی ناک میں ایک بوند ٹپکا دیں اس کو آرام ہو۔
سوم: جس درخت پر اس کے ناخن باندھیں وہاں چڑیا ہرگز نہ آئیں۔
چہارم: اگر کوئی عضو جل گیا ہو تو اس کی ہڈی کی راکھ اوپر لگا دیں تو جلد زخم بھر جائے آرام ہو۔
پنجم: اگر قمر در عقرب میں اس کی چونچ لے کر اس کے چہرہ پر اس سے دشمن کا نام لکھ کر جائے ویرانہ میں دفن کر دیں تو دشمن آوارہ و سرگرداں ہو جائے۔

☆

گنجینہ طلسمات نمبر:88

ابابیل

اول: اس کے آشیانہ گھاس کو پانی میں دھو کر بوقت وضع حمل ... کی عورت کو پلائیں تو

www.freeamliyatbookspdf.com
facebook.com/groups/freeamliyat

ولادت میں آسانی ہو۔

دوم: اس کی آنکھیں ایک پارچہ میں باندھ کر جس شخص کے سرہانے رکھ دیں اس کو ہر گز نیند نہ آئے۔

سوم: اس کا گوشت کھانے سے آنکھ کی روشنی زیادہ ہوتی ہے۔

چہارم: اگر عورت اس کا گوشت کھائے تو خواہش دنیاوی اس کی زائل ہو جائے۔

پنجم: اس کی سرگین کو بطور مرہم دنبل پر لگائیں تو مواد پختہ ہو کر پھٹ جائے۔

ششم: اگر اس کی داہنی آنکھ کو زیر نگینہ نصب کر کے انگشتری کو ہاتھ میں پہنیں تو زر و مال زیادہ ہو ہر طرح سے ترقی دولت ہو۔

☆

گنجینہ طلسمات نمبر:89

بطخ

اول: اگر اسکا پتہ روغن بنفشہ میں ملا کر ناک میں ٹپکا دیں تو درد شقیقہ کو آرام ہو۔

دوم: اسکی چربی پھٹی ہوئی بوائی پر لگانے سے آرام ہوتا ہے۔

سوم: اگر اس کی چربی کو چہرہ پر ملیں تو خوبصورتی میں اضافہ ہو۔

چہارم: جس کو چوتھیا کا تپ آتا ہو اس کے داہنے بازو میں اسکا بایاں بازو باندھیں تو آرام ہو۔

پنجم: اس کے استخوان جلا کر تیل میں ملا دیں اور جائے درد پر مالش کریں تو آرام ہو۔

ششم: اس کے انڈے کی سفیدی خشک کر کے پانی کے ہمراہ قدرے کھائیں تو خشک کھانسی جاتی رہے۔

☆

گنجینہ طلسمات نمبر:90

مینڈک

اول: اگر اس کو شراب میں ڈالیں تو مر جائے پھر جب اس کو پانی میں رکھیں فوراً زندہ ہو جائے گا۔

دوم: اس کا شکم چاک کر کے سانپ کے کاٹے ہوئے زخم پر باندھیں زہر دور ہو جائے فوراً آرام ہو۔

سوم: اگر ابلتی ہوئی دیگ پر اس کو رکھ دیں تو اس کا تمام جوش جاتا رہے۔

چہارم: اگر اس کی زبان آٹا میں ملا کر روٹی پکائیں اور جس شخص پر چوری کا گمان ہو اس کو کھلا دیں تو وہ تمام راز بتا دے گا۔

پنجم: اگر حالت خواب میں اس کی زبان عورت کی چھاتی پر رکھیں تو اپنا راز دل فوراً اظہار کرے گی۔

ششم: اس کی زبان کو ٹھیکر کے چھلکوں میں جلا کر اس کی راکھ جہاں لگا دیں وہاں بال پیدا ہوں۔

ہفتم: اس کا خون اگر بدن پر ملیں تو سردی ہرگز نہ لگے۔

ہشتم: تو چندی اتوار کو زرد رنگ کا مینڈک لے کر اس کی پیشانی پر ہڈی کا تلک لگا کر گوگل

کی دھونی دے کر اس کو ہنڈیا میں بند کردو۔ جب وہ سوکھ جائے تو اس کو نکال کر پیس لو اور موسم برسات میں ایک چٹکی بھر بارش میں ڈال دو تو سینکڑوں مینڈک پیدا ہو جائیں۔ یہ نہایت عجیب و غریب شعبدہ ہے۔

ہفتم: مینڈک کی چربی ہاتھ میں مل کر آگ کوئلہ پکڑیں تو ہاتھ نہ جلے اگر اس کی چربی میں انجیر کی لکڑی تر کر کے چولہے میں ڈال دیں تو اس میں کوئی چیز نہ پکے۔

☆

گنجینہ طلسمات نمبر:91

عقرب یعنی بچھو

یہ زہریلا جانور ہے اس کی خاصیت کے بارے میں یوں مذکور ہے کہ

اول: اگر کسی جگہ بچھو کاٹے تو دوسرے بچھو کا یا اسی کا پیٹ چاک کر کے جائے گزیدہ پر باندھ دیں تو تمام زہر اتر جائے۔ درد سے فوراً آرام ہو۔

دوم: بچھو کو مٹی کے برتن میں بند کر کے دیگدان میں رکھ کر خاکستر کردیں پھر وہ خاک

برابر نیم "انگ مریض سنگ مثانہ" کو کھلا دیں تو چند روز کے استعمال سے آرام ہو۔

سوم: اگر کسی شخص کو بخار ودت سے آتا ہو تو بچھو کے کاٹنے سے آرام پائے۔

چہارم: بچھو کو جس مکان میں جلا دیں اس کے دھوئیں سے وہاں ہرگز کوئی بچھو نہ رہے۔

پنجم: بچھو کو جلا کر اس کی خاکستر جس جگہ پر بال ہوں لگا دیں پھر اس جگہ ہرگز بال پیدا نہ ہوں۔

ششم: جہاں بچھو ڈنگ مارے وہاں فوراً ایک مکھی مار کر مل دوز ہر دور ہو جائے گا۔

☆

گنجینہ طلسمات نمبر 92:

ٹڈی

www.freeamliyatbookspdf.com
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

یہ بڑا نامراد جانور ہے فصل کے پودوں کو جڑ سے کاٹ دیتا ہے اس کی خاصیت کتب میں یوں مذکور ہے۔

اول: اگر دراز پاؤں کی ٹڈی کو بخار چوتھیا والے کی گردن میں باندھیں تو اس کو آرام ہوتا ہے۔

دوم: بواسیر والے کو ٹڈی کی دھونی دیں تو فائدہ ہوتا ہے۔

سوم: ٹڈی کی ٹانگ کا ضماد بواسیر کے مسوں کو چند بار کے کرنے سے دور کرتا ہے۔

چہارم: اگر کسی شخص کا پیشاب بند ہو گیا ہو تو اس کو ٹڈی کی دھونی دینے سے اس کا پیشاب

اتر آتا ہے۔

پنجم: ٹڈی کو جلا کر خاکستر کر کے اس کی راکھ اگر زخم ناسور پر لگائیں زخم جلد اچھا ہو۔

☆

گنجینہ طلسمات نمبر:93

خراطین یعنی کیچوا

یہ سرخ رنگ اور پانی کے کنارے مٹی کے نیچے اپنے آپ کو چھپائے رکھتا ہے اور خود بخود طویل ہوتا جاتا ہے۔ موسم برسات میں کثرت سے نکلتا ہے۔

اول: اس کو کانٹے پر لگا کر جہاں مچھلیاں ہوں وہاں پھینک دیں تو مچھلی اس کو کھانے کو آتی ہے جس کو مچھلی پکڑنے والے فوراً پکڑ لیتے ہیں۔

دوم: اس کو بریاں کر کے یرقان کے مریض کو کھلا دیں تو آرام آئے۔

سوم: اس کو خشک کر کے پانی میں بھگو کر وہ پانی حاملہ کو وضع حمل کے وقت پلائیں تو ولادت آسانی سے ہو۔

چہارم: اس کو خاکستر کر کے روغن گل میں ملا کر جس جگہ بال نہ پیدا ہوتے ہوں وہاں لگا دیں تو بال پیدا ہوں۔

پنجم: اگر خراطین کو بے معلوم کسی عورت کی چوٹی میں رات کو باندھ دیں تو اس کو احتلام ہو جائے۔

ششم: خراطین کو صاف کر کے جنگلی کبوتر کی بیٹھ اور نرگس کی گانٹھ اور عاقر قرحا ملا کر میٹھے تیل میں جوش دیں تو اس تیل کی مالش سستی والے مریض کو از حد فائدہ دیتی ہے اور قوت بڑھاتی ہے۔ خراطین کو روغن زیتون اور عاقر قرحا میں حل کر کے مالش کرنی قوت کو بڑھاتی ہے۔

ہفتم: خراطین کو شہد میں ملا کر درد گلو پر لگانا آرام بخشتا ہے۔

☆

مردوں کیلئے الفت و محبت پیدا کرنے والے بے نظیر تنتر



گنجینہ طلسم نمبر :94

اگر کسی کو شوق ہو کہ لوگ مجھ سے زیادہ الفت و محبت کریں اور مہربانی سے پیش آئیں تو اس کو چاہیے کہ گدھ ایک جانور ہے جو مردار کھاتا ہے اس کی دونوں آنکھیں لے کر ان کو روغن شریف میں خوب حل کر کے اور بعد ازاں اس روغن کو جس روز کہ پنجشنبہ ہو ایک چراغ گلی نو میں ڈال کر روئی کی بتی بنا کر اس کی سیاہی اتارے اور پھر اس میں مکھن ملا کر کاجل بنا دے پس جو شخص اس کاجل کو آنکھوں میں لگا کر نزد محبوب جائے یا کسی مرد و زن سے بالمقابل ہو کر بات کرے تو وہ اس کی طرف دیکھتے ہی محبت ہو جائے گا اور بڑے محبت و اخلاص سے پیش آئے گا اور یہ کہ کمال مہربان ہو گا۔

از شاہ وچ مانچسٹر

گنجینہ طلسم نمبر:95

بھنگرہ اور گوکھرا کی جڑ اور گوروچن ان تینوں کو ملا کر گولی بنائیں پس جب کسی مجلس یا کسی زبردست کے سامنے جانا ہو تو اس گولی کو گھس کر اس کا تلک پیشانی پر لگائیں تو بڑی محبت اور مہربانی سے پیش آئیں گے یہ تنتر عجیب الخاصیت ہے۔

گنجینہ طلسم نمبر:96

پکھ نچھتر میں مدار یعنی آک کی جڑ بروز اتوار کو لائیں اور اس کو بھیڑ کے خون تازہ میں خوب حل کریں اور پھر اس میں سرمہ کا کاجل ملادیں اور پھر جو شخص اس کاجل کو آنکھوں میں لگادے تمام زن و مرد اس کے دیکھنے والے اس پر فریفتہ ہوں اور کمال الفت و محبت سے پیش آئیں اگر نزد محبوب حصول مطلب کے لئے جائیں تو مدعا دلی بر آئے۔

گنجینہ طلسم نمبر:97

بروز اتوار جبکہ پکھ نچھتر ہو اس وقت دھتورہ کی پانچوں چیزیں یعنی جڑ، ڈنڈی، پھل، پھول، برگ لے کر زیرہ سفید اور گوگل ملا کر ان سب کو بھینس کے خون میں خوب حل کریں اور گولیاں بنائیں پس اس گولی کی دھونی جس مرد یا عورت کو دیں اس میں مادۂ الفت و محبت کا زیادہ ہو اور اس کے عامل سے اس کو کمال درجہ کی الفت پیدا ہو جائے۔

گنجینہ طلسم نمبر:98

ہڑتال منسل اور بھنورے کے دونوں پر اور دھتورہ کے پھول سب برابر وزن لے کر خوب کوٹ کر گولیاں بنا کر رکھ چھوڑیں اور بعد ازاں اس گولی کو گھس کر جو شخص اس کا تلک اپنی پیشانی پر لگائے دیکھنے والے محبت ہوں ہر دلعزیزی کا عجیب تنتر ہے۔

گنجینہ طلسم نمبر:99

پکھ یا شرون نچھتر میں دھتورہ کی ہی کلی اور مور کی بیٹھ ان کو برابر وزن لے کر خوب باریک گولیاں بنائیں اور پھر ان میں سے ایک گولی کا دھواں جس شخص کو دیں وہ کمال محبت اور مہربانی سے پیش آئے۔

گنجینہ طلسم نمبر:100

کیسر، بگر، بڑتال برابر وزن لے کر اس میں بروز شکروار یا کہہ پچھتر اپنی چھوٹی انگلی کا خون ملا کر اس کا تلک اپنی پیشانی پر لگا دیں تو اس کی تاثیر سے جو لوگ اس کی طرف دیکھیں گے عزت اور الفت سے پیش آئیں گے۔

گنجینہ طلسم نمبر:101

بھنورے کے دونوں پر اور طوطے کا ماس اور کان کی میل لے کر ان میں کہہ پچھتر میں اپنی انا مکا انگلی کا خون ملا کر گولی بقدر بسور بنا کر بروز شکروار ایک گولی جس عورت کو کھلا دیں وہ محبت میں دیوانی ہو اور اس شخص کی اس کی کمال توجہ ہو بلکہ اسکی علیحدگی ایک لمحہ کیلئے بھی اس کو ناگوار معلوم ہو اگر اس گولی کو رگڑ کر عورت کے جسم سے تھوڑی سی لگا دیں تو کمال محبت و مہربانی سے پیش آئے۔

گنجینہ طلسم نمبر:102

تالیس۔ کٹھ۔ بگر تینوں کو برابر وزن سے کر خوب حل کریں اور بعد ازاں اس کے سلوف کو روئی میں لپیٹ کر کپڑے کی بتی بنا کر ایک چراغ نو میں روغن سرسوں ڈال کر بروز شکروار کہہ پچھتر میں انسان کی کھوپڑی کے اوپر رکھ کر چراغ جلائیں اور اس کی سیاہی اتاریں اگر کھوپڑی میسر نہ ہو دوسرے طریقہ سے سیاہی اتارے اور بعد ازاں اس میں روغن گاؤ ملا کر اس کا کاجل بنالیں پس اس کے کاجل کو جو شخص آنکھوں میں لگائے گا ہر دلعزیز ہوگا جبکہ نزد محبوب و مطلوب کے اس کاجل کو لگا کر جانا عاقلی بر لاتا ہے۔

گنجینہ طلسم نمبر:103

کہہ پچھتر میں سیاہ دھتورے کے پھول اور بھرنی پچھتر میں پھل اور بشاکھا پچھتر میں شاخ اور پوست، پچھتر میں برگ اور مولا پچھتر میں جڑ لا کر اس میں کپور، کیسر، گوروچن ملا کر سب کو خوب باریک کرے اور پھر اس کی گولیاں بنا کر رکھ چھوڑے اور بوقت ضرورت اس کو گھس کر پیشانی پر اس کا تلک (قشقہ) لگائے تو اس کی بے نظیر تاثیر عورتوں کو موہت اور وشی

بھوت کردیتی ہے۔

گنجینہ طلسم نمبر:104

سیاہ کھنورے کے دونوں پر معہ اس کے بالوں کے اور پھوکر مولی اور عکر اور سفید کاک جنگھاں ان سب کو باہم خوب باریک کریں پھر اس سفوف سے تھوڑا سے کسی زہرہ جبیں کے بدن پر بے خبر ڈال دیں تو بڑی الفت و محبت سے پیش آئے۔

گنجینہ طلسم نمبر:105

بھنگرہ سیاہ و سفید اور لاجونتی (چھوئی موئی) اور سہدیوی ان سب کو برابر وزن لے کر خوب باریک چھان کر سفوف بنائیں اور جب کسی مجلس میں جانے کا اتفاق ہو تو اس کا تلک پیشانی پر لگا کر جائیں تو اہل مجلس بڑی عزت و تواضع کریں گے۔

گنجینہ طلسم نمبر:106

اتوار کو جب کہ نچھتر ہو تو ایک تازہ انڈا مرغ کا لے کر اس میں سوراخ کر کے اس کی سفیدی دور کریں اور پھر اس میں اپنا آب سفید بھر دیں اور پھر اسکا منہ بند کر کے سرگین اسپ میں ۲۱ روز تک دفن کریں اور بعد ازاں نکال کر چھلکا اس کا دور کریں اور بقیہ کو خشک کر کے رکھ چھوڑیں اور بوقت ضرورت اس سفوف میں سے قدرے جس عورت کو کھلائیں وہ مطیع و فرمانبردار ہو جائے اور اپنے زر و مال اور تن و جان سے اس پر نثار ہو اور اس کی جدائی اس کو نا گوار گزرے عجیب بے نظیر نسخہ ہے جس کو دوستوں نے تجربہ کیا ہے۔

گنجینہ طلسم نمبر:107

ہدہد کے ناخن اور اپنے دست و پا کے ناخن بروز شکر وار اتار کر ایک سفال آب نارسیدہ میں خاکستر کریں اور اس میں اپنا آب سفید ملا کر قدرے جس عورت کو کھلائیں وہ موہت ہو اور بکمال محبت و الفت کرے۔

گنجینہ طلسم نمبر:108

جس روز مرکشر نچھتر سوموار کے دن ہو اس روز سپاری لے کر اس کو خوب باریک

کرے اور پھر اس میں اپنا آب سفید ملا کر اس کو پان میں قدرے ڈال کر جس عورت کو کھلا دے وہ وحشی بھوت یعنی موہت ہو جائے۔

گنجینہ طلسم نمبر:109

کچھ پچھتر میں تل یا مجیٹھ کا سفوف بنا کر جس کے بدن پر ڈالے وہ محبت سے پیش آئے۔

گنجینہ طلسم نمبر:110

کیسر، چندن، گورو چن کا تلک پیشانی پر لگانا لوگوں میں محبت پیدا کرتا ہے۔

گنجینہ طلسم نمبر:111

لو چندری اتوار کو مرگھٹ کی خاک اور اس میں اپنا لعاب دہن اور آب سفید ملا کر اس میں اپنے دست و پا کے ناخن خاکستر کر کے ملائے اور اس میں سے قدرے استری کو کھلائے وہ موہت یعنی وحشی بھوت ہو۔

گنجینہ طلسم نمبر:112

کاک جنگھاں، بچ، کوٹ ان سب کو خوب باریک پیس کر کپڑے میں چھان لیں پھر اس میں اپنا آب سفید اور خون ملا کر مسور کے دانہ کے برابر گولیاں بنائیں اور جب کسی استری کو اپنے اوپر موہت کرنا ہو تو سب ایک گولی پر منتر مندرجہ ذیل ۲۱ مرتبہ پڑھیں:

اونگ نمو بھگوتی رود رالے

چامنڈی اوسکی مم ویشمان سواھا

پڑھ کر اس کو پان یا کسی اور چیز میں کھلا دے تو محبت میں فریفتہ ہو بلکہ ہمیشہ مطیع و فرمانبردار رہے۔

گنجینہ طلسم نمبر:113

کچھ پچھتر میں شکر جتا (یا پچھر) کی جڑ لے کر تھوڑی دیر اپنے منہ میں رکھ کر پھر پان میں رکھ کر جس کو کھلائے وہ محبت و الفت کرے۔

گنجینہ طلسم نمبر:114

پکہ نچھتر میں مجیٹھہ کی جڑ لے کر اس کو خوب باریک پیس کر سفوف بنائیں اور پھر اس سفوف کو جس شخص کے جسم پر تھوڑا سا ڈال دے وہ محبت و مہربانی سے پیش آئے۔

گنجینہ طلسم نمبر:115

گوروچن اور مچھلی کا پتہ دونوں کو خوب ملا کر گولی بنائے اور پھر جو عورت اس گولی کو گھس کر اپنی پیشانی پر تلک لگائے دیکھنے والے اس سے محبت کریں۔

گنجینہ طلسم نمبر:116

گوروچن اور سہدیوی کی جڑ لے کر اور جوانساہ کی جڑ دونوں کو باریک کر کے پیس کر گولی بنائیں پھر جو شخص اس گولی کو گھس کر اپنی پیشانی پر تلک لگائے تو دیکھنے والے نہایت عزت اور محبت سے پیش آئیں۔

گنجینہ طلسم نمبر:117

پکہ نچھتر میں سفید آک کی جڑ اور جوانساہ کی جڑ لے کر دونوں کو کھرل کر کے گولی بنائے اور اس کا تلک پیشانی پر لگائے تو دیکھنے والے نہایت عزت اور محبت سے پیش آئیں۔

گنجینہ طلسم نمبر:118

شرون نچھتر میں یوکومول کی جڑ لے کر اس میں تگر ملا دے اور گولی بنائے پھر اس گولی کو گھس کر اپنی پیشانی پر تلک لگا کر نزد محبوب کے جائے تو محبت درجہ کمال ہو۔

گنجینہ طلسم نمبر:119

مجیٹھہ، موتھا، بچ، سفید آک کی جڑ اور اس میں اپنے جسم کا خون ملا کر اس کا تلک پیشانی پر لگانے سے لوگوں میں محبت و ہر دلعزیزی پیدا ہوتی ہے۔

گنجینہ طلسم نمبر:120

مور کے دائیں اور بائیں انگ کے دونوں پر اور پھول کر پھول و تگر و سفید آک

جنگھاں ان سب کو خوب پیس کر سفوف بنائے اس میں جس کے سر پر تھوڑا سا ڈالے وہ محبت میں دیوانہ اور مطیع وفرمانبردار ہو جائے۔

گنجینہ طلسم نمبر:121

شکل یعنی چاند نے حسنہ میں جس روز منگل وار کو بھرنی نچھتر اور تتھ دوج ہو اس روز الائچی خورد اور سپاری دکنی و ماکنی اور لونگ کے لران کو خوب باریک کرے اور پھر اس میں لاجونتی کا عرق ڈال کر اس کو کھرل کر کے اس میں اپنا سفید آب ڈالے اور مونگ کے برابر گولی بنا کر اس گولی میں سے جس محبوب کو ایک گولی پان میں رکھ کر کھلا دیں وہ تمام عمر مطیع و فرمانبردار رہے اور طالب کی محبت میں فریفتہ ہو۔

گنجینہ طلسم نمبر:122

منگل وار کو ہشا کھا نچھتر میں منتر پڑھ کر:

اونگ پائے اجنائے سواھا

دار ہلدی کی جڑ اکھاڑے اور پھر اس کو خوب باریک پیس کر سفوف بنالے اور اس سفوف میں سے قدرے جس استری کے سر پر ڈالے وہ موہت اور تابع دار اور فرمانبردار ہو جائے۔

گنجینہ طلسم نمبر:123

کرشن پکھ کی ترودشی کے دن سفید چٹلا کی جڑ لا کر اس میں سے قدرے پان میں رکھ کر جس کو کھلائے وہ محبت میں فریفتہ ہو۔

گنجینہ طلسم نمبر:124

جب سوموار کو پکھ نچھتر ہو اس روز برہم ڈنڈی بوٹی کی شاخ لا کر اس کو گھس کر آنکھوں میں لگائے تو جو شخص اس کی طرف دیکھے وہ نہایت الفت اور محبت سے پیش آئے۔

گنجینہ طلسم نمبر:125

الو کی دونوں آنکھیں بنس، لوچن، اور کمیلا ان تینوں کو ملا کر حل کرلے اور جب

خشک ہو جائے تو اس کو روئی میں لپیٹ کر کپڑے کی بتی میں رکھ کر چراغ تو میں روغن گائے ڈال کر اس کو جلائے اور اس وقت اس چراغ کے مقابل بیٹھ کر یہ منتر پڑھے:

اونگ نمو مہا پکی اس اس کے ویشی مان سواھا

اور اسکے دھواں کی سیاہی اتار لے پھر اس کو مکھن میں ملا کر کاجل بنائے پس اس کاجل میں سے جو شخص ایک سلائی آنکھوں میں ڈال کر نزد محبوب کے جائے وہ درجہ کمال محبت میں فریفتہ اور دل و جان سے مطیع ہو۔

گنجینہ طلسم نمبر:126

کبوتر کی بیٹ شہد میں ملا کر استعمال کرنے سے طرف ثانی کو مسخر کر لیتا ہے۔

گنجینہ طلسم نمبر:127

گورچن کو سو پارہ، کیسر، چندن، دھتورہ کے عرق میں کھرل کر کے ترکیب مذکورہ بالا استعمال کرنے سے طرف ثانی محبت میں سرشار اور مطیع اور فریفتہ ہوتا ہے۔

گنجینہ طلسم نمبر:128

سرسوں سفید کو پنجہ کنڈا کے عرق میں کھرل کر کے جو شخص اس کا تلک پیشانی پر لگائے اس کو دیکھنے والے نہایت محبت اور پیار کریں۔

گنجینہ طلسم نمبر:129

برہم ڈنڈی، بچ، کوٹھ ان سب کو خوب کوٹ کر باریک کرے اور پھر اتوار کے دن اس میں سے جس کو قدرے پان میں کھلائے وہ اس کے تابع و فرمان ہو۔

گنجینہ طلسم نمبر:130

سوموار کے دن لال چرچٹا یعنی پٹھ کنڈا کو نیوتہ دے آئے اور کہہ دے کہ کل میں تم کو جس کارج کیلئے لے جاؤں گا وہ سدھ کرنا تھوڑے چاولوں کے دانے اس جگہ ڈال آئے پس دوسرے روز جا کر اس کو جڑ سے اکھاڑ لائے اور اس کی جڑ کو بوقت حاجت کمر میں باندھے تو مدعا دلی پورا ہو۔

www.freeamliyat.com / www.facebook.com/groups/freeamliyat — FREE AMLIYAT

گنجینہ طلسم نمبر: 131

کپور، سہاگہ، پارہ برابر وزن لے کر سورج مکھی کے پھول کے عرق میں ان سب کو کھرل کرے اور پھر شہد میں ملا کر لیپ کرنے سے ایسا کنجوس و مسک ہو کہ دیکھنے والا عش عش کرے۔

گنجینہ طلسم نمبر: 132

اتوار کے دن بکم پنچھتر میں سفید سر پھوکا کی جڑ لا کر کنواری لڑکی کے ہاتھ کے کاتے ہوئے سوت کی سات تاریں لے کر اس میں اس کو باندھ کر بوقت حاجت کمر میں باندھے تو مسک ہو اس طرح بکم پنچھتر میں سفید کنیر کی جڑ لا کر کمر میں باندھنے سے مدعا دلی بر آتا ہے۔

گنجینہ طلسم نمبر: 133

لاجونتی کی جڑ اور بیٹھ کیا کو تانبے کے برتن میں گھس کر رات کو آنکھوں میں بطور سرمہ لگائے تو بھی مدعا حاصل ہو۔

گنجینہ طلسم نمبر: 134

سیندھور، املی کا پھل، شہد ہر سہ برابر وزن لے کر خوب حل کر کے لیپ کرنے میں طرف ثانی جلد مغلوب ہو جاتا ہے۔

گنجینہ طلسم نمبر: 135

کنڈیاری کی جڑ کو باریک پیس کر ہاتھ پر لیپ کرے اور وہ ہاتھ کسی عورت کے جسم سے مس کر دے تو وہ فوراً اپنا آپ چھوڑ دے۔

گنجینہ طلسم نمبر: 136

سیاہ مرچ۔ تخم دھتورہ۔ چنبیلی۔ لودھ ان سب کو کوٹ کر شہد میں حل کر کے لیپ کرے تو مطلوب مغلوب اور اپنی طاقت کو فوراً زائل کر دے۔

گنجینہ طلسم نمبر:137

بالچھڑ، بہیڑہ، کٹھ، اسگندھ، ستاور، ان پانچوں کو نکوں کے تیل میں پکا کر سست اعضاء کارفتہ پر مالش کریں تو چند روز میں طاقت مردی پیدا ہو جائے گی۔

گنجینہ طلسم نمبر:138

یکم پنچھتر میں سفید آک کی جڑ اکھاڑ کر بازو پر باندھنے سے لوگوں میں عزت اور محبت بڑھتی ہے۔

گنجینہ طلسم نمبر:139

چاند گرہن میں اول چیتے کی جڑ لے کر اس کو شہد میں باریک پیس کر رکھ لیں اور پھر اس کا تلک پیشانی پر لگائیں تو دیکھنے والے مسوحت ہوتے ہیں۔

گنجینہ طلسم نمبر:140

سورج گرہن یا چاند گرہن میں پاک صاف ہو کر شمال کی طرف سے سرپھوکا یا اودھ کی جڑ لا کر اس کو بطور تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھیں تو قوت حافظہ بہت بڑھے اور عقل تیز ہو۔

گنجینہ طلسم نمبر:141

اتوار کو سرس کی جڑ لا کر اس کو پانی میں پیس کر اس کا تلک پیشانی پر لگانے سے دیکھنے والے اس سے ہیبت زدہ ہوں۔

گنجینہ طلسم نمبر:142

اگر بروز اتوار یا منگل وار گھوڑے اور خچر کی دم کا بال ایک ایک لے کر اسکو زرد کوڑ میں سوراخ کر کے دونوں بالوں کو آپس میں پرو کر دست راست کے بازو پر باندھیں تو طرف ثانی اس کی طاقت سے حیران و ششدر رہ جائے۔

گنجینہ طلسم نمبر:143

اتوار کو تلسی کے بیج میں سہدیوی کے رس میں پیس کر اس کا تلک پیشانی پر لگانے

سے دشمن بھی دوست بن جاتا ہے۔

گنجینہ طلسم نمبر:145

برہم ڈنڈی اور چتا یعنی مسان کی بھسم باہم ملا کر جس عورت کے جسم پر ڈال دیں وہ موہت ہو۔

گنجینہ طلسم نمبر:146

جب اتوار کو اماوس ہو تو الو ایک جانور ہوتا ہے اس کا گوشت لے کر تھوڑا سا زعفران اور ان کے ہم وزن صندل سرخ ملا کر گولی بنائے اور سایہ میں خشک کرے پھر اس میں سے ایک گولی لے کر اس کو دھوپ دے کر مرد یا عورت کو پان میں کھلا دے وہ قابو میں آجائے۔

گنجینہ طلسم نمبر:147

اتوار کو الو کی زبان اور ڈھائی برگ نیم کے دونوں کو باریک پیس کر سرمہ بنائے اور آنکھوں میں لگائے تو جو شخص اس کو دیکھے اس پر فریفتہ ہو جائے عورتیں وشی بھوت یعنی محبت میں سرشار ہوں۔

گنجینہ طلسم نمبر:148

اتوار کو اماوس کے روز الو کی آنکھ اور بلی کی آنکھ لے کر اس میں پارہ، کیسر، ہینگ، رسوت، سرسوں، ناگ کیسر ملا کر سب کو باہم پیس کر مرگھٹ مسان میں گاڑ آئے اور پھر دوسرے اتوار کو وہاں جا کر اکھاڑ لائے پھر جس عورت کے سر پر ایک چٹکی سفوف اس میں سے ڈال دے۔ وہ اس کے مطیع اور محبت میں بے قرار ہو۔

گنجینہ طلسم نمبر:149

اتوار کی اماوس کو الو کا کلیجہ، مین پھل، اسگند، گورچن، کیسر، چمگادڑ کی بیٹھ اور بھینسے کے سینگ اور کٹھ ان سب کو خوب برابر وزن لے کر باریک پیس کر گئو موتر میں حل کرے اور گولیاں بنا کر رکھ چھوڑے پس جب اس میں سے گولی کو گئو موتر میں گھس کر پیشانی پر اس کا تلک لگائے تو دیکھنے والے موہت ہوں جس محفل میں جائے لوگ عزت زیادہ

کریں۔ محبت سے پیش آئیں۔

گنجینہ طلسم نمبر:150

بروز سنیچر دار سیاہ زاغ کی زبان اور مسان کی خاک اور اس میں اپنے ہاتھ پاؤں کے ناخنوں کی راکھ اور مطلوب کے بائیں پاؤں کے تلوے کی خاک اور چورستہ کی خاک ان سب کو پیس کر بہ حفاظت رکھے اور بوقت ضرورت مطلوب کے سر پر تھوڑی سی ڈال دے پس وہ عورت محبت میں بے قرار ہوگی۔

گنجینہ طلسم نمبر:151

چیل کی آنکھ اور اس میں زعفران اور کستوری ملا کر مسور کے برابر گولی بنائیں اور بوقت ضرورت جس عورت کو ایک گولی پان میں رکھ کر کھلا دیں وہ محبت میں بے قرار اور ایسی موہت ہو کہ پھر اس کے بغیر نہ رہ سکے۔

گنجینہ طلسم نمبر:152

سورج یا چاند گرہن میں ایک سپاری خورد لے کر اس پر یہ منتر ۱۰ امرتبہ پڑھ کر

اوم ھرینگ کرینگ پر استری مم و سیانگ چتر متھی سواھا

اور پھر اس کو ثابت اس وقت نگل جائے اور پھر جب تک گرہن صاف نہ ہو اس منتر کو پڑھتا رہے اور پھر دوسرے دن جب حاجت کو جائے تو وہ سپاری اس سے نکال لے اور اس کو دودھ سے دھو کر اپنے پاس رکھے پس جب کسی زہرہ جبیں کو اس میں سے ایک چاول بھر ہمراہ پان کے کھلائے وہ محبت میں ایسی فریفتہ ہو کہ پھر اس سے ایک گھڑی بھی جدا ہونا پسند نہ کرے۔

گنجینہ طلسم نمبر:153

ماگھ بدی چودش کو سفید گھونگچی کی جڑ لا کر جس کو پان میں ذرہ سی کھلا دے وہ موہت ہو جائے۔

غش حبیبوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

گنجینہ طلسم نمبر:154

الو کا دماغ ایک دانگ اور دو حبہ زہرہ خنزیر دونوں کو باہم سوختہ کر کے جس شخص کو طعام میں قدرے کھلا دے۔ وہ محبت میں مبتلا ہو۔

گنجینہ طلسم نمبر:155

اگر ممولا جانور کا گوشت شہد میں حل کر کے قدرے بوند عطر کی ڈال کر اس کو لگا کر نزدیکی کرے تو مطلوب محبت میں فریفتہ ہو جائے۔

گنجینہ طلسم نمبر:156

اگر بروز اتوار سورج یا چاند گرہن میں لاجونتی کی جڑ لے کر اس کو بطور تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھے تو عورتیں اس سے زیادہ شرم حیا کریں اور اس کے سامنے نہ بولیں۔

گنجینہ طلسم نمبر:157

سنیچر کو طلوع آفتاب سے پہلے لاجونتی کے پودے کو چند عدد چاول ڈال کر نیوتہ دے اور سرخ تار سوت کی اس کو باندھ دے اور پھر اتوار کو طلوع آفتاب سے پہلے اس کی جڑ اکھاڑ لائے اور اسکو چاندی کی انگوٹھی میں نصب کر کے ہاتھ میں پہنے تو قوت مردانگی زیادہ ہو۔

☆

www.freeamliyaat.com
AMLIYAAT
facebook.com/groups/freeamliyaat

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

عورتوں کیلئے موہنی تنتر

گنجینہ طلسم نمبر:158

کاکڑ سنگی، بچ، اوٹ کٹارہ، ہرڑ، جھوٹی الائچی ان سب کو ہم وزن لے کر اور
اس میں ملاگری چندن ملا کر اس کا دھوپ بنائیں اور پھر اس کی دھونی کپڑے میں یا گھر میں

دیں تو اس دھوپ کی سوگند سے آدمی وحش بھوت ہو جائیں۔

گنجینہ طلسم نمبر:159

بھنگرہ سیاہ، سفید اور لاجونتی ان کو پیس کر گولی بنائیں اور پھر اس گولی کو گھس کر جو عورت اپنی پیشانی پر تلک لگائے دیکھنے والے موہت ہو جائیں۔

گنجینہ طلسم نمبر:160

پکھ نچھتر میں دھتورے کے پھول لاکر اس قدرے کستوری اور بھنورے کے پر ڈال کر اس کی گولی بنائے اور گھس کر اس کا تلک پیشانی پر لگانے سے دیکھنے والے دل و جان سے اس پر فریفتہ و شیدا ہوں۔

گنجینہ طلسم نمبر:161

اتوار کو دھتورے کی پانچوں چیزیں جڑ، پھل، پھول، پتے لکڑی لاکر اس میں بھینس کا خون ملا کر اور اس میں سفید زیرہ کوگل ملائے اور ان سب کو کوٹ کر دھوپ بنائے پھر اس دھوپ کی دھونی مکان میں دیجئے یا کپڑوں میں دیجئے سے دشمن بھی متر ہو کر موہت ہو جاتے ہیں۔

گنجینہ طلسم نمبر:162

دھتورہ اور مور کی بیٹھ برابر وزن لے کر اس کی دھونی کرنے سے لوگ وشی بھوت ہوں۔

گنجینہ طلسم نمبر:163

چھچھوندر اور سانپ کا سر اور بچھو کا کانٹا ان سب کو ملا کر دھوپ بنانے پھر اس کی دھونی جس کو دے وہ کیسا ہی دشمن کیوں نہ ہو وشی بھوت ہو جائے۔

گنجینہ طلسم نمبر:164

اوشیر کالا۔ اگر۔ چندن۔ تیج پات۔ دھتورہ بالا سب کو برابر وزن لے کر خوب پیس کر جسم پر لگائے تو اس کی خوشبو سے لوگ موہت ہو جائیں۔

گنجینہ طلسم نمبر:165

بالچھڑ۔ کیسر۔ کٹھ ان تینوں کو باریک پیس کر کپڑے میں چھان کر ہر روز جو عورت پندرہ روز تک اس میں تھوڑا تھوڑا استعمال کرے تو اس کے منہ کی خوشبو مانند کیوڑے کے ہو جائے جس سے لوگ موہت ہوں۔

گنجینہ طلسم نمبر:166

اگر کٹھ کو پیس کر شہد و گھی میں ملا کر تال مکھانہ کے ہمراہ ۶ ماشہ روز استعمال کرے تو ایک ماہ کے اندر اس کے منہ کی خوشبو مثل کیتکی کے پھول کے ہو جائے جس سے اس کا طالب اس پر موہت رہے۔

گنجینہ طلسم نمبر:167

سنبل کے کانٹے دودھ میں پیس کر آٹھ دن تک اس کو منہ پر لگا دھوئیں تو چہرہ خوبصورت اور صورت سہانی ہو جائے۔

گنجینہ طلسم نمبر:168

مکھی کو خشک کر کے سرمہ میں ملا کر جو عورت آنکھوں میں اس سرمہ کو لگائے اس کی آنکھیں بڑی خوبصورت معلوم ہوں دیکھنے والے فریفتہ ہوں۔

گنجینہ طلسم نمبر:169

اگر لاجونتی کے چند پتے لے کر ان کا ضماد کرے تو آدمی مغلوب رہے۔

گنجینہ طلسم نمبر:170

کرشن پکھ کی چودش کو دھتورے کی جڑ لا کر اس کا تعویذ بنا کر جو عورت کمر میں باندھے اس کی تاثیر سے وہ حاملہ نہ ہو اگر سانپ کے دانت عورت اپنے پاس رکھے ہرگز حاملہ نہ ہو مینڈک کی ہڈی پاس رکھنے سے بھی حاملہ نہ ہوگی۔

گنجینہ طلسم نمبر:171

سرسوں کی جڑ کمر میں باندھنے سے حمل نہیں ٹھہرتا۔

گنجینہ طلسم نمبر:172

اگر زمرد کے نگینہ کی انگوٹھی عورت حاملہ اپنے بائیں ہاتھ میں پہنے تو اسقاط حمل سے محفوظ رہے۔

گنجینہ طلسم نمبر:173

گج پھل، اسگندھ، بچ ان سب کو خوب کوٹ کر پھر بھینس کے مکھن میں ملا کر جو عورت اپنی چھاتیوں پر لگائے اس کی چھاتیاں نرم نہ ہوں۔

گنجینہ طلسم نمبر:174

ناشپاتی کے پھول کو تیل میں حل کر کے لیپ کرنے سے آدمی وحشی بھوت ہوتا ہے

گنجینہ طلسم نمبر:175

زبان کی میل اور لونگ دونوں کو گھس کر اگر کسی کو کھلائے تو وہ آدمی مبہوت ہو جائے

☆

ولادت میں آسانی

چونکہ ولادت کے وقت عورتوں کو سخت تکلیف ہوتی ہے ان کی رفع تکلیف کے

لئے سحر شاستر جاننے والے بتاتے ہیں کہ

گنجینہ طلسم نمبر:176

اگر شمال کی طرف منہ کر کے سفید پولا کی جڑ لے کر عورت کی کمر سے باندھیں تو ولادت میں آسانی ہو۔ اگر درد زہ میں سنگ مقناطیس کا ٹکڑا عورت ہاتھ میں رکھے تو وضع حمل میں آسانی ہو۔

گنجینہ طلسم نمبر:177

آڑوسہ کی جڑ لے کر کچے سوت کی سات تاریں لے کر اس کو اس میں باندھ کر عورت وضع حمل میں کمر میں باندھے تو ولادت میں تکلیف نہ ہو۔

گنجینہ طلسم نمبر:178

کلاہاری یعنی کنڈھاری کی جڑ اتوار کو لے کر وضع حمل کے وقت عورت اپنی ناف پر لیپ کرے تو ولادت میں آسانی ہو اگر سرخ کپڑا میں تنگ باندھ کر عورت کے بائیں جانب باندھیں تو آسانی ہو۔

گنجینہ طلسم نمبر:179

چولا نر و مادہ کی جڑ اتوار کو پکڑ چھتر میں لا کر کمر میں باندھنے سے بھی یہی تاثیر ہوتی ہے۔

گنجینہ طلسم نمبر:180

سنبھالو کی جڑ لے کر کمر میں باندھنے سے وضع حمل آسانی ہوتی ہے۔

گنجینہ طلسم نمبر:181

وضع حمل کے بعد جسم خراب ہو جاتا ہے اگر بیر بہوٹی کو پیس کر لیپ کریں تو بدن درست ہو جاتا ہے۔ اسگندھ کی بھی یہی تاثیر ہے اور مین پھل، کتھ ان کو شہد میں ملا کر استعمال کرنے سے بھی یہی تاثیر ہوتی ہے۔

سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

☆

حفاظت طفلان شیر

چونکہ چھوٹے بچوں کو نظر بد بہت جلد اثر کرتی ہے جس کے واسطے تنتر کے جاننے والے لکھتے ہیں کہ:

گنجینہ طلسم نمبر:182

بروز اتوار پکھ پخشتر میں سفید چونلے کی جڑ لے کر اس کو بطور تعویذ بنا کر لڑکے کے گلے میں ڈال دیں تو اس کی تاثیر سے ہر قسم کی نظر بد اور آسیب سے محفوظ رہے گا۔

گنجینہ طلسم نمبر:183

چاند گرہن میں کنڈھاری کی جڑ لائیں اور اس کو چاندی میں منڈھا کر بطور تعویذ لڑکے کے گلے میں ڈال کر دیں تو اٹھرا اور دیگر امراض سے بچہ محفوظ رہے گا۔

گنجینہ طلسم نمبر:184

جس عورت کو مرض اٹھرا ہو اور اس سے اس کی اولاد ضائع ہو جاتی ہو تو چاہیے کہ پکھ پخشتر میں چاند کے اتوار کو نیم کی کونپل لے کر اس کے برابر اس میں کالی مرچ ملا کر گولیاں بقدر دانہ مسور بنا کر رکھ چھوڑیں اور جب ایام حمل کو پانچ مہینہ ہو جائیں تو ایک گولی عورت کو دودھ یا تازہ پانی کے ہمراہ کھلا دیں تا کہ وضع حمل ہو اور بعد ولادت جب تک بچہ دودھ نہ چھوڑے تک عورت کو کھلاتے رہیں تو اس کی تاثیر سے مرض اٹھرا جاتا رہے گا اور اولاد زندہ رہے گی۔

گنجینہ طلسم نمبر:185

اتوار کو پکھ پخشتر میں سفید آگ کی جڑ لا کر بطور تعویذ لڑکے کے گلے میں باندھ دیں تو اس کی تاثیر سے نظر بد لڑکا محفوظ رہے گا۔

گنجینہ طلسم نمبر:186

سانپ کی کینچلی اور شیشم و نیم کے پتے اور ہلدی و بیج لہسن و ہینگ و گئو کے بال

اور کاکڑ سنگی، کالی مرچ، شہد ان سب کو خوب سوختہ کر کے دھوپ بنا کر رکھ چھوڑے۔ جس بچہ کو مرض آسیب یا نظر بد کا عارضہ ہو جائے اسکی دھونی دیں ایک مرتبہ دینے سے فوراً آرام ہوگا

گنجینہ طلسم نمبر:187

سرس کے بیجوں کی مالا بنا کر لڑکے کے گلے میں پہنا دیں تو اس کے دانت آسانی سے نکل آئیں گے۔

گنجینہ طلسم نمبر:188

جس لڑکے کے ہچکی آتی ہو۔ اس کے گلے میں ایک ریشم لے کر باندھ دیں تو اسکی تاثیر کی ہچکی جاتی ہے۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaat

گنجینہ طلسم نمبر:189

خرگوش کا خون عرق گاؤ زبان میں ملا کر ایک قطرہ بچے کو دینے سے ڈبہ کے مرض سے آرام ہوتا ہے۔

گنجینہ طلسم نمبر:190

اگر شیر خوار بچہ دودھ کی قے کر دے تو عرق گلاب میں لونگ جوش دے کر بوند بوند اس کو دیں تو آرام ہوگا۔

☆

دشمنوں کو مغلوب کرنے کے تنتر

گنجینہ طلسم نمبر:191

دھتورہ اور ادرک اور بوہڑ اور موگا کی جڑ مساوی وزن لے کر سب کو پیس کر جو شخص اپنی پیشانی پر تلک لگا کر دشمن کے مقابلہ میں ہو جائے اس کو دیکھتے ہی دشمن اس سے خوف زدہ ہو۔

دوستی جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

گنجینہ طلسم نمبر:192

پکھ نچھتر میں چنبیلی کی جڑ اکھاڑ کر لائیں اور اس کو بطریق تعویذ اپنے پاس رکھے تو ہمیشہ دشمنوں کے خوف اور وحشت سے محفوظ رہے۔

گنجینہ طلسم نمبر:193

سفید آک کی جڑ اتوار اکھاڑ کر سایہ میں خشک کرے اور بازو پر باندھے تو دشمنوں پر ہمیشہ غالب آئے۔

گنجینہ طلسم نمبر:194

پکھ نچھتر میں سفید چولائی کی جڑ کا تعویذ بنا کر ہاتھ کی کلائی یا بازو پر باندھنے سے دشمن مغلوب اور خوف زدہ ہوتے ہیں۔

گنجینہ طلسم نمبر:195

سیاہ گھوڑے اور بکرے کے پاؤں کے بال اور منگل وار یا اتوار کو سیاہ مرغا اور زاغ یعنی کوے کے چار پر لے کر ان کو جلا دے اور ان کی راکھ کو پانی میں کھرل کر کے شیشی میں رکھ چھوڑیں جب اس کا تلک لگا کر دشمن کے مقابلہ میں جائے تو وہ اس سے خوف زدہ ہو اور اس کے مقابل تاب مقابلہ کی نہ لائے۔

☆

دو محبوں کے درمیان دشمنی کرانیوالے تنتر

گنجینہ طلسم نمبر:196

اگر سنگ مرمر کا ٹکڑا جس پر کسی شخص کی تاریخ وفات کندہ ہو۔ تھوڑا گھس کر بغرض جدائی دو محبوں کو بلا اطلاع پانی پلا دیں تو دونوں میں جدائی اور نا اتفاقی ہو جائے۔

گنجینہ طلسم نمبر:197

اگر سفالہ گلی آب نا رسیدہ میں محبوبہ کے سر کے بال جلا کر اسی کوزہ میں اس کے

عاشق کو پانی پلایا جائے تو اس کی محبت اس سے جاتی رہے بلکہ اس سے نفرت پیدا ہو جائے۔

گنجینہ طلسم نمبر: 198

اگر زاغ کا پر اور الو کا پر دونوں کو یک جا شب یک شنبہ کو جلا کر خاک اس کی دو محبوں کے سر پر بلا اطلاع ڈال دیں تو دونوں کے درمیان عداوت پیدا ہو۔

گنجینہ طلسم نمبر: 199

اگر اتوار کو الو کا اور کوا کا خون لا کر دونوں کو باہم آمیزش کر کے دونوں محبوں کا پہنا ہوا کپڑا اسے لے کر تر کریں اور کرشن پکش کی چودش کی رات جلا کر راکھ اس کی قدرے ان دونوں کے سر پر ڈال دیں تو ہر دو کا آپس میں نفاق ہو ایک دوسرے سے نفرت کریں۔

گنجینہ طلسم نمبر: 200

بلی و چوہے کے پاؤں کی مٹی اور دونوں محبوں کے پاؤں کی مٹی اس کے میلے کپڑے میں باندھ کر اتوار کو جس جگہ وہ رہتے ہوں وہاں ڈال دے تو ان کے درمیان عداوت اور لڑائی جھگڑا ہو جائے گا۔

گنجینہ طلسم نمبر: 201

اتوار کو گھگھو کی آنکھ کو گوگل کی دھونی دے اور پھر اس کی باریک گولیاں بنالیں پس جب اس میں سے ایک گولی بروز منگل وار جہاں وہ رہتے ہوں وہاں ڈال دے تو ان دونوں کے درمیان نا اتفاقی ہو جائے۔

گنجینہ طلسم نمبر: 202

اگر طوطے کا خون لے کر خشک کر کے دو محبوں کے درمیان ڈال دیں تو ان میں نفرت پیدا ہو جائے گی۔

دشمن کو بیمار کرنا

گنجینہ طلسم نمبر: 203

بروز اماوس یا اتوار یا منگل وار سنیچر وار کو دشمن کے پاؤں کا جوتا لائے اور اس کو پانی میں ڈال کر آگ پر خوب جوش دے تو دشمن بیمار ہو جائے۔

گنجینہ طلسم نمبر: 204

منگل وار بھرنی نچھتر میں مرگھٹ کی راکھ لا کر اس میں رائی اور آک کی لکڑی کو اس روز کوئلہ کر کے لائیں اور اسکو باریک پیس کر اس سفوف کو دشمن کے بدن پر ذرا سا بھی ڈال دے تو وہ اس کی تاثیر سے بیمار ہو جائے۔

گنجینہ طلسم نمبر:205

پکھ پچھتر اتوار کو ہو اس وقت اندرائن کی جڑ لا کر اس میں ہمکمال و سونٹھ و مرچ ملا کر اس کو بکری کے دودھ میں پیس کر گولی باندھے اور بوقت ضرورت گولی کو دھوپ دے کر دشمن کے سر پر ڈال دو تو اس کو بڑی شدت کا بخار چڑھ جائے بے ہوش ہو جائے مگر جب کانجی کے پانی سے غسل کرے تو آرام پائے۔

گنجینہ طلسم نمبر:206

زاغ کے داہنے بازو کا پر اور گیدڑ کی دم کے بال بروز اتوار لا کر ان کو گوگل کی دھوپ دے کر دشمن جس چارپائی پر سوتا ہو اس پر رکھ دے یا اس کے بستر پر ڈال دے تو دشمن بیمار اور دیوانہ ہو جائے گا۔

گنجینہ طلسم نمبر:207

بھرنی پچھتر منگل وار کو ہو تو اس روز چتا کی لکڑی لا کر جس دشمن یا کسی شخص کے گھر میں اس کو گاڑ دے تو وہ بیمار ہو جائے بلکہ اس کا بدن ایسا لاغر ہو جائے کہ امید زندگی منقطع ہو

گنجینہ طلسم نمبر:208

مور و مرغ او کبوتر کی بیٹ کو دھتورے اور ہڑتال میں ملا کر دشمن کے اوپر ڈال دے تو وہ بیمار ہو جائے۔

گنجینہ طلسم نمبر:209

پکھ پچھتر میں چار انگل مردہ کی ہڈی جس کے گھر میں ڈال دے تو وہ شخص بیمار ہو جائے۔

گنجینہ طلسم نمبر:210

آردرا پچھتر میں نیم کا بور یا سرس کا بور لے کر جس شخص یا دشمن یا دیگر کے گھر میں گاڑ دے وہاں رہنے والے بیماری سے سخت تکلیف پائیں۔

گنجینہ طلسم نمبر:211

اتوار کو پکھ نچھتر میں جنگل سے ایک خظل کی جڑ اکھاڑ لائے اور اس کے ہم وزن پیپل، زنجبیل و کالی مرچ ڈال کر سب کو خوب باریک کرے اور پھر بکری کے دودھ میں حل کر کے گولیاں بنا کر ان کو گوگل و لوبان کی دھونی دے کر رکھ چھوڑے اور بوقت ضرورت ایک گولی کو دھوپ دے کر اور اس کو توڑ کر جس دشمن کے سر پر ڈالے وہ ۲۴ گھنٹہ کے اندر اندر بخار میں مبتلا ہو جائے۔

☆

اچاٹن کے تنتر

گنجینہ طلسم نمبر:212

سفید کنڈیاری کی جڑ لا کر جس گھر میں گاڑ دے پھر اس گھر کے تمام آدمی حیران و پریشان ہو کر اس مکان کو چھوڑ دیں۔

گنجینہ طلسم نمبر:213

کوے کا گھونسلا پرو دھنکل وا اور ورشت سے اتار کر اس کو جلا کر راکھ کرے اور پھر وہ راکھ جس شخص یا دشمن یا کسی دیگر کے سر پر تھوڑی سی ڈال دے تو اس کا دل اچاٹ ایسا ہو کہ ایک جگہ اس کی طبیعت نہ لگے۔

گنجینہ طلسم نمبر:214

الو کی بیٹھ سایہ میں خشک کر کے پان میں رکھ کر جس شخص کو کھلائے اس کی عقل زائل ہو جائے۔

گنجینہ طلسم نمبر:215

دشنی نچھتر میں دورشت بہیل کی دس انگل کی لکڑی کی میخ بنا کر جس دشمن یا کسی کے گھر میں گاڑ دے تو اس گھر کے رہنے والوں کا دل متفکر اور اداس ہو جائے۔

گنجینہ طلسم نمبر:216

مرگھٹ پر چھتر میں گیدڑ کی ہڈی کی کیل چار انگل لے کر جس کے گھر میں گاڑ دے وہاں کے رہنے والے جلد اداس اور متفکر ہو کر اس جگہ کو چھوڑ دیں جب تک یہ وہاں گڑی رہے کوئی آدمی اس مکان میں آرام نہ پائے۔

گنجینہ طلسم نمبر:217

اتوار یا منگل وار کو ٹھکھو کا پر اور زاغ سیاہ کا پر دونوں کو یک جا کر کے جلا دیں اور اس کی خاک سے ایک چٹکی جس کے سر پر ڈال دیں۔ اس کا دل اچاٹ ہو جائے۔ ایسا خوف زدہ ہو کہ کہیں اس کا دل نہ لگے۔

گنجینہ طلسم نمبر:218

منگل وار یا اتوار اماوس کے روز ٹھکھو کی داڑھ کر کیوں کی لکڑی اور بلی کے ناخن، چاول، مرگھٹ کی ہڈی ان سب کو دھتورے کے عرق میں پیس کر خشک کرے اور سفوف بنا کر اس میں سے جس دشمن کے گھر میں تھوڑا سا ڈال دے اس کو وہاں سے دہشت آئے اور دل اس کا اچاٹ ہو جائے۔

گنجینہ طلسم نمبر:219

بشاکھا نچھتر میں نیم کے درخت کی جڑ کو برہنہ ہو کر منہ سے اکھاڑے اور پھر اس کو جس کے گھر میں گاڑ دے اس گھر کے رہنے والوں میں مہا کشٹ اور کلیش اور لڑائی جھگڑے ہوں جب تک وہ وہاں سے اکھاڑی نہ جائے تب تک آرام نہ ہو۔

گنجینہ طلسم نمبر:220

کر نیوا کی جڑ کا سفوف جس کے سر پر ڈال دیں یا باندھ دیں اس پر نیند کا غلبہ ہو جاتا ہے۔

گنجینہ طلسم نمبر:221

اترا کھاڑ نچھتر میں کوے کی ہڈی کی کیل بنا کر اس پر مہا منتر پڑھ یہ منتر

اونگ جاں جاں جیین جنس جوں هته تهه سواها
پڑھ کر دشمن کے گھر میں وہ کیل گاڑ دیں تو دشمن کو تکلیف ہو۔

گنجینہ طلسم نمبر:222

منگل وار یا اتوار اماوس کے روز ممولے کی ڈاڑھ لا کر لیموں کی لکڑی اور بلی کے ناخن و چاول مرگھٹ کی ہڈی ان سب کو دھتورے کے عرق میں پیس کر خشک کر کے اور سفوف بنا کر اس میں جس دشمن کے گھر میں تھوڑا سا ڈال دے اس کو وہاں سے دہشت آئے اور دل اس کا اچاٹ ہو جائے۔

☆......☆

عجیب و غریب پرتاثیر تنتر

گنجینہ طلسم نمبر:223

اشنی یا بھرنی نچھتر میں گھوڑے کی سات انگل کی کیل (میخ) بنا کر جس جگہ گھوڑوں کا اصطبل ہو اس جگہ اگر گاڑی جائے تو اس کی خاصیت سے جو گھوڑے وہاں باندھے جائیں بیمار ہوں بلکہ مر جائیں۔

گنجینہ طلسم نمبر:224

پترس نچھتر میں چترا کے درخت کی لکڑی کی کیل تین انگل کی لے کر جس کھیت میں گاڑ دیا جائے وہ زراعت پیدا نہ ہو اگر ہو تو بالکل خراب ہو جائے۔

گنجینہ طلسم نمبر:225

کرتکا نچھتر میں آک کی لکڑی تین انگل ناپ کی مچھلی والوں کی مچھلیاں یا کنوئیں یا تالاب میں جہاں مچھلیاں رہتی ہوں ڈال دیں تو اس کی تاثیر سے تمام مچھلیاں مر جائیں۔

گنجینہ طلسم نمبر:226

ہست نچھتر میں کنیر کی سوا انگل لکڑی لے کر اگر کمہار کے گھر میں گاڑ دیں تو اس

کے برتن زیادہ ٹوٹیں۔اس طرح نیم کی کیل گاڑنے سے بھی یہی اثر ہوتا ہے۔

گنجینہ طلسم نمبر:227

ہڑتال، تخم کرنجوا، سہاگہ ان سب کو برابر وزن لے کر اگر کمہار کی بھٹی یعنی آوی جہاں وہ برتن پکاتا ہے وہاں ڈال دیں تو اس کے تمام برتن ٹوٹ جائیں۔

گنجینہ طلسم نمبر:228

چترا نچھتر میں بھلاوے کی لکڑی کی آٹھ انگل کیل بنا کر تیلی کے گھر میں گاڑ دے تو اس گھر میں کوئی تیل لینے کو نہ آئے اور تیل اس کا خراب ہو جائے۔

گنجینہ طلسم نمبر:229

انرادھا نچھتر میں درخت جامن کی آٹھ انگل لکڑی کی میخ گوجر کے گھر میں گاڑ دیں تو اس کی تاثیر سے اس کی گائے بھینس دودھ کم دیں۔

گنجینہ طلسم نمبر:230

کرتکا نچھتر میں آک کی لکڑی کی ۱۶، انگل کیل بنا کر پان والے کی دکان میں گاڑ دیں تو اس کے تمام پان خراب ہو جائیں۔

گنجینہ طلسم نمبر:231

کرتکا نچھتر میں آک کی لکڑی ۱۶، انگل کی کیل کلال کی دکان میں گاڑھے سے اس کی بکری کم ہو اور شراب تلف ہو جائے۔

گنجینہ طلسم نمبر:232

روہنی نچھتر میں بیری کی لکڑی کی گیارہ انگل کیل لوہار کی دکان میں گاڑ دی جائے تو اس میں لوہا ہرگز گرم نہ ہو۔

گنجینہ طلسم نمبر:233

آدمی و بھیڑ و سانپ ہر سہ کی استخوان لے کر اتوار کو زمین میں گاڑ دیں اور پھر چالیس روز گزرنے پر ان کو نکال کر خشک کر کے خوب باریک کر کے پیس لیں اور پھر اس

سفوف کو جس درخت کے نیچے جلادیں اس کی ڈالیاں زمین کی طرف جھک آئیں۔

گنجینہ طلسم نمبر:234

سورج مکھی کے پھول کے عرق میں سفید سرسوں گھس کر سرمہ بنائیں اوراس کو آنکھوں میں لگائیں اوردوپہر کے وقت ایک برتن میں پانی بھر کراس میں دیکھیں تو تارے آسمان پر نظر آئیں۔

گنجینہ طلسم نمبر:235

سنیچر یا اتوار کو اماوس ہوتو تلسی کو جلا کر اس کو گدھے کے پیشاب میں بجھادے اور پھر اس کے کوئلہ کو چولہے یا بھٹی میں ڈال دے تو اس پر کوئی چیز نہ پکے گی۔

گنجینہ طلسم نمبر:236

اتوار کے دن دریا کے کنارے پر زرد رنگ کا مینڈک مینڈکی سے جفتی ہوتو اس کو لے آئے اور سایہ میں خشک کر کے اس کو جلا کر خاکستر کردے تو پھر اس خاک کو بطور سرمہ آنکھوں میں لگا کر اندھیرے میں جائے تو سب چیزیں مانند دن نظر آئیں۔

گنجینہ طلسم نمبر:237

شیر خوار بچہ کا جب پہلا دانت اگر اتوار کو گرے تو اسکو لے کر رکھ لے اور چاندی میں منڈھا کر اگر عورت اپنی کمر میں باندھے حاملہ نہ ہو بر سوت کی بیماری سے محفوظ رہے اگر آدمی اپنے پاس رکھے تو ہر کام میں کامیابی اور دشمنوں پر فتح پائے۔

گنجینہ طلسم نمبر:238

اتوار کو پکھ نچھتر میں اونٹا کی جڑ لا کر اس کو سونے کے تعویذ میں منڈھا کر رکھے جب کسی کی ناف ٹل جائے تو اس تعویذ کو دھونی دھوپ کی دے کر اس کی ناف پر باندھے تو ناف فوراً اپنی جگہ پر آجائے۔

گنجینہ طلسم نمبر:239

سنیچر کو گھگھو کا گوشت اور جڑ لا کر علیحدہ علیحدہ پیس لیں اور اتوار کو دونوں کو باہم ملا

دے اور جس گھر میں بھوت پریت کا آسیب ہو وہاں اس کی دھونی دے تو سب طرح کا آسیب وہاں سے بھاگ جائے۔

گنجینہ طلسم نمبر:240

دھتورہ کی جڑ اتوار کو اکھاڑ کر داہنے ہاتھ میں بخار والے کے باندھیں تو بخار اتر جائے۔

گنجینہ طلسم نمبر:241

اگر قبر کی مٹی سوئے ہوئے آدمی کے منہ پر چھڑک دیں تو جب تک وہ مٹی اس کے چہرہ سے اتر نہ جائے تب تک وہ بیدار نہ ہو۔

گنجینہ طلسم نمبر:242

اگر کسی کو خواب پریشان آتے ہوں تو اس کے سرہانے تھوڑی سی پھٹکری رکھ دیں تو ہرگز خواب نہ دیکھے۔

گنجینہ طلسم نمبر:243

اگر کسی کو کالی کھانسی ہو تو چاہیے کہ جس وقت کوئی سیاہ گھوڑے پر سوار ہو کر جاتا ہو اس کو پوچھیں کہ کالی کھانسی کا کیا علاج کریں پس جو کچھ وہ بتلائے اس کو استعمال کریں تو کالی کھانسی جاتی رہے۔

گنجینہ طلسم نمبر:244

سانپ یا بچھو یا بھیڑیا کتے کے کاٹے ہوئے زخم پر جمال گوٹہ کا تخم گھس کر لگا دیں تو فوراً آرام ہو۔

گنجینہ طلسم نمبر:245

جس جگہ سانپ ہو اس کے سوراخ میں رائی اگر ڈال دیں تو فوراً وہاں سے بھاگ جائے۔

www.freeamliyaatbookshop
facebook.com/groups/freeamliyaat

گنجینہ طلسم نمبر:246

اگر گرے ہوئے بال پیدا کرنے مطلوب ہوں تو جونک کو خشک کر کے جلا کر سرسوں کے تیل میں ملا کر جہاں لگائیں وہاں بال پیدا ہو جائیں۔

گنجینہ طلسم نمبر:247

سیاہ زیرے کو پیس کر اگر گھوڑے کی آنکھ میں بطور سرمہ لگائیں تو گھوڑا اندھا ہو جائے پھر جب شہد سے اس کی آنکھوں کو دھوئیں تو اس کو نظر آنے لگے۔

گنجینہ طلسم نمبر:248

یہ عجیب و غریب تجربہ ہے اس کی صداقت چند مہربانوں کی زبانی معلوم ہوئی ہے کہ اتوار یا منگل وار کو کنواری لڑکی کا کاتا ہوا سوت لے کر اس کی سات تاریں کر لیں اور جس وقت گنجشک نر و مادہ جفتی کرتے ہوں اس کو گرہ دیتا جائے اور پھر اس کو کرلی یعنی چھپکلی بروز منگل وار مار کر اس کے خون میں تر کرلے اور سایہ میں خشک کرے اور پھر منگل وار یا سنیچر وار کو وہ ڈورا دو حصہ یعنی نصف نصف کاٹ کر علیحدہ علیحدہ راستہ میں پھینک دے پس جو عورت اس کے اوپر سے گزرے گی اس کا ازار بند ٹوٹ جائے گا۔

گنجینہ طلسم نمبر:249

نوچندی اتوار کو چھچھوندر مار کر اس کی کھال اتار دے اور جس جگہ دشمن نے پیشاب کیا ہو وہاں کی مٹی لے کر اس کی کھال میں بھر کر منہ اس کا خوب بند کر کے کسی گراں بار وزنی پتھر کے نیچے داب دے تو اس کی تاثیر سے وہ شخص بیمار ہو جائے گا اور پیشاب اس کا بند ہو گا جب مٹی کو کھال سے نکال دے گا تب آرام ہو گا۔

گنجینہ طلسم نمبر:250

اگر کسی کو آسیب یا بھوت پریت چمٹ گیا ہو تو لہسن کے عرق میں بھنگ کو پیس کر آسیب زدہ کی آنکھوں میں بطور سرمہ لگا دے یا اس کو سونگھا دے تو تمام ازار خلل آسیب کا دور ہو جائے گا۔

سرفراز شاہ ولی مانچسٹر

گنجینہ طلسم نمبر:251

بچ، ہینگ، نیم کے پتے، سانپ کی کینچلی، سرسوں ان سب کو کوٹ کر دھوپ بنائے پھر جس آسیب زدہ کو دھونی دے ہر قسم کا آسیب اس کی تاثیر سے دور ہو جائے۔

گنجینہ طلسم نمبر:252

ایک جگہ لکھا ہے کہ اتوار کے دن دوپہر کے وقت چیل و کوا کے گھونسلے کو مادرزاد ننگا ہو کر اتار لائے اور اس کو گوگل کی دھونی دے کر پھر مسان میں جا کر چتا کی آگ میں اس کو جلا کر خاکستر کرے اور پھر وہ خاکستر جس بند قفل پر ایک چٹکی بھر ڈال دے وہ قفل خود بخود بغیر کنجی لگانے کے کھل جائے۔

www.freeamliyaatbooks

گنجینہ طلسم نمبر:253

اس تنتر کی صداقت تجربہ سے معلوم ہوگی کیونکہ بادی النظر میں حیرانی معلوم ہوتی ہے مگر اکثر کتب میں یکے بعد دیگرے یہ تنتر مذکور ہے اور لکھا ہے کہ جب اتوار کے دن چندرماں متھن راشی کا ہو تو جنگل میں جا کر پرانے گرگٹ کا مادرزاد ننگا ہو کر ایک چوٹ سے مارے اور جب تک وہ گرگٹ تڑپتا رہے تب تک آپ بھی ناچتا یعنی اچھلتا کودتا رہے اور جب وہ بالکل مر جائے تو جب اس کی پونچھ کاٹ لے اور سایہ میں خشک کر کے اس کو روئی میں لپیٹ کر بتی بنائے اور جہاں کوئی محفل یا مجلس ہو وہاں اس بتی کو چراغ تو گل میں تلوں کا تیل ڈال کر جلا دے اور جب تک وہ بتی جلتی رہے گی تب تک اہل مجلس ایک جگہ آرام سے نہ بیٹھیں گے کودتے اور اچھلتے رہیں گے۔

گنجینہ طلسم نمبر:254

اتوار کی اماوس کو ککھسو کی چربی لا کر آدمی کی کھوپڑی میں اسکا کاجل اتارے اور پھر اس کو آنکھوں میں لگا دے تو عجب تماشہ ہو اس کو الوپ انجن لکھا ہے۔

گنجینہ طلسم نمبر:255

سیاہ تنتر لا کر تین دن تک اس کو کچھ نہ کھلائے چوتھے روز اس کے منہ میں پارہ

بھرے تا کہ وہ اس پارہ کو نگل جائے اور پھر اس کے بعد چاول گائے کے دودھ میں بھگو کر اس کو کھلائے اور پھر جب وہ بیٹھ کرے تو اس میں سے پارہ نکال لے پس اس پارہ کو پاک صاف کر کے جو شخص اپنے منہ میں رکھے قوت زیادہ ہو اور راہ چلنے میں تھکان نہ ہو۔

گنجینہ طلسم نمبر:256

بچھو کا زہر دور کرنے کیلئے مور، کبوتر، مرغا ان کی بیٹھ لے کر آک کی جڑ کے ساتھ سب کو ملا کر خوب کوٹ لے اور جائے گزیدہ بچھو یا سانپ پر اس کو لیپ کر دے اور تمام زہر دور ہو کر آرام ہو اس کی دھونی دینے سے بھی زہر اتر جاتا ہے۔

گنجینہ طلسم نمبر:257

اتوار کے دن سفید لینڈ دا یعنی ات ست اور اسگندھ کی جڑ لا کر رکھے اور جب معلوم ہو کہ کسی شخص کو مار گزیدہ نے کاٹا ہے تو اس کی جڑوں سے مار گزیدہ کا مارجن کرے تمام زہر دور ہو۔

گنجینہ طلسم نمبر:258

سرسوں کو تھوہر کے دودھ میں تر کر کے جس جگہ کتا دیوانہ کاٹے فوراً اس جگہ لیپ کر دے تو اس کا زہر اتر جائے اس طرح کوڑ تیل، آک دودھ ملا کر اس کا لیپ کرنے سے بھی کتے کا زہر اتر جاتا ہے۔

گنجینہ طلسم نمبر:259

سفید آک کی روئی لے کر بتی بنائے اور اس کو گیدڑ کی چربی چراغ میں ڈال کر جلائے جب تک چراغ جلتا رہے گا امساک رہے گا اگر کسمبہ کا تیل پاؤں کے تلوؤں میں لگائے تو یہی تاثیر ہے۔

گنجینہ طلسم نمبر:260

اگر پنجہ زاغ کو پوٹلی میں باندھ کر لڑکے کے گلے میں معلق کر دیں تو کھانسی کی مرض سے آرام ہو۔

گنجینہ طلسم نمبر: 261

اگر بچھو کا ڈنگ اور کوے کا ناخن ان تینوں کو اونٹ کے چمڑے میں بطور تعویذ بنا کر کسی مجنوں اور مخبوط الحواس کے گلے میں باندھیں تو اس کو جنون سے فائدہ ہو۔

گنجینہ طلسم نمبر:262

جس کو بھڑ کاٹے وہ فوراً اپنی زبان دانتوں میں دبائے یا ہاتھ سے پکڑ لے تو زہر اثر نہ کرے۔

گنجینہ طلسم نمبر:263

درخت پیپل میں مانند بڑ کے درخت کے داڑھی نکلتی ہے جو اکثر تلاش کرنے کے مل جاتی ہے پس وہ جالی دار پیپل کی داڑھی لاکر اور الیون کو پانی میں گھول کر اس میں اس کو تر کر دے اور سایہ میں خشک کرے اور جب کسی شخص کو اس کا دھواں دیا جائے تو ایسی باتیں کرے کہ گویا اس کو بھوت چمٹ گیا ہے اور پھر تھوڑی دیر کے بعد خود بخود درست ہو جائے۔

گنجینہ طلسم نمبر:264

اندر گوپ یعنی بیر بہوٹی کو لے کر اس میں برابر سیندور ملا کر خوب باریک کر کے سیاہ تلوں کے تیل میں دونوں خوب کھرل کرے جب یک جان ہو جائے تو آک کی روئی کی بتی بنا کر اس تیل کو چراغ میں ڈال کر کاجل اتارے اور اس کو بطور سرمہ آنکھ میں لگائے تو مدفونہ اشیاء نظر آئے۔

گنجینہ طلسم نمبر:265

کرنکا نچھتر میں تھوہر کا بندھا ہاتھ میں باندھنے سے جو کچھ زبان سے کہے وہ سچ ہو جائے اس کا نام واک سدھی جنتر ہے۔

گنجینہ طلسم نمبر:266

سنیچر وار کو اشلیکھا نچھتر ہو تو اس روز غروب آفتاب کے وقت انار کے بیج کا عرق لائے اور جس روز اگلی منگل وار ہو اس روز آک کی روئی لا کر اس میں تر کرے اور اس کو سایہ

میں خشک کرلے اور پھر اس کی بتی بنا کر چراغ میں روشن کرے اور کاجل اتارے پس جو شخص اس کا جل کو آنکھ میں لگائے شب کوری دور ہو نظر بہت تیز ہو بلکہ بعض گرنتھوں میں لکھا ہے کہ مدفونہ چیزیں نظر آئیں۔

گنجینہ طلسم نمبر: 267

سفید بوزوا (اٹ سٹ) کی اتوار کو جڑ لاکر اس کو دار ہلدی کے ساتھ ہم پیس کر بطور سرمہ آنکھوں میں لگائیں تو آنکھوں کی روشنی بہت تیز ہو اور پھر کسی قسم کی آنکھوں میں بیماری نہ ہو۔

گنجینہ طلسم نمبر: 268

تازہ بھینس کے گوبر کا پانی لے کر اس میں فلفل دراز گھس کر آنکھوں میں لگانے سے شب کوری دور ہوتی ہے۔

گنجینہ طلسم نمبر: 269

نارجیل کا چھلکا حقہ میں رکھ کر پینے سے ہچکی کو آرام ہوتا ہے مولی کے پتوں کی بھی یہی تاثیر ہے۔

گنجینہ طلسم نمبر: 270

سوسمار ایک جانور ہے اس کی پشت کی ہڈی کا پاس رکھنا قوت مردانگی کو بڑھاتا ہے اگر اس کے پاؤں کی ہڈی گھوڑے کی گردن سے باندھیں تو بڑا تیز رفتار ہو۔

گنجینہ طلسم نمبر: 271

خنزیر کے سر سے مغز ایک دانگ لے کر ایک برتن میں رکھ کر اس پر ایک قطرہ خون خنزیر ڈال کر جس شخص کو کھلا دیں طاقت مردمی زائل ہو عقیدت بستگی کیلئے بے نظیر تنتر ہے۔

گنجینہ طلسم نمبر: 272

سونٹھ کی گانٹھ اگر بخار والے کے گلے میں باندھیں تو اس کا بخار اتر جائے۔

راز شادی ماچس

گنجینہ طلسم نمبر:273

درخت پیپل کی لکڑی کا چھلکا اتار کر اس کی داتن دس منٹ بخار والا کرے اور اس کا بخار اتر جائے۔

گنجینہ طلسم نمبر:274

اسپند یعنی ہرمل کا دھواں اگر گھر میں کیا جائے تو وبائی امراض سب دور ہوں۔

گنجینہ طلسم نمبر:275

فیروزہ یا الماس کو انگشتری میں نصب کر کے ہاتھ میں پہنے تو بجلی سے ضرر نہ پہنچے اور بچھو وسانپ نزدیک نہیں آتا۔

گنجینہ طلسم نمبر:276

سنگ یشب کا نگینہ انگشتری میں نصب کر کے ہاتھ میں رکھیں تو خواب پریشاں ہر گز نہ آئیں۔

گنجینہ طلسم نمبر:277

کھریا بچوں کے گلے میں بطور تعویذ بنا کر باندھیں تو وہ زیادہ نہ روئیں۔

گنجینہ طلسم نمبر:278

سیپ کو لے کر بطور تعویذ لڑکے کے گلے میں باندھیں یا کوئی شخص اپنے پاس رکھے تو نظر بد اور ہوا بد کا اثر اس پر نہ ہو۔

گنجینہ طلسم نمبر:279

اگر رودھنی مالکنگنی ہاتھوں میں تھوڑی ہر روز ملیں تو روشنی چشم کی بڑھ جائے۔

گنجینہ طلسم نمبر:280

گینڈا کی انگشتری ہاتھ میں رکھنے سے بواسیر کو آرام ہوتا ہے۔

گنجینہ طلسم نمبر:281

لوہے کی انگوٹھی بنوا کر ہاتھ میں رکھنے سے ناخنوں کی جڑیں ہرگز نہ پھوٹیں۔

گنجینہ طلسم نمبر:282

عقیق سرخ کا نگینہ جو شخص پاس رکھے اس کے دل کو آرام دیتا ہے۔

گنجینہ طلسم نمبر:283

مجیٹھ کی گانٹھ سر پر باندھیں تو درد سر سے آرام ہو۔

گنجینہ طلسم نمبر:284

موگا کی جڑ کا تعویذ بنا کر بچوں کے گلے میں لٹکا دیں تو خواب میں ہرگز نہ ڈریں

گنجینہ طلسم نمبر:285

چرچٹہ یعنی پٹھ کنڈا کی جڑ کو بچھو کے کاٹے ہوئے شخص کو کھلا دیں تو زہر اتر جائے گھس کر اوپر لگانا بھی مفید ہے۔

گنجینہ طلسم نمبر:286

چھوہارہ کی گٹھلی سرکہ میں گھس کر منہ پر لگا کر تھوڑی دیر کے بعد دھوئیں تو منہ کے کیل سب دور ہو جائیں۔

گنجینہ طلسم نمبر:287

کتے کے کان کی میل اور ہڑتال کو سوختہ کر کے پارچہ میں باندھ کر بازو پر باندھیں تو نیند نہ آئے۔

گنجینہ طلسم نمبر:288

ایک مینڈک کلاں برنگ زرد لے کر ایک کوزہ میں ڈال کر پاؤ بھر چاول ڈال دو اور اس کوزہ خوب بند کر کے تین روز تک زمین میں دفن کر دو بعد ازاں کوزہ نکال کر بطور پتال جنتر اس کے نیچے سوراخ کر کے تیل نکال لو اس روغن کو مالش سے سستی و کجی دور ہوتی ہے

برگ پان میں کھانے سے قوت بڑھتی ہے۔ مرض سوزاک سے آرام ہوتا ہے۔ یہ بڑا بے نظیر ممسک تنتر ہے جس سے آدمی اپنا آپ نہیں چھوڑتا۔

☆

تسخیر عالم



گنجینہ طلسم نمبر:289

سوسن کے پتے باریک پیس کر شہد میں ملا کر کانچ کے برتن میں بھر کر منہ بند کر کے جو کے ڈھیر میں دفن کر دیں اس میں کیڑے پیدا ہوں گے جن کا رنگ سفید اور سر سیاہ ہوگا جو کوئی یہ کیڑا اپنے پاس رکھے گا دنیا کی نظر میں محبوب اور وجیہ ہوگا۔

گنجینہ طلسم نمبر:290

انف العمل کے پودے کو سوسن کے تیل میں گلا کر اگر کوئی شخص منہ پر مل لے تو لوگوں کی نظروں میں قبولیت اور ہیبت پیدا ہوتی ہے۔

گنجینہ طلسم نمبر:291

جو شخص چرز جانور کا ناخن اپنے پاس رکھے گا لوگوں کی نظروں میں محبوب و پیارا ہوگا۔

گنجینہ طلسم نمبر:292

جو کوئی ہدہد کے دائیں طرف کے پر اپنے پاس رکھے گا تمام خلائق اس کو دوست رکھے گی اور اس پر کسی قسم کا جادو اثر نہ کرے گا۔

گنجینہ طلسم نمبر:293

جو کوئی ہدہد کے پیروں کو اپنے گھر میں رکھے تو تمام خویش و اقارب اور عزیزوں میں مکرم ہوگا۔

گنجینہ طلسم نمبر:294

ہدہد کے سینہ کی ہڈی جو شخص اپنے پاس رکھے چشم خلائق میں عزیز ہو اور ہر کوئی اس کو اپنا دوست رکھے۔

گنجینہ طلسم نمبر:295

جو شخص ہدہد کے پاؤں کو اپنے پاس رکھے خلائق اس کو دوست رکھے اور عزت و آبرو زیادہ ہو۔

گنجینہ طلسم نمبر: 296

جب بچے کے دانت اکھڑیں اور گرنے شروع ہوں تو جو دانت سب سے پہلے اکھڑے اس کو لے کر جو آدمی اپنے پاس رکھے گا لوگوں کی نظروں میں عزیز ہوگا۔

گنجینہ طلسم نمبر: 297

بروز اتوار علی الصباح اٹھ کر کچھ نچھتر میں آک کی جڑ اکھاڑ لائیں اور اس کو بکرے کے تازہ خون اور چولائی کے رس میں خوب کھرل کریں اور سرمہ ڈال کر کاجل بنا دیں جو شخص یہ کاجل اپنی آنکھ میں لگائے اس کو دیکھنے والے اس سے از حد محبت کریں۔

گنجینہ طلسم نمبر: 298

گورچن، لاجونتی اور ریگ ماہی کا پتہ ملا کر گولی بنائیں جب گھس کر ماتھے پر لگائے تو جو کوئی دیکھے گا مطیع ہوگا۔

گنجینہ طلسم نمبر: 299

بروز اتوار جب کرشن پکھ کی ترودشی ہو تو باجھڑ کی جڑ لے کر اسکے ہمراہ گوروچن ماتی اور پوکھر مول ملا کر گولی بنائے جب گھس کر ماتھے پر لگائے جو کوئی دیکھے مطیع و فرمانبردار ہوگا۔

گنجینہ طلسم نمبر: 300

موتھا، بچ بندر، گوکھرو، سفید آک، گوروچن ان تمام اشیاء کو اکادشی نچھتر میں خوب باریک پیس کر سفوف بنالیں اس سفوف کو لڑکی والی عورت کے دودھ میں حل کر کے ماتھے پر تل کر لگائیں تو تمام لوگ مہربان ہو جائیں گے۔

گنجینہ طلسم نمبر: 301

سیاہ گھوڑے کے ناخن اور اس کے گردن کے بال لے کر ان کو دیوالی نچھتر میں منڈھا کر گلے میں باندھنے سے لوگ محبت کرنے لگیں گے۔

گنجینہ طلسم نمبر:302

ہونڈار مادہ کی فرج کا ٹکڑا کاٹ کر اپنے پاس رکھے خلائق کی نظروں میں مقبول ہوگا۔

گنجینہ طلسم نمبر:303

بشام جس کو بشام یا شم بھی کہتے ہیں کی لکڑی کی چھڑی بنا کر اپنے ہاتھ میں رکھنے سے لوگوں کی نظروں میں مقبولیت ہو جاتی ہے اور حاجتیں بر آتی ہیں۔

گنجینہ طلسم نمبر:304

جگنو جس کو کرم شب تاب بھی کہتے ہیں اور جو رات کو اڑتا ہے تو آگ کا شعلہ سا نظر آتا ہے لے کر تیل میں ڈال کر چھوڑ دیں بوقت ضرورت اس تیل کو منہ پر مل کر لوگوں میں جائیں سب لوگ عزت کی نگاہ سے دیکھیں گے اور محبت سے پیش آئیں گے اور حاجتیں بر لائیں۔

☆

درندوں کو مطیع کرنا

گنجینہ طلسم نمبر:305

سیاہ بلی کی زبان جوتی کے تلے میں دونوں چمڑوں کے اندر رکھ کر سلوالو تو وہ جوتی پہن کر جہاں جاؤ گے تمام درندے مطیع ہو جائیں گے اگر شیر پر بھی سواری کرو گے تو وہ بھی تمہیں تکلیف نہ دے گا۔

☆

خوش جیو سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

کوئی کتا نہ بھونکے

گنجینہ طلسم نمبر:306

اگر جوتی کے تلے میں دونوں چمڑوں کے درمیان کتے کی زبان رکھ کر سلوالو تو اس جوتی کے پہننے سے کوئی کتا نہ بھونکے گا بلکہ پاس آ کر فرمانبرداری کرے گا اور تمام چوپائے اور درندے مطیع ہو جائیں گے۔

گنجینہ طلسم نمبر:307

بجو کی زبان ہاتھ پر رکھو جہاں کہیں جاؤ گے کتا ہرگز نہ بھونکے گا بجو کا دانت رکھنے سے بھی یہی اثر ہوتا ہے۔

گنجینہ طلسم نمبر:308

اگر کوئی شخص لومڑی کا گوشت خشک کیا ہوا اپنے پاس رکھے تو وہ جہاں مرضی چاہے جائے اس پر کتے نہ بھونکیں گے۔

گنجینہ طلسم نمبر:309

اگر کوئی شخص اپنے پاس چرخ کا دانت رکھے تو وہ جہاں کہیں بھی جائے کتا نہ بھونکے گا اور نہ ہی کاٹے گا اگر بدتقدیری کسی نے کاٹ بھی لیا تو زہر کا اثر نہ ہوگا۔

☆

متفرق عملیات

گنجینہ طلسم نمبر:310

دو دشمنوں میں دوستی

اگر آپ چاہیں کہ دو دشمنوں میں دوستی پیدا ہو جائے تو ان کو ایک دوسرے کے سامنے بٹھا کر ان کے درمیان حب الحب رکھ دیں اسی وقت سے دوستی پیدا ہو جائے گی۔

گنجینہ طلسم نمبر: 311

دو اشخاص میں عشق ہو جائے

اگر کوئی چاہے کہ فلاں دو شخص میں (خواہ مرد وعورت ہوں یا کوئی اور ہوں) عشق پیدا ہو جائے اور دونوں ایک دوسرے سے جدا نہ ہوں تو قاملا تیلی کا پھل (جو چنے کے برابر سرخ رنگ کا سوراخ دار ہوتا ہے) باریک پیس کر پانی میں ملا دیں ان دونوں کو پلا دیں وہ دونوں ایک دوسرے پر عاشق ہو جائیں گے محبت کرنے لگیں گے۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر: 312

دو دشمنوں کے درمیان دوستی

ہدہد کے ناخن ریشم کے زرد کپڑے میں باندھ کر دو دشمنوں کے سر کے نیچے رکھنے سے ان میں محبت پیدا ہو جاتی ہے خاص اس وقت جب کہ قمر سنبلہ میں ہو اور دوستی کی نظر زہرہ کے ساتھ رکھتا ہو۔

www.freeamliyatbooksrt.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

......☆......

گنجینہ طلسم نمبر: 313

لوگ بچے کو پیار کریں

اگر بچہ یا جو چڑیا کی مانند جانور ہے کی ہڈی ایسے وقت میں حاصل کی جائے جبکہ چاند کے نور کو ترقی ہو اور بچے کے گلے میں ڈال دی جائے تو اسے ہر کوئی پیار کرے۔

......☆......

خوش نصیب رہو سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

گنجینہ طلسم نمبر:314

پریاں مسخر ہو جائیں

اگر ہدہد کی دونوں آنکھوں کو گھس کر آنکھ میں کوئی شخص لگائے تو تمام پریاں مسخر ہو جائیں گی۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:315

عملیات بغض

بغض صرف اشد ضرورتوں کے وقت کام میں لانا چاہیے اور مدعا پیش نظر نیک ہو ورنہ کسی کو خواہ مخواہ تکلیف یا رنج پہنچانا سنگین گناہ کبیرہ ہے۔ جائز ضرورت اس طرح پر ہے کہ فرض کیجئے کہ دو لڑکوں کو آپس میں بہت زیادہ محبت ہے اور وہ ایک لمحہ بھی ایکدوسرے سے جدا ہونا گوارہ نہیں کر سکتے اور اس طرح انکی تعلیم و تربیت یا ان کے کام کاج میں حرج واقع ہو رہا ہو تو ایسی صورت میں ان کے درمیان نفرت یا دشمنی ڈالنا جائز ہے کیونکہ اس کا مقصد ان کی زندگیوں کو سدھارنا ہے (یا) ایک مرد اور ایک عورت کے ناجائز تعلقات ہیں ایسی صورت میں ان میں جدائی پیدا کرنا اچھا ہے تا کہ وہ گناہوں سے بچے رہیں اسی طرح باقی عملیات کو سمجھئے۔

☆

دو دوستوں کے درمیان عداوت پیدا کرنا

گنجینہ طلسم نمبر:316

بروز بدھ دن کی تیسری ساعت میں چوراستے کی مٹی دو دوستوں کا نام لے کر اٹھا لو پھر ان کے درمیان ڈال دو ان میں دشمنی ہو جائے گی۔

گنجینہ طلسم نمبر:317

مرزنجوش کے پتے وسداب کے پتے اور بیروج اصم تینوں چھ چھ رتی دو دوستوں کے نام سے لئے جائیں اور ان کے درمیان سلگائے جائیں یا کسی کھانے میں ملا کر ان کو کھلا دیئے جائیں تو ان میں سخت عداوت پیدا ہو جائے گی۔

گنجینہ طلسم نمبر:318

نیل گائے کا پتہ تین رتی اور اس کا بھیجا ساڑھے چار ماشہ ملا کر دو دوستوں کو اس میں سے تین تین رتی کھلا دو ان میں سخت دشمنی پیدا ہو جائے گی۔

گنجینہ طلسم نمبر:319

جن دو شخصوں میں دشمنی ڈالنی ہو ان کے نام سے کر دو کنکریاں سنگ کلب ان کے پانی پینے کے گھڑے میں ڈال دیں جب وہ دونوں پانی پئیں گے ان میں دشمنی پیدا ہو جائے گی ان کے علاوہ اگر کوئی شخص جس کا نام نہ لیا ہو پانی پئے گا تو اس پر کوئی اثر نہ ہوگا۔

گنجینہ طلسم نمبر:320

اگر دو شخصوں جن میں دشمنی ڈالنی ہو کا نام لے کر سات کنکریاں سنگ کلب کی لیکر زمین پر پھینک دیں تو ان میں عداوت ہو گی۔

گنجینہ طلسم نمبر:321

اگر کوئی شخص بحری جاندار کا نیش جلا کر اس کی راکھ دو آدمیوں پر ڈال دی جائے تو ان میں سخت دشمنی پیدا ہو جائے گی۔

گنجینہ طلسم نمبر:322

کمادر پوس، کلونجی اور عسل بلادر ان تینوں کے وزن کے برابر زوفا ملا کر جن دو شخصوں کو کھلائیں گے ان میں دشمنی پیدا ہو جائے گی۔

گنجینہ طلسم نمبر:323

ہدہد کی نوک زیریں لے کر باریک پیسیں اور اس میں کھانڈ ملائیں جن دو

دوستوں کو یہ کھلاؤ گے ان میں دشمنی پیدا ہو جائے گی۔

گنجینہ طلسم نمبر:324

دو دوستوں کے پاؤں کی مٹی اوران کی چوٹی کے بال لے کر سیندور ملا کر جہاں وہ ہوں اس مکان میں رکھ دیں ان میں باہمی نفاق پیدا ہو جائے گا اور لڑتے جھگڑتے رہیں گے۔

گنجینہ طلسم نمبر:325

طوطے کا خون اور کبوتر کے بازو کی ہڈی لے کر باہمی ملا کر جہاں دوست رہتے ہوں وہاں رکھنے سے نا اتفاقی پیدا ہو جاتی ہے۔

دشمن کی نیند باندھنا

گنجینہ طلسم نمبر:326

چاند کی چودھویں رات اگر کیکڑے کی دونوں آنکھیں لے کر کسی شخص کے باندھ دی جائیں تو جب تک یہ بندھی رہیں گی اسے نیند نہ آئے گی۔

گنجینہ طلسم نمبر:327

ابابیل کو ذبح کر کے اس کا گوشت سکھالیں اور اس میں جرجیر کے پر اور آدھا ماشہ روغن زیتون ملائیں اس مرکب کو سات دن تک گھڑیا میں رکھیں بعد میں نکال کر جس شخص کو کھلا دیں اسے عمر بھر نیند نہ آئے گی۔

گنجینہ طلسم نمبر:328

ایک الو کو پکڑ کر اس کو ذبح کریں جب اس کو ذبح کیا جاتا ہے اس کی ایک آنکھ کھلی رہتی ہے اور ایک بند۔ اس کی وہ آنکھیں نکال کر رکھ چھوڑیں اگر کسی کی نیند باندھنی ہو تو اس کے سرہانے الو کی وہ آنکھ جو ذبح کرتے وقت کھلی رہ گئی تھی رکھ دیں اس کو ہرگز نیند نہ آئے جو

اٹھالو گے تو نیند آئے گی اسی طرح اگر کسی کو کم نیند آتی ہو اور چاہے کہ اس کی نیند بہت بڑھ آئے تو دوسری آنکھ جو ذبح کرتے وقت بند ہو گئی تھی اس کے سرہانے رکھ دے نیند خوب آئے گی۔

نوٹ: اگر کسی وقت یہ خیال نہ رہے کہ کونسی آنکھ بند تھی اور کونسی آنکھ کھلی تھی تو دونوں کو پانی میں ڈال دیں جو آنکھ کھل جائے وہی کھلی تصور کریں اور جو بند رہے وہ بند تصور کریں۔

گنجینہ طلسم نمبر:329

اگر کسی کو ہاتھی کے کان کا میل کھلا دیا جائے تو اس کو سات روز تک نیند نہ آئے۔

دشمن کے گھر تفرقہ ڈالنا

گنجینہ طلسم نمبر:330

اگر بھیڑیے کے اگلے دانت بھیڑیے کی کھال میں لپیٹ کر گھر میں گاڑ دیں تو وہاں کے رہنے والوں میں تفرقہ پیدا ہو جائے گا۔

گنجینہ طلسم نمبر:331

اگر کسی گھر میں شنین بحری جانور کا نعش دفن کر دیا جائے تو اس گھر کے رہنے والوں میں تفرقہ پڑ جاتا ہے۔

گنجینہ طلسم نمبر:332

بروز منگل چوہے اور بلی کا خون لے کر اس میں چوراستے کی مٹی ملا کر جس کے راستے میں پھینک دی جائے اس کے گھر والوں میں ہر روز لڑائی جھگڑا ہوتا رہے۔

گنجینہ طلسم نمبر:333

دشمن کے گھر خوک کی چربی رکھ دو اس گھر میں روزانہ لڑائی ہوا کرے گی اور رہنے والوں میں عداوت پیدا ہو جائے گی اور پھر کبھی نہ جائے گی۔

www.freeamliyatbooks... FREE AMLIYAT BOOKS www.facebook.com/groups/freeamliyat

دشمن کو مغلوب کرنا

گنجینہ طلسم نمبر:334

بھیڑیے کی کچلیاں اور اس کی آنکھیں اس کی کھال میں باندھ کر اگر کوئی اپنے پاس رکھ کر دشمن کے سامنے چلا جائے تو دشمن مغلوب ہوگا اور لوگوں کی نظروں میں عزت ہوگی۔

گنجینہ طلسم نمبر:335

اگر کوئی شخص چاہے کہ دشمن پر غالب آئے تو وہ گھریلو بلی کا دل اپنے پاس رکھے دشمن ہرگز غالب نہ آسکے گا۔

گنجینہ طلسم نمبر:336

بروز اتوار جبکہ کچھ چھتر ہو چنبیلی کی جڑ اور برگ لے کر ایک تعویذ میں منڈھوا کر داہنے بازو پر باندھیں دشمن مغلوب ہوگا۔

گنجینہ طلسم نمبر:337

کبوتر کی چونچ اور گھوڑے کا دانت لے کر گلے میں باندھنے سے بھی دشمن مغلوب ہوگا۔

گنجینہ طلسم نمبر:338

جو شخص جنگلی پیاز اپنے پاس رکھے اس سے اس کے تمام دشمن ڈریں اور مغلوب ہوں۔

گنجینہ طلسم نمبر:339

شیر کی دونوں آنکھوں کے درمیان کی چربی لے کر جو شخص اپنے منہ پر ملے گا وہ لوگوں میں مہیب نظر آئے گا اور لوگ اس سے خوف کھائیں گے۔

گنجینہ طلسم نمبر: 340

جو شخص سنگ کرک کی انگشتری یا چھلہ بنا کر انگلی پر پہنے تو لوگوں پر رعب اور قلبہ حاصل ہوگا۔

☆

دشمن کو تکلیف میں مبتلا کرنا

گنجینہ طلسم نمبر: 341

سحر زدہ کرنا

اگر کسی آدمی کو چھوٹی بندر کا خون کھانے میں ملا کر دیا جائے تو اس کا بدن کانپنے لگے گا اور نیند آنے لگے گی اور سحر زدہ معلوم ہوگا۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر: 342

آدمی کو احمق و بیوقوف بنانا

اگر کسی کو الو کا گوشت پکا کر کھلا دیا جائے تو اسے خبط دنسیان پیدا ہو جاتا ہے اور ریاح بہت پیدا ہوتی ہے آدمی کل کاموں میں احمق اور بیوقوف ہو جاتا ہے اور جنون کا عارضہ لاحق ہو جاتا ہے۔ اکثر بدمعاش عورتیں اپنے عورتوں کو جن پر وہ قابو حاصل کرنا چاہیں الو کا گوشت کھلا دیتی ہیں ان کو قوائے مدرکہ میں فتور پیدا ہو جاتا ہے اور وہ اپنی بیویوں کے تابع ہو جاتے ہیں۔

☆

خوش رہیں جیتے رہیں

سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

گنجینہ طلسم نمبر:343

آدمی کو پاگل بنانا

مستی کے وقت جو جھاگ اونٹ کے منہ سے پیدا ہوتی ہے وہ اگر کسی کو کھلا دی جائے تو اسے جنون کا عارضہ پیدا ہو جاتا ہے۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:344

دشمن کے پھوڑے پھنسی نکلنا

اگر بچھو کو مار کر پانی میں ڈال دیا جائے اور اس کو بدستور رہنے دیا جائے حتی کہ بچھو بالکل گل جائے اب اس پانی کو جو آدمی پئے گا اس کے بدن پر پھوڑے، پھنسیاں نمودار ہوں گے۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:345

آدمی کو گونگا بنا دینا

اگر کسی شخص کو بندر کا تازہ گرم خون پلا دیا جائے تو وہ گونگا ہو جائے گا بندر کا پتہ پلانے سے بھی یہی اثر ہوتا ہے بعض نے لکھا ہے کہ اونٹ کے پتے میں بھی یہی خاصیت ہے

☆

گنجینہ طلسم نمبر:346

بیٹھا بیٹھا آدمی تڑپنے لگے

اگر کونج کی پچھلی کار دواں کسی آدمی کے اوپر ڈالیں تو اسے درد اور خارش شروع

ہو جائے گی اور عجیب طرح کی حرکات کرے گا اور بہت بے قرار ہو جائے گا اس کا علاج کرنے کیلئے تیل وغیرہ نہ لگائیں کیونکہ اس سے درد میں شدت ہو گی بلکہ گائے کا گوبر ملا کر پانی سے دھوئیں۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر: 347

آدمی دن رات ڈرنے لگے

ابن زہیر لکھتا ہے کہ نِمس (جو ایک حیوان ہے اور مصر میں ہوتا ہے) کا گوہ لیکر پانی میں گھول کر کسی آدمی کو پلا دیں تو رات دن ڈرنے لگے اور یہ دیکھے کہ شیاطین مجھ کو پکڑتے ہیں اگر چاہے کہ اسے آرام آجائے تو نمس کے بال اور آنکھیں جلا کر نیم گرم پانی میں ملا کر پلائیں آرام ہو جائے گا۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر: 348

اندھا کرنا

زیتون کا روغن سنبل، روئی کا روغن، دونوں آپس میں ملا کر جس کسی کے پپوٹوں پر ملو گے وہ آنکھ نہیں کھول سکے گا تا وقتیکہ شہد سے پپوٹوں کو نہ دھویا جائے جنگلی مینڈک پانی میں اس قدر پکاؤ کہ اس کا گوشت پانی میں گل جائے تو پھر یہ پانی جس کے چہرے پر ملو گے اندھا ہو جائے گا جب صحت میں لانا چاہو تو سونف کے پانی سے دھو ڈالو۔

☆

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

گنجینہ طلسم نمبر:349

جوئیں پڑ جائیں

عصا بہ کا پیٹ چاک کر کے اس میں مسور کا آٹا بھر دو بھرا سے گلنے سڑنے دو بعد ازاں خشک کر کے پیس لو یہ سفوف جس کے کپڑوں پر ڈالو گے اتنی جوئیں پڑ جائیں گی کہ ان کا علاج مشکل ہو جائے گا یہ جوئیں زندگی بھر اس کا پیچھا نہ چھوڑیں گی۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:350

دشمن کا گھر ویران کرنا

اگر دشمن کے گھر ہد ہد کا گوشت جلا دیا جائے تو وہ گھر ویران ہو جائیگا۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:351

دشمن کو بیمار کرنا

روانی پنجتر بروز اتوار شمشانوں میں جا کر کسی مردے کی ہڈی اٹھالائیں جس دشمن کے گھر پھینکا دی جائے گی وہ بیمار ہو جائے گا۔

گنجینہ طلسم نمبر:352

گیدڑ کی دم و آنکھ اور کوے کی چونچ کو گوگل میں ملا کر جس دشمن کے گھر یا بستر پر رکھی جائے وہ بیمار ہو جائے۔

☆

خوش رہیں جیتے رہیں سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

گنجینہ طلسم نمبر:353

دشمن کو بعارضہ سودا مبتلا کرنا

بروز اتوار جبکہ پکھ نچھتر کا دوسرا چرن اختتام پار ہا ہو آک کی جڑ لا کر اس میں فلفل دراز برگ، برگ مولی ملا کر گولی باندھیں اس کی دھونی جس کسی کو دیں گے بعارضہ سودا مبتلا ہو لیکن خود بچنا چاہیے۔

☆

گنجینہ طلسم نمبو:354

دشمن حیران و پریشان ہو

پکھ نچھتر میں الو کو ذبح کر کے اس کا خون حاصل کریں لہذا اس کے بازوؤں کی راکھ بنا کر اس کے خون میں ملا کر گولی بنائیں جس کے گھر وہ گولی پھینک دی جائے گی وہ حیران و پریشان ہوگا۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:355

دشمن اپنی جورو کو طلاق دیدے

اگر آپ اپنے خون کا تلک دشمن کی بیوی کو لگا دیں تو وہ اپنی عورت کو طلاق دیگا۔

☆

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/...

گنجینہ طلسم نمبر: 356

حیوانات وحشرات الارض سے حفاظت کیلئے، درندوں سے محفوظ رہنا

اگر بھیڑیے کی دائیں آنکھ کی کوئی شخص اپنے بازو پر باندھ لے تو اس پر کوئی درندہ حملہ آور نہ ہو بلکہ اس سے سب ڈریں۔

☆ جس گھر میں بھی جانور کا کانٹا ہوگا اس گھر میں سانپ یا دوسرے حشرات الارض نہیں آئیں گے۔

☆ جس گھر میں ریحاں کا پودا ہو وہ گھر حشرات الارض سے محفوظ رہے گا۔

☆ جو شخص ایسی جگہ جائے جہاں حشرات الارض زیادہ ہوں اور وہ چاہے کہ وہ پاس نہ آئیں تو اپنے پاس اندرائن کا پھل رکھے محفوظ رہے گا۔

☆ سنگ خزامی اپنے پاس رکھنے سے حشرات الارض اس کو ایذا نہیں دیتے۔

☆ اگر خرگوش کا بھیجا روغن زیتون میں ملا کر جسم پر مل لیا جائے تو حشرات الارض نہیں آئیں گے۔

......☆......

گنجینہ طلسم نمبر: 357

بچھو نہ کاٹ سکے

اگر کوئی شخص بارہ سینگھے جانور کے جسم کا کوئی حصہ یا جز اپنے پاس رکھے تو اسے سانپ، بچھو، بھڑ وغیرہ زہریلے جانور ہرگز نہ کاٹیں گے۔

......☆......

خوش رہو سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

گنجینہ طلسم نمبر:358

عمر بھر زہریلے جانور سے محفوظ رہنا

جب بچہ پیدا ہوا اور اسے ابھی دودھ بھی نہ پلایا ہو اس وقت بارہ سنگھے کی آنکھ کے کڑھے کا میل دوڑتی دودھ میں گھول کر حلق میں ٹپکائیں تمام عمر زہریلے جانوروں کی سمت سے محفوظ رہے گا۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:359

زہریلے جانوروں سے بچے رہنا

ہر شخص اپنے پاس پیاز رکھے زہریلے جانور اس کے نزدیک نہ آئیں گے۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:360

پسوؤں سے محفوظ رہنا

کسی تانبے یا پیتل کی طشت میں پانی بھر کر ایک قطرہ سرسوں کے تیل کا اور ایک قطرہ مٹی کے تیل کا ڈال دیں اور برتن مذکور کو اپنے سرہانے رکھ کر سو جائیں تمام پسو اس برتن میں گر کر مرتے جائیں گے اور ان میں سے ایک بھی آپ پر حملہ آور نہ ہو سکے گا۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:361

گھر میں مچھر نہ گھسیں

اگر گھوڑے کے بال مکان کے دروازے پر پھیلا دیں تو مچھر اندر داخل نہ ہوں

گنجینہ طلسم نمبر:361

جس مکان میں شیر کا بال لٹکائیں، وہاں مچھر ہرگز نہ آئیں گے۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:362

پروانہ چراغ کے نزدیک نہ آئے

اگر چراغ میں قدرے پیاز ڈال دیں اور چراغ کے نزدیک رکھ تو پروانے چراغ کے گرد جمع نہ ہوں گے۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:363

کیڑے سے بچا رہے

گندم جوار میں اگر پہاڑی بکری کا سینگ رکھ دیں تو غلہ ہر قسم کے کیڑے سے محفوظ رہے گا۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:364

ٹڈی دل سے محفوظ رہے

اگر بندر کی کھال کی چھلنی سے دانے کو چھان کر بو یا جائے تو کھیت ٹڈی دل اور ہر قسم کے کیڑے مکوڑے سے محفوظ رہے۔

☆

خوش رہیں ... سرفراز شاہ ... مانچسٹر

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

گنجینہ طلسم نمبر:365

مکان میں چوہے داخل نہ ہوں

سیاہ مجیر کا سم دروازے کی چوکھٹ کے تلے دفن کردیں اس مکان میں چوہے ہر گز داخل نہ ہوں گے۔

گنجینہ طلسم نمبر:366

اگر کسی جگہ درندوں کا خوف ہو تو وہاں خرگوش کی کھال سلگادیں کوئی درندہ نہ رہے گا سب کے سب بھاگ جائیں گے۔

گنجینہ طلسم نمبر:367

اصابع اصفر کو اپنے باجے میں رکھ کر بجائیں جہاں تک باجا کی آواز جائے گی کوئی درندہ نہ رہے گا۔

حیران کن شعبدات

گنجینہ طلسم نمبر:368

آگ کا گھر

یہ ایسا مکان ہے کہ جو شخص اس میں جاتا ہے اسے اس کی دیواروں پر آگ جلتی نظر آتی ہے اور جب دھوپ اس مکان میں داخل ہو تو اور بھی آگ بھڑکتی ہوئی دکھائی دیتی ہے۔

ترکیب تیاری:

ایک حصہ بھاجبولے کر اسے خشک حالت میں باریک پیس لو اور نصف حصہ سرد کا گوندھ کر اور چوتھائی حصہ لوبان کا گوند دونوں کو باریک پیس کر چونے میں ملاؤ۔ پھر سیاہ

گندھک ایک حصہ الگ چھان کر مذکورہ بالا مرکب میں ملا کر تمام کو اچھی طرح پیس لو پھر روغن زیتون میں ملا کر دیواروں پر لگا دو جب خشک ہو جائے تو اس پر روغن یکساں تھوڑا تھوڑا چھڑ دو اس کے ملتے ہی شعلے نمودار ہوں گے جب دھوپ اندر آئے گی تو شعلے اور بھی بلند نظر آئیں گے۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:369

سورج کا گھر

جو شخص ایسے مکان میں رات کے وقت جائے گا اسے آفتاب دکھائی دیگا۔

ترکیب تیاری:

انڈے کی زردی لے کر ایک نئے برتن میں ڈالیں اور زردی کے ہم وزن ہڑتال زرد باریک پیس کر انڈے کی زردی میں ملا دیں پھر اس مرکب میں آدمی کا خون ملا کر دھوپ میں لٹکا دیں اس میں کیڑے پیدا ہو جائیں گے ان کیڑوں کو نکال کر کسی اور برتن میں ڈال دیں اور انڈے کی زردی انہیں کھانے کو دیں پھر ان کو بھوکا رکھیں وہ کیڑے ایک دوسرے کو کھائیں گے حتیٰ کہ ایک کیڑا باقی رہ جائے گا۔

اسے دھوپ میں رکھو حتیٰ کہ مر کر خشک ہو جائے پھر اسے باریک پیس کر سفید کٹورے پر اس کا طلاء کرو اور اسے مکان میں کسی طاقچہ میں رکھ کر ڈھانپ دو اور ایک درہم زرانخ لے کر اس سے تین گنا سراج المطرف اور اس کے برابر بیروج ملا کر پیس لیں اور بچھوؤں کے خون سے گوندھ کر گولیاں بنا کر سایہ میں خشک کر لیں بوقت ضرورت تاریک مکان میں ایک گولی کا دھواں کریں تو روشنی آفتاب سے بھی زیادہ نظر آئے گی۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:370

موت اور وہشت کا گھر

ایسے مکان میں جو شخص داخل ہوگا وہ فی الفور بے ہوش ہو جائے گا اگر ایک گھڑی بھی اس میں ٹھہرے گا تو مر جائے گا ہندوستان کے بادشاہ ایسے مکان تیار کروایا کرتے ہیں وہ کسی مصلحت کیلئے ترکیب تیاری حسب ذیل ہے:

ترکیب تیاری:

بیل کی گردن کی رگوں کو خون گھونس کا خون گھوڑے کے کانوں کا خون تینوں ہم وزن لے کر ایک شیشے کے برتن میں کسی لکڑی سے اس قدر ملائیں کہ آپس میں مل جائیں ان سب کے وزن کا چوتھائی رقی شیرم کا دودھ ملا کر مکان کی دیواروں اور چھت پر پھیر دو اس مرکب کے ملتے وقت نتھنوں میں روغن بنفشہ سے تر کی ہوئی روئی رکھو ملنے کے بعد فوراً مکان سے باہر آجاؤ پھر اس مکان میں ذراریح قنا شیر، بیش برہمی اور جو شیر ہم وزن لے کر دھونی دو جب دھونی دے چکو تو اسے ایسا بند کرو کہ ہوا اندر نہ جاسکے۔

تین دن بعد جو شخص اندر جائے فوراً بے ہوش ہو جائے گا اگر دو گھڑی اندر رہ گیا تو مر جائے گا اگر بے ہوش کو ہوش میں آنا چاہیں تو اسے مکان سے دور لے جا کر بنفشہ کا خالص روغن بطور ہلاس سنگھائیں۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:371

جنوں کا گھر

جو شخص ایسے مکان میں داخل ہوگا حیران و دیوانہ ہو جائے گا مرگی کی علامت اس پر ظاہر ہونے لگے گی ایک گھڑی بعد ہوش میں آجائے گا۔

ترکیب تیاری:

برادۂ الحدید کو خوب باریک کرلیں پھر اس کی چوتھائی مرتقیشائے ذہبی اس میں ملا کر پانی میں حل کرلیں اور اس سے مکان کی دیوار پر ہیبت ناک شکل بناؤ جس کے سر پر بطرنچی کے پتے کا ایک تاج ہو اس کی بائیں طرف ایک مرد کی شکل بناؤ جس کے ہاتھ میں ٹڈی ہو اور بائیں ہاتھ ایک عورت کی شکل بناؤ جس کے ہاتھ میں ٹڈی ہو۔

پھر مقناطیس پتھر کو نہایت باریک پیس کر پاس رکھو جب کسی کو حیران و دیوانہ بنانا ہو تو پسا ہوا مقناطیس بطور سرمہ اس کی آنکھوں میں لگاؤ اور اس مکان میں داخل کر دو فی الفور اس کے ہوش گم ہو جائیں گے اور دیر بعد ہوش میں آئے گا۔

نوٹ: ان تینوں کے کے فلیتے جلاتے وقت احتیاط چاہیے کہ کوئی دوسرا چراغ روشن نہ ہو اور جس کمرہ میں بتی جلائی جائے اس کے دروازے اور کھڑکیاں اچھی طرح بند ہوں تاکہ ہوا اندر باہر نہ آ سکے۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر :372

چراغ جس کے جلانے سے آدمی ایک دوسرے کو فرشتہ صورت نظر آئیں

بٹیر جانور کی دو آنکھیں نکالکر کسی شیشہ کے برتن میں ڈال کر باہم پیس لیں پھر سات روز سایہ میں رکھیں اور اس کے بعد ان کو بھون لیں اور پھر روغن زیتون میں حل کر کے سبز چراغ میں ڈالیں اور روئی کی بتی بنا کر جلائیں جس قدر لوگ اس کی روشنی میں ہوں گے سب ایک دوسرے کو آگ سے پیدا شدہ فرشتے کی صورت میں نظر آئیں گے۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:373

چراغ جس کی روشنی میں لوگ ایک دوسرے کو حبشی کی شکل میں نظر آئیں

گندھے ہوئے بالوں کی بتی کو سیاہ کپڑے میں لپیٹ کر خالص روغن زنبق اور مکھیوں کے خون کے مرکب میں تر کر کے سیاہ چراغ میں رکھ کر جلائیں حاضرین ایک دوسرے کو حبشی کی صورت میں نظر آئیں گے اور اس طرح بال گھونگھریالے ہوں گے اور لب بہت موٹے دکھائی دیں گے۔

دیگر:

☆ دام الانوین سے بتی تیار کر کے لوہے کے چراغ میں رکھ کر جلائیں اور چراغ میں روغن لادلاڈ ڈالیں اس کی روشنی میں بھی حاضرین ایک دوسرے کو حبشی کی شکل میں نظر آئیں گے نشہ کے وقت میں اس کا اثر بہت زیادہ ہوتا ہے۔

☆ صبر براق، تخم اسود ہر دو کو باریک پیس کر آپس میں ملائیں اور کوڑے کرکٹ سے اٹھائے ہوئے چیتھڑے کی بتی بنائیں اور سلوف سے آلودہ کر کے روغن زیتون میں جلائیں حاضرین ایک دوسرے کو حبشی کی صورت میں نظر آئیں گے۔

......☆......

گنجینہ طلسم نمبر:374

بتی جس کے جلانے سے حاضرین کو ایک دوسرے کی شکلیں مکروہ اور گھناؤنی نظر آئیں

ایسا کتا تلاش کریں جو بالکل سیاہ ہو اور اس کے جسم پر ایک بھی بال سفید نہ ہو اس

کی دم لے کر ہڈیاں علیحدہ کرلیں اور باریک پیس کر ان میں اسی کتے کی چربی پگھلا کر ملائیں اور بالوں کے کپڑے کا فتیلہ بنا کر اس مرکب سے تر کر کے جلائیں چراغ میں زیتون کا تیل ڈالیں تو حاضرین کو ایک دوسرے کی شکلیں بہت مکروہ گھناؤنی دکھائی دیں گی۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:375

بتی جسکی روشنی میں بہت سے سانپ نظر آئیں

سیاہ سانپ کا چمڑہ کپڑے کی بتی میں لپیٹ کر اور چراغ میں سانپ کی چربی ڈال کر چراغ روشن کریں چراغ سبز رنگ کا ہونا چاہیے جس کمرے میں جلایا جائے گا اس میں بڑے بڑے سانپ دکھائی دیں گے۔

گنجینہ طلسم نمبر:376

سانپ کی کینچلی کی بتی بنائیں اور سانپ کی چربی میں تر کر کے چراغ میں روغن زنبق اور سانپ کی چربی ڈالیں، روشن کریں کمرے میں سانپ ہی سانپ دکھائی دیں گے۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:377

بتی کے جلانے سے کمرے میں بچھو نظر آئیں

سانپ کی کینچلی بڑے بچھوؤں کے ڈنک اور چیونٹی کے انڈے تینوں ہم وزن لے کر باریک پیس لے اور آپس میں ملائیں پھر بالوں کی بتی بنا کر روغن عقرب سے تر کریں اور اس پر مذکورہ بالا سفوف چھڑک دیں اور لوہے کے چراغ میں یہ بتی رکھ کر روغن زنبق ڈال کر جلائیں لیکن جلانے سے پہلے مکان میں چیونٹیوں کے انڈوں کی دھونی کرنی چاہیے اگر ساتھ ہی ایک بچھو مار کر اس کی بھی دھونی کر دی جائے تو اور بھی بہتر ہوگا اس کی روشنی میں کمرے کے اندر بچھو ہی بچھو دکھائی دیں گے۔

FREE AMLIYAAT BOOKS

گنجینہ طلسم نمبر:378

بتی جس کے جلانے سے کمرہ میں سبز پرندے وغیرہ نظر آئیں

سبز چڑیا کے خون میں اس کی دم کے پر باریک پیس کر ملائیں اور مرغ کی گردن کی کھال کی تلی بنا کر اس مرکب میں آلودہ کریں پھر زنگار عراقی پیس کر اس پر چھڑکیں اور بالوں کے کپڑے میں لپیٹ کر چراغ میں رکھ کر روغن لادلا ڈال کر روشن کریں حاضرین کو کمرہ میں سبز پرندے دکھائی دینے لگے گیں۔

گنجینہ طلسم نمبر:379

کٹھ پھوڑا کا سر اور اس کی دم اور ابو صفاک کا سر اور اس کی دم پا کر ایک ہفتہ تک رکھو جب اس میں سڑاند پیدا ہوا ہو تو زنگار عراقی میں فتیلہ ملا کر روغن ملا کر جلائیں تو ناظرین کو سبز پرندے اڑتے ہوئے نظر آئیں گے۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:380

بتی جس کے جلانے سے عورتیں ناچنے لگیں

سفید رائی باریک پیس کر السی کے کپڑے میں لپیٹ کر بتی بنائیں اور روغن زنبق میں خرگوش کی مینگنیاں حل کر کے چراغ میں ڈالیں اور روشن کریں۔ جس عورت کی نگاہ اس جلتی ہوئی بتی پر پڑے گی خوشی میں آ کر ناچنے لگے گی اور کثرت خوشی کی وجہ سے بے ہوش ہو جائے گی۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:381

کیکڑا خشک کر کے روغن الفقہ میں تو ے پر رکھ کر بھون لیں پھر ریزہ ریزہ کر کے اسی روغن میں جلائیں تو حاضرین مجلس کیا مرد اور کیا عورتیں سب کے سب ناچنے لگیں گے بہترین تفریحی عمل ہے۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:382

حاضرین ایک دوسرے کو ٹیڑھی گردنوں اور جھکے ہوئے سروں سے دکھائی دیں

زعفران، لوہے کا برادہ دونوں کو باریک پیس کر روئی کی بتی میں لپیٹ کر دیئے چراغ میں رکھو روغن زیتون ڈال کر جلائیں اسکی روشنی میں جس قدر لوگ ہوں گے ان کو ایک دوسرے ٹیڑھی گردنوں والے اور سر جھکے ہوئے نظر آئیں گے۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:383

حاضرین گدھے کی شکل میں نظر آئیں

انڈے کی زردی اور گدھے کے کان کا میل آپس میں حل کر کے اس میں السی کا نیا کپڑا آلودہ کریں اور پھر اس کپڑے میں سفیداج اور سفیدہ کاشغری لپیٹ کر بتی بنائیں اور چراغ میں روغن زنبق ڈال کر جلائیں حاضرین ایک دوسرے کو گدھے کے منہ والے نظر آئیں گے۔

☆

خوش رہو ... فراز شاہ ... مانچسٹر

گنجینہ طلسم نمبر:384

حاضرین کو ایک دوسرے کے کان گدھے کے کانوں کی طرح دکھائی دیں

گدھے کے کان کی میل السی کے کپڑے پر اس طرح لگائیں کہ کوئی جگہ دونوں طرف سے خالی نہ ہو پھر نئے چراغ میں رکھ کر چنبیلی کا تیل ڈال کر جلائیں تو حاضرین کو ایک دوسرے کے کان گدھے کے کانوں کی طرح بڑے بڑے دکھائی دیں گے۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:385

حاضرین کو ایک دوسرے کے چہرے زرد دکھائی دیں

گل سرخ عراقی کو عنب الثعلب کے پانی میں پیس کر کپڑے میں لپیٹ کر بتی بنائیں اور روغن لادن میں تر کر کے جلائیں تو حاضرین کو ایک دوسرے کے چہرے بہت زرد نظر آئیں گے۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:386

حاضرین کو ایک دوسرے کے چہرے کتے کے مشابہ دکھائی دیں

کتوں کے بال اور ان کے کانوں کا میل گدھے اور بھیڑیے کے کانوں کا میل اور ان کی چربی آپس میں ملا کر اس مرکب میں السی کا نیا کپڑا آلودہ کر کے بتی بنا کر نئے چراغ میں رکھیں اور اس میں روغن زیتون ڈال کر جلائیں اور اس کی روشنی میں حاضرین کو ایک

www.freeamliyaatbookspdf.com www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks FREE AMLIYAAT BOOKS

دوسرے کے چہرے کتے کے مشابہ نظر آئیں گے۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:387

گھر پانی سے بھرا ہوا دکھائی دے

ازخر ایک اوقیہ بابونہ کے ایک اوقیہ پانی میں خوب باریک پیس لیں اور اتنا عرصہ پیستے رہیں کہ پیستے پیستے پانی خشک ہو جائے اب سمندر جھاگ، مگرمچھ کی چربی اور ڈیلفن مچھلی کی چربی یہ تینوں چیزیں آپس میں ملا کر ذرا گرم کر کے اس میں روئی بتی تین دفعہ تر کریں یعنی ایک دفعہ تر کریں جب خشک ہو جائے تو دوسری دفعہ پھر تیسری دفعہ پھر مذکورہ بالا سفوف کو اس بتی کے اندر رکھ کر بکری کی چربی میں جلائیں۔ جلانے سے پہلے سفوف مذکور کی دھونی بھی کرنی چاہیے۔ اس کے جلانے سے مکان کے اندر پانی بھرا ہوا دکھائی دے گا لوگ اپنے کپڑے سنبھالنے لگ جائیں گے اور باہر کو دوڑنے کی کوشش کریں گے۔

گنجینہ طلسم نمبر:388

خون خرگوش اور روغن گلاب کو آپس میں ملا کر چراغ میں ڈالیں اور سرخ روئی کی بتی چراغ میں ڈال کر جلائیں تو بھی گھر پانی سے بھرا ہوا دکھائی دے گا۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:389

بتی جس کی روشنی میں ہر چیز سبز دکھائی دے

نئے پاکیزہ کپڑے کو دھو کر اس میں آٹا دور کریں اور اس پر نیل باریک پیس کر چھڑکیں بتی بنا کر نئے سبز رنگ کے چراغ میں ارنڈی کا تیل ڈال کر جلائیں جس مکان چراغ روشن ہو گا وہاں کی ہر چیز سبز دکھائی دے گی۔

گنجینہ طلسم نمبر: 390

تانبے کی تختی پر سرکہ ڈالیں اور رکھ چھوڑیں حتیٰ کہ زنگ سا آجائے پھر اس زنگ کو اگر آگ پر جلائیں تو تمام مکان کی چیزیں سبز دکھائی دیں گی۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر: 391

بتی جس کی روشنی میں حاضرین ایک دوسرے سے متنفر ہو جائیں

کہتے ہیں کہ دو آدمیوں نے ایک حکیم صاحب کے پاس اپنے فرزند کی بابت شکایت کی کہ ان دونوں کو آپس میں بڑی گہری محبت ہے ایک گھڑی بھی ایک دوسرے سے جدا نہیں ہوتے اس طرح کاروبار میں بڑا حرج ہو رہا ہے تو حکیم صاحب نے مندرجہ ذیل بتی ان کو دی اور کہا کہ جس کمرہ میں وہ اکٹھے بیٹھے ہوں وہاں رات کے وقت اس کو جلائیں اس بتی کی روشنی میں جب انہوں نے ایک دوسرے کو دیکھا تو باہم متنفر ہوئے اور ایسے الگ ہوئے کہ پھر ایک دوسرے کا نام تک سننا گوارا نہیں کیا۔

ترکیب تیاری:

پرانی روئی کی سخت بتی بٹ کر اس پر خوب کس کر دھاگہ لپیٹیں تاکہ بتی اور بھی سخت ہو جائے پھر چراغ میں روغن کرنجوہ ڈال کر جلائیں اس کی روشنی میں ناظرین کو ایک دوسرے کا چہرہ زرد، دانت سیاہ اور کان سبز دکھائی دیں گے اور نفرت پیدا ہو گی۔

☆

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

facebook.com/groups/freeamliyaat

گنجینہ طلسم نمبر:392

دھونی جس کے کرنے سے درخت جھک جائے

گدھے کے سر کا مغز، سانپ کی ہڈیاں، انسان کی ہڈیاں سب ہم وزن لے کر باریک کوٹ کر آپس میں ملاؤ اور چالیس روز نمناک زمین میں دبائے رکھو پھر نکال کر خشک کرو پھر ایک حصہ یہ سفوف اور ایک حصہ انسان کی پرانی ہڈیاں ملا کر کوٹ لو جس درخت تلے اس کی دھونی دو گے اس کی شاخیں جھک آئیں گی حتیٰ کہ زمین تک پہنچ جائیں گی جب تک دھونی دیتے رہو گے وہ اسی حالت میں رہیں گی۔

گنجینہ طلسم نمبر:393

یہ دھونی حسب مذکورہ بالا دھونی سے بہت بڑھ چڑھ کر ہے بنانے کی ترکیب یہ ہے کہ دیر کے مرے ہوئے انسان کی انگلیاں اور دانت اور باقی ہڈیاں درخت دین النہار کے پتے گل بستاں افروز اور قدرے شگوفہ حرماسب کو ملا کر باریک کوٹ لیں پھر اس مرکب کی دھونی ایک نہایت اونچے کھجور کے درخت کے تلے دو جب اسے دھواں پہنچے گا تو درخت لیٹ کر اس دھونی کی طرف آئے گا حتیٰ کہ زمین کے قریب تک پہنچ جائے گا شرط یہ ہے کہ آگ بھی کھجور کے کوئلوں کی ہو گی۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:394

حاضرین کو ایک دوسرے کے قد بڑے جسم دکھائی دیں

ڈولفن مچھلی کی چربی اور ہاتھی کی چربی آپس میں ملا دیں اور کاکنج ہندی کو خوب باریک پیس کر مذکورہ بالا چربی کے مرکب میں ملائیں اور چنے کے برابر گولیاں بنائیں اور سایہ میں خشک کریں بوقت ضرورت اس کی دھونی کریں تو حاضرین کو ایک دوسرے بہت بڑے قد شکل ہاتھی گھوڑے کے دکھائی دیں گے۔

گنجینہ طلسم نمبر:395

سبز رنگ کی عجیب وغریب شکلیں نظر آئیں

پودینہ، لاجورد، زرد نگار تینوں کو باریک پیس کر ڈولفن مچھلی کی چربی میں ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں اور سایہ میں خشک کریں بوقت ضرورت اس کی دھونی کریں تو حاضرین کو کمرے کے اندر عجیب وغریب سبز رنگ کی چیزیں نظر آئیں گی جنہیں دیکھ کر دنگ رہ جائیں۔ الو اور گدھے کا خون خشک کر کے میدہ اور بھیڑیے کی ہم وزن چربی میں ملائیں اور رات کے وقت کسی کمرہ میں اس کی دھونی دے کر سو جائیں اور جو بات معلوم کرنا چاہو اسکا دھیان رکھیں خواب میں مطلوبہ کام کا خیر و شر معلوم ہو جائے گا ایک صاحب نے اس کا تجربہ کیا انہوں نے لکھا ہے کہ میں نے اس کو صحیح پایا میں نے دفینہ معلوم کرنے کے واسطے اس عمل کو کیا لیکن کئی مرتبہ کی کوشش کے بعد کامیاب ہوا۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:396

سمندر اور مگرمچھ ظاہر ہو

اذخر کھادی کی جڑ ایک اوقیہ کا پانی دو درم، فربیون تین درم، تخم توت پانچ درم، سمندر جھاگ پانچ درم ان تمام چیزوں کو خوب باریک کر کے مندرجہ ذیل چربی میں ملائیں مگرمچھ کی چربی درم ڈولفن مچھلی کی چربی ایک ایک مثقال کی گولیاں بنا کر سایہ میں خشک کریں بوقت ضرورت غرق شدہ کشتی کی پرانی لکڑیاں جلائیں اور ایک گولی اوپر رکھ کر دھونی دیں تو حاضرین محفل کو ایسا معلوم ہوگا کہ وہ دریا کے کنارے بیٹھے ہیں اور دریا سے مگرمچھ نکل کر انہیں کھانے کو دوڑتا ہے وہ اس سے ڈریں گے۔

☆

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

گنجینہ طلسم نمبر: 397

جن بلانا

سفید کبوتر کا خون ایک حصہ خشک حینہ ایک حصہ بھیڑیے کی چربی ایک حصہ جماتہ ایک حصہ کو جدا جدا باریک کر کے آپس میں ملائیں گولیاں بنانے کی ضرورت نہیں بوقت ضرورت آبادی سے دور جا کر ویران جگہ میں رات کے وقت اس کی دھونی کریں تو جن حاضر ہو کر کلام کرتے ہیں اور جو سوال دریافت کیا جائے اس کا جواب دیتے ہیں ان سے ڈرنا نہیں چاہیے کیونکہ وہ دھونی دینے والے کے دوست ہوتے ہیں اسے ذرا بھی تکلیف نہیں دیتے بلکہ اس کی ہر ضرورت پوری کرتے ہیں۔

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

گنجینہ طلسم نمبر:398

منزل عورت

سہاگہ سیماب ہر ایک چار ماشہ ایک لیموں میں بھر کہ منہ اس اچھی طرح سے بند کر دیں اور اس لیموں کو لے کر عورت کے آگے ہاتھ میں پکڑا دیں اور سونگھا دیں عورت منزل ہو جائے گی۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:399

اندھیرے میں سب کچھ دیکھنا

الو کا سر کپڑے میں لپیٹ کر گھی میں تر کر کے اس کو روشن کریں اور اس کے اوپر کچی پیالی رکھ کر کاجل اتار لیں جو شخص وہ کاجل آنکھوں میں لگائے اس کو اندھیرے میں سب کچھ نظر آئیں۔

☆

عجیب و غریب سرمے

گنجینہ طلسم نمبر:400

سرمہ جس کے لگانے سے روحیں نظر آئیں

اس سرمے کا نام اکمل اعظم یعنی سب سے اچھا سرمہ کیونکہ اس کے لگانے سے روحیں نظر آتی ہیں تیاری کی ترکیب یہ ہے کہ بھیڑیے کی آنکھ ہد ہد کی آنکھ ابابیل کے تین بچوں کی آنکھیں ہرن کی آنکھ، بکرے کا پتہ، جنگلی سیاہ بلی کی آنکھ اور اس کا پتہ، ان سب کو ایسے مکان میں رکھ خشک کرو جہاں مرغ کی آواز نہ پہنچتی ہو جب خشک ہو جائیں تو باریک

پیس لواور ایسے شہد میں ملا کر معجون میں ملاؤ جسے آگ پر نہ رکھا گیا ہو پھر اس معجون کو جلائیں اور شیشے یا ہن قلعی کئے ہوئے تانبے کے برتن سے اس کی کاجل حاصل کرو صبح کے وقت بیری کی لکڑی کی سرمچو بنا کر اس سے یہ سرمہ آنکھوں میں لگائیں گے تو جن دکھائی دیں گے اگر مجنوں لگائے تو اسے شیطان بھی دکھائی دے۔

کنجینہ طلسم نمبر:401

سرمہ جس کے لگانے سے جن دکھائی دیں گے اگر مجنوں لگائے تو اسے شیطان بھی دکھائی دے۔

گنجینہ طلسم نمبر:402

سرمہ جس کے لگانے سے جن دکھائی دیں

چیونٹیوں کے انڈے اور سبز مکھیوں کے سر کا مغز پیس کر بطور سرمہ آنکھوں میں لگائیں جن دکھائی دیں گے۔

دیگر:

سیاہ بلی کا پتہ اور سیاہ مرغی کا پتہ دونوں کو خشک کر کے پیس لیں اس کے لگانے سے جن ہی جن دکھائی دیں گے بعض کتابوں میں لکھا ہے کہ ان پتوں کو خشک کرنے کی ضرورت نہیں تازہ ہی ملا کر سرمچو سے آنکھوں میں لگائیں جن دکھائی دیں گے۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:403

سرمہ جس کے لگانے سے خزانے نظر آئیں

ایک سیاہ بلی کو کوٹھڑی میں بند کردو جب اسے اچھی طرح بھوک لگے تو دو سیر گائے کا گھی جبراً اسے پلاؤ اور اسے الٹا لٹکا کر نیچے برتن رکھو تا کہ وہ روغن اس کے حلق سے اس برتن میں ٹپکے پھر اس روغن کا کاجل اپاڑ کر آنکھوں میں لگاؤ تو زمین کے اندر کے خزانے نظر آئیں گے۔

دیگر:

کوے کی زبان اور ہدہد کا دل سایہ میں خشک کر کے پیس لو اور ماہد میں ملا کر آنکھوں میں لگاؤ تو زمین کے اندر کے خزانے نظر آنے لگیں گے۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:404

خوش رہیں جیو سرفراز شاہ دیج ماچھ

سرمہ جس کے لگانے سے عجیب وغریب چیزیں نظر آئیں

سیاہ بلی کا پتہ مرغ کا خون خشک کر کے پیس لو اور بطور سرمہ آنکھوں میں لگاؤ تو نہایت عجیب وغریب اشیاء مشاہدہ میں آئیں۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:405

سرمہ جس کے لگانے سے دفینہ اور احوال غائب معلوم ہوں

کبوتر کا خشک خون سفید اور بھیڑیے کی چربی ہم وزن لے کر ملاؤ اور اس میں ہلیلہ زرد کو باریک پیس کر اور چھان کر ملاؤ اور بطور سرمہ لگاؤ اور سو جاؤ خواب میں مطلوبہ چیزیں نظر آئیں گی۔

☆

گھر کی آگ بجھانا

جب کسی مقام میں آگ لگے تو ایک لوٹا پانی کا کنوئیں سے منگا کر آگ کی طرف منہ کر کے کھڑا ہو اور آگ سے انواع واقسام کی عاجزی کر کے یہ کہتا جائے کہ اے اگن دیوتا ٹھنڈی ہو جاؤ اور جب سانس اندر کو جائے تب لوٹے سے پانی پیتا جائے آگ بجھ جائے گی۔

خوش جیو سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

عجیب وغریب روشنیاں

گنجینہ طلسم نمبر:406

لکھا ہوا انڈے کی سفید پر ظاہر ہو

راک مہندی کو پانی میں حل کر کے انڈے پر لکھو پھر دھوپ میں یا آگ پر رکھ کر خشک کر دو دو تین مرتبہ ایسا ہی کر و اب انڈے پر کچھ ظاہر نہ ہوگا لیکن جب انڈے کو ابال کر توڑا جائے گا تو وہی حروف انڈے کی سفیدی پر ظاہر ہوں گے جو کسی طرح بھی نہ مٹ سکیں گے۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:407

لکھا ہوا سلور معلوم ہو

سرخ یا نیلے رنگ کے کاغذ پر لکھا جاتا ہے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ چاندی سے لکھا گیا ہے ترکیب یہ ہے کہ پارہ لے کر اس کو کھرل میں ڈالو اور اس میں پسی ہونیسال ڈال کر خوب باریک پیسو پھر تھوڑا پانی ملا کر پیسو جب پانی گندا ہو جائے تو اس کو گرا کر اور پانی ڈالو اور پیسو اسی طرح جاری رکھو یہاں تک کہ سفوف سفید رنگ کا ہو جائے اور میل بالکل نہ رہے پھر اس میں گوند کا پانی ملا کر لکھو اور خشک ہو جانے پر کوڑی سے رگڑ کر چمکا دو چاندی کی طرح سفید چمکدار نظر آئے گا۔

☆

خوش جیو سے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

گنجینہ طلسم نمبر:408

لکھا ہوا صرف آگ سے گرم کرنے پر دکھائی دے

نوشادر تازہ دودھ میں حل کر کے اس سے کاغذ پر لکھیں خشک ہونے پر حروف دکھائی نہ دیں گے لیکن اگر کاغذ کو آگ پر گرم کیا جائے تو حروف سیاہ نظر آئیں گے۔

دیگر:

☆ نمک کو پانی میں گھول کر اسے گرم کریں خشک ہونے پر کچھ دکھائی نہ دے گا لیکن آگ کے سامنے رکھنے سے حروف فاختی نظر آئیں گے۔

☆ پیاز کے پانی سے کاغذ پر لکھیں خشک ہو جانے پر دکھائی نہ دیں گے لیکن آگ پر گرم کرنے سے سبز نظر آئیں گے۔

☆ اگر دودھ سے کاغذ پر لکھیں گے تو خشک ہونے پر حروف دکھائی نہ دیں گے لیکن آگ پر گرم کرنے سے زرد حروف نمودار ہوں گے۔

☆

www.freeamliyaat.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/freeamliyaatbooks

گنجینہ طلسم نمبر:409

عجیب آئینہ

اگر آئینہ کو کتے یا مینڈک کا خون لگا دیا جائے تو جو کوئی اس آئینہ میں دیکھے اسے اپنا منہ کتے کا سا نظر آئے گا۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:410

حمام سرد کر دینا

اگر چاہے کہ حمام سرد ہو جائے تو چقندر کے پتے اور عاقرقرحا دونوں پیس کر حمام

کے پانی بہنے کی جگہ یعنی نالی میں ڈال دے حمام فوراً سرد ہو جائے گا۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر: 411

ہاتھ آگ میں نہ جلے

گیرو، پھٹکری اور ابرک تینوں ہم وزن لے کر سرمہ میں پیس کر ہاتھ میں لگاؤ اور آگ میں ہاتھ ڈالیں ہاتھ نہ جلے گا۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر: 412

بھڑ کو مارنا اور پھر زندہ کرنا

ابن زبیر لکھتا ہے کہ اگر بھڑ پر مٹی کا تیل چھڑک دیا جائے تو وہ مر جاتی ہے اور پھر اگر اس پر سرکہ چھڑک دیا جائے تو زندہ ہو جاتی ہے۔

☆ رائی اور کھجور کو باریک کر کے پانی میں بھگوئیں تین روز کے بعد اس سے کاغذ پر لکھیں اور حروف خشک کر یں حروف دکھائی نہ دیں گے لیکن آگ پر گرم کرنے سے سرخ خط نمودار ہو گا۔

☆ لیموں کے پانی سے کاغذ پر لکھیں کچھ نہ پڑھا جائے گا لیکن آگ پر گرم کرنے سے حروف سرخ نمودار ہوں گے۔

نوٹ: اگر لیموں نہ ملے تو نارنگی بھی استعمال ہو سکتی ہے۔

☆

خوش رہو سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

www.freeamliyatbooks.com

گنجینہ طلسم نمبر:412

لکھا ہوا صرف پانی میں ڈالنے سے پڑھا جائے

پھٹکری کو پانی میں گھول کر اس پانی سے کاغذ پر لکھیں خشک ہونے پر حروف دکھائی نہ دیں گے لیکن پانی میں ڈالنے سے حروف سفید نظر آئیں گے۔

دیگر:

چونہ کو پانی میں گھول کر لکھنے سے بھی یہی کیفیت ظاہر ہوتی ہے تجربہ شرط ہے آپ یہ کام سفید صابن سے بھی کر سکتے ہیں صابن سے لکھیں اور پانی میں ڈالیں۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:413

لکھا ہوا صرف رات کے اندھیرے میں پڑھا جائے

سیاہی میں کبوتر کا خون ملا کر حل کر لیں اور اس سے کاغذ پر لکھیں تو لکھا ہوا دن کے وقت نہ پڑھا جائے گا۔

☆ چیتے سیاہ کتے اور بازار کے سپتے باہم ملا کر اس سے کاغذ پر لکھیں دن کو ہرگز نہ پڑھا جائے گا لیکن رات کے وقت بخوبی روشن ہوگا اور حروف سنہری نظر آئیں گے۔

☆ دیا سلائی کا مصالحہ (سرخ رنگ والا) پانی میں حل کر کے اس سے سفید کاغذ پر لکھیں خشک ہونے پر دکھائی نہ دے گا لیکن جب اندھیرے میں جا کر پنکھے سے ہوا دو گے تو تمام حروف پڑھے جائیں گے۔

☆

خوش حبیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

گنجینہ طلسم نمبر:414

لکھے ہوئے کی جگہ بال اگ آئیں

سیاہ دوا سے اگر جسم انسانی کے حصے پر لکھیں تو وہاں اسی جگہ بال اگ آئیں گے اور تمام لکھا ہوا بخوبی پڑھا جائیگا۔ ترکیب تیاری حسب ذیل ہے کہ کمون اسود، روغن زیرہ سیاہ اور روغن زیتون کو ملا کر اس سے جس عضو پر لکھو گے وہاں اگ آئیں گے اور لکھا ہوا صاف نظر آئے گا۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:415

لکھا ہوا صرف پانی پر کھڑے ہو کر پڑھا جائے

سیاہی میں بورا سرخ ملا کر دونوں کو روغن زیتون میں پیس کر اور اس مرکب سے کاغذ پر لکھو حروف نظر نہ آئیں گے لیکن پانی پر کھڑے ہو کر پڑھنے سے تمام حروف پڑھے جائیں گے۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:416

لکھا ہوا پتھر پر ظاہر ہو

اس سیاہی سے پتھر پر حروف لکھ سکتے ہیں ترکیب یہ ہے کہ سرخ رنگ کا نرم پتھر لو اور اس کو آگ پر گرم کر کے اس پر موم سے لکھو تین دن رات تیز سرکہ میں پڑا رہنے دو بعد ازاں نکال کر لکھو گے مطلب حل ہوگا۔

☆

www.freeamliyaatbooks.com FREE AMLIYAAT BOOKS www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
خوش حبیبوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

گنجینہ طلسم نمبر: 417

لکھا ہوا دھوپ میں نمایاں ہو

کاسٹک پانی میں حل کر کے اور رقیق کر کے کاغذ پر لکھیں کچھ پڑھا نہیں جائے گا لیکن دھوپ میں رکھنے سے حروف سیاہ نمودار ہوں گے۔

......☆......

گنجینہ طلسم نمبر: 418

لکھا ہوا پانی کے چھینٹے دینے سے سفید ظاہر ہو

گڑ گھول کر اس سے کاغذ پر لکھیں اور تمام کاغذ پر کاجل خوب اچھی طرح سے مل دیں کہ سارا سیاہ ہو جائے اب جب کرشمہ دکھانا ہو تو یہ کالا کاغذ لوگوں کو دکھا کر اس کے چھینٹے دیں حروف سفید ہو جائیں گے باقی جگہ سیاہ ہی رہے گی۔

......☆......

گنجینہ طلسم نمبر: 419

فریب زدہ روشنائی

چند مازو لے کر ایکوافورٹس میں ابالیں بعد میں تھوڑا سا گوند کیکر اور ذرا سا سلفیورک ایسڈ (گندھک کا تیزاب) ڈالیں اس روشنائی سے جو مرضی چاہے لکھیں دو چار منٹ بعد لکھا ہوا غائب ہو جائے گا کاغذ سفید رہ جائے گا۔

......☆......

خوش جیوے سرفراز شاہ دیج ما نچستر

www.facebook.com/amliyaatbooks FREE AMLIYAAT BOOKS

گنجینہ طلسم نمبر:420

حروف آگ دکھانے سے سبز ظاہر ہوں

نائٹریٹ سے لکھ کر خشک کر لیں تو کچھ پڑھا نہ جائے گا لیکن آگ دکھانے سے حروف سبز نمودار ہوں گے۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:421

چراگاہ میں گائے نہ آئے

اگر یہ تماشہ دکھانا ہو کہ چراگاہ میں گائے ہرگز نہ آئے تو اس جگہ بھیڑیئے کی دم لٹکا دیں اور گائے کو اس کی طرف لے جائیں ہرگز نہ جائے گی بھوکی رہنا منظور کرے گی۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:422

مکھیوں کو آواز دے کر جمع کرنا

یہ تماشا بھی عجیب و غریب ہے، بنانے کی ترکیب یہ ہے کہ بھیڑیئے کی شکل کا بت تانبے کا بنائیں اور اندر سے کھوکھلا رکھیں اور اس میں بھیڑیئے کا ذکر رکھ دیں اور ایک جگہ رکھ کر مکھیوں کو آواز جن جن مکھیوں کو آواز پہنچے گی وہاں آ کر جمع ہو جائیں گی۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:423

تمام مکان سرخ معلوم ہو

حکیم نور اسلام لکھتا ہے کہ ہر بوٹی کو گلاب میں خشک کر کے روئی ترکر کے بتی بنالیں

اور چراغ میں تل کا تیل ڈال کر رکھ دیں تمام گھر سرخ معلوم ہو گا۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:424

بچھو پکڑنا

تخم حماض کھا کر اگر کوئی شخص بچھو کو پکڑ لے تو کوئی ضرر نہ ہو بے شک وہ ڈنک مارے۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:425

دھواں لگنے سے کانچ ٹکڑے ٹکڑے ہو جائے

ابن زہیر لکھتا ہے کہ جس کمرے میں کانچ ہو اگر وہاں جونک کی دھونی دی جائے تو کانچ دھواں لگنے سے ٹکڑے ٹکڑے ہو جائے۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:426

سرکہ دیکھتے دیکھتے شراب بن جائے

اگر سرکہ میں چقندر کے پتے کا پانی ڈال کر رکھ دیں تو چار گھڑی میں شراب بن جاتی ہے۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر: 427

لکھے ہوئے کاغذ کو سفید کر دینا

اگر لکھے ہوئے حروف پر سنگ تیکور ملیں تو حرف اس طرح محو ہو جائیں گے کہ

دیکھنے والا کہے گا کہ کبھی لکھا ہی نہیں گیا تھا اور کاغذ بالکل کورا ہے۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر: 428

شراب دیکھتے ہی دیکھتے سرکہ بن جائے

عجیب وغریب ہے شراب لے کر اس میں چقندر کے پتوں کا پانی ڈال دیں دو گھڑی پڑی رہنے دیں سرکہ بن جائے گا۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر: 429

کبوتر کو بھگانا

اگر کبوتر کے رہنے کی جگہ سنگ کلب ڈال دیا جائے تو وہ جگہ چھوڑ کر چلے جائیں۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر: 430

مجلس میں شور و غوغا برپا کرنا

اگر مجلس میں سنگ کلب ڈال دیا جائے تو وہاں کے آدمی بہت کھیل کود اور شور و غوغا شروع کر دیں گے۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر: 431

منہ میں آگ جلانا

اگر عقر قرحا اور نوشادر ہموزن باریک پیس کر منہ کے اندر چاروں طرف خوب مل

کر پھر منہ میں آگ رکھیں تو ہرگز نہ جلے۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:432

کینچوے پیدا کرنا

تجل جو ایک قسم کا درخت ہے کثیر الوجود۔ اس کے پتے لے کر زمین میں گڑھا کھودیں اور اس میں بھردیں اور اوپر مٹی ڈال کر پانی ڈالیں کینچوے پیدا ہو جائیں گے۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:433

اگر کسی برتن میں گائے کی چربی لگادی جائے اور اس کو کمرہ میں رکھ دیا جائے تو اس کمرہ کے تمام پسو اس برتن میں جمع ہو جائیں گے۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:434

گھوڑا لنگڑانے لگے

اگر کسی چوپائے کا پاؤں گھوڑے کی دم سے باندھ دیں تو لنگڑانے لگے گا۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:435

سرکہ میٹھا ہو جائے

اگر سرکہ میں ذرا سا مردار سنگ ملا دیا جائے تو میٹھا ہو جائے اور ترشی جاتی رہے۔

☆

www.freeamliyatbooks.com

گنجینہ طلسم نمبر: 436

مردہ مکھی زندہ ہو جائے

اگر مری ہوئی مکھی پر فوراً لوہے کا میل ڈال دیا جائے تو وہ مکھی زندہ ہو جائے گی۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر: 437

چراغ کی روشنی میں جو آئے بغیر سر دکھائی دے

ابن زہیر لکھتے ہیں کہ بری مکھی لے کر اس کا سر جدا کر کے مٹی یا ہرے کپڑے میں لپیٹ کر بتی بنا کر سبز حس کے تیل کے روشن کیا جائے تو مکان میں جو ہوگا بغیر سر دکھائی دیگا۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر: 438

مینڈک کا بولنا بند کر دیں

اگر کسی جگہ مینڈک بول رہے ہوں اور ان کو چپ کرانا ہو تو مگرمچھ کی چربی میں گھی ملا کر چراغ میں ڈال کر بتی روشن کر کے اس جگہ رکھ دیں تمام چپ ہو جائیں گے جب چراغ وہاں سے اٹھا لو گے تو بے شک بولنا شروع کر دیں۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر: 439

بغیر آگ کے گوشت کی ہانڈی پکے

ہانڈی میں گوشت اور مصالحہ وغیرہ بھر کر اس میں بورہ (جو ایک قسم کا نمک ہے) ڈال دیں تو ہانڈی بغیر آگ کے پکنے لگے گی۔

گنجینہ طلسم نمبر: 440

کپڑا آگ میں نہ جلے

کتان کا کپڑا شلجم کے پانی میں دھو کر اس پر انڈے کی سفیدی میں ٹھیکری کا سفوف ملا کر رکھ دیں یہ کپڑا آگ میں نہ جلے گا۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر: 441

کتا ناچنے لگا

اگر دار چینی باریک پیس کر آٹے میں ملا کر کتے کو کھلا دیں تو وہ ناچنے لگا گا۔

نوٹ: ایک دوسری کتاب میں لکھا ہے کہ اس آٹے کی روٹی پکا کر کھلانی چاہیے، کتا ناچے گا بھی اور روئے گا بھی۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر: 442

ہانڈی کا جوش بند ہو جائے

جنگلی مینڈک کو خشک کر کے اس کی بڑی ہڈی لے کر ابلتی ہوئی ہنڈیا کے ڈھکنے پر رکھ دو تو ابلنا فی الفور بند ہو جائے گا۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر: 443

کچے دھاگے سے سخت ہڈی کاٹنا

روئی کا کچا نازک دھاگہ لے کر نمک اور ایک تیزاب سے تر کر کے خشک کر لیں

پھر اسے ہڈی پر پھیر دو ہڈی کٹ جائے گی۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:444

جو سونگھے رونے لگے

سفید پھٹکری روغن بادام یا روغن گل یا روغن زنبق میں ملا کر مٹی یا کسی خوشبودار چیز میں ملا کر یہ مرکب جسے سونگھاؤ گے فی الفور رونے لگ جائے گا۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:445

برتن میں سے آواز آئے

جو نار یل اور مہندی کو کوزے میں ڈال کر اس کا منہ خوب اچھی طرح سے بند کر دو پھر اس میں قدرے پارہ اور گندھک ڈال کر مٹی سے بند کر دو بھاری آواز اس سے آئے گی۔

دیگر:

جو نار یل مہندی لے کر اس میں چھوٹا سا سوراخ کر کے اس کا تمام مغز نکال ڈالو پھر اس میں قدر پارہ اور گندھک اور زنگار ڈال کر مٹی سے منہ بند کر کے خشک کر کے آگ پر رکھو تو اس میں سے عجیب و غریب قسم کی آواز پیدا ہو گی۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:

بے جان بچھڑا بولے

ایک بچھڑے کا بت کسی چیز کا بنائیں اور اندر سے خالی رکھیں اس میں ایک

مینڈک رکھ کر تمام سوراخ بند کر دو صرف ناک کے سوراخ کھلے رکھو بعد ازاں تھوڑی سے گندھک اس کے ناک کے سامنے جلاؤ جب اس کا دھواں مینڈک کو پہنچے گا تو عجیب قسم کی آواز کرے گا دیکھنے والا کہے گا کہ بچھڑا بول رہا ہے۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:446

کپڑا آگ میں نہ جلے

شکر زعفران اور گلاب تینوں حل کر کے اس میں کپڑا بھگو لو اور اس کپڑے میں پتھر اور کافور لپیٹ کر اس کو آگ میں پھینک دو کپڑا ہرگز نہ جلے گا۔ بلکہ آگ بجھ جائے گی۔

☆ باریک کپڑا لے کر اسے کسی دھات کی پیالی کے پیندہ پر خوب کس کر پھیلاؤ کہ شکن ہرگز نہ رہے پھر اس پر آگ کا دہکتا ہوا کوئلہ رکھو دو کپڑا ہرگز نہ جلے گا۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:447

پکی ہوئی مچھلی تھالی میں اچھلے

ایک ریٹھا لے کر اس کو اندر سے خالی کرو اور اس میں پارہ ڈال کر منہ اچھی طرح سے بند کر کے پکی ہوئی مچھلی گرم گرم میں ریٹھا رکھ کر مچھلی تھالی میں رکھ دو مچھلی اچھلے گی۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:448

بھنا ہوا پرندہ تھالی میں آواز دے

پرندے کو ذبح کر کے اس کو صاف کرو اور اس کے گلے میں تھوڑا سا مغز ناریل رکھ کر تنور میں لٹکا کر بھون لو جب تھالی میں رکھو گے تو آواز نکالے گا۔

گنجینہ طلسم نمبر:449

ذائقہ دور ہو

اگر کوئی آدمی عناب کی پتی چبا لے تو پھر خواہ کوئی چیز کھائے ہرگز ذائقہ نہ معلوم ہوگا۔ حتی کہ مصری کی ڈلی بھی پھیکی معلوم ہوگی اگر اس کا اثر زائل کرنا چاہو تو ترش شہد یا رائی کو پانی میں ملا کر اس سے کلی کراؤ۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:450

گدھے کو بے ہوش کرنا

کریلا گدھے کے گلے میں باندھنے سے گدھا فی الفور بے ہوش ہو جاتا ہے جب اتار لیں تو ہوش میں آ جاتا ہے۔

☆ ہزار پایا نامی جانور گدھے کے کان میں رکھنے سے گدھا ایسا بے ہوش ہوتا ہے کہ گویا مردہ ہے جب اس کے کان سے نکال لیں تو ہوش میں آ جاتا ہے۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:451

لوگ خوانخواہ ہنسیں

جس جگہ گدھا لیٹا ہو وہاں کی تھوڑی سی مٹی اٹھا کر رکھ چھوڑیں بوقت ضرورت یہ مٹی دسترخوان کے نیچے بچھا دیں جتنے لوگ بیٹھے ہوں گے بہت ہنسیں گے اور ہنسی کے مارے کھانا نہ کھائیں گے۔

☆ خرگوش کی کلیجی آگ پر رکھیں تو حاضرین سے ایسی حرکات سرزد ہوں گی جو ہنسی کا موجب ہوں گی۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

گنجینہ طلسم نمبر:452

پانی دیکھتے دیکھتے فالودہ بن جائے

کتیرا گوند، زعفران اور کھانڈ تینوں مناسب مقدار میں لے کر باریک پیس کر رکھ لیں بوقت ضرورت صاف پانی کا بھرا ہوا گلاس لے کر لوگوں کی نظر بچا کر اس میں سفوف مذکور چھوڑ دو اور کپڑے سے ڈھانپ کر رکھ دو ایک گھڑی بعد گلاس پر سے کپڑا اٹھا دو نہایت صاف فالودہ جما ہوگا خود کھاؤ لوگوں کو کھلاؤ خوش ذائقہ ہوگا۔

☆ چائنا گراس باریک پیس کر رکھ چھوڑیں بوقت ضرورت تھوڑی سی پانی کے گلاس میں ڈال کر گلاس کو رکھ دیں تھوڑی دیر بعد فالودہ تیار ہوگا۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:453

سونا؛ چاندی بن جائے

ملک جاپان کے ٹھگ پچھلے وقتوں میں ایسا کیا کرتے تھے کہ جب کوئی شخص سونے کا زیوران کے پاس فروخت کرنے آتا تو وہ آزمائش کے بہانے آہستہ بکن گھاس کے عرق میں زیور گرم کر کے مل دیا کرتے تھے وہ چاندی بن جایا کرتا تھا۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:454

خشک پھول تازہ کرنا

چنبیلی کا غنچہ توڑ کر ان کی ڈنڈیوں پر موم لگا کر پانی میں کونپلوں کو بھیں کر اس پر وہ غنچہ رکھ چھوڑیں اور سایہ میں خشک کریں۔ جب پھول درکار ہوں تو موم ڈنڈیوں سے چھڑا کر غنچہ کو پانی میں چھوڑ دیں اور ہوا میں رکھ دیں تھوڑے عرصہ میں بالکل تازہ پھول بن

جائیں گے۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:455

منہ میں کافور جلانا

کافور کی ٹکیہ لے کر اس کے نیچے نوشادر اور مٹی کی ٹکیہ بنا کر چسپاں کریں اور ملا کر منہ میں رکھ لیں تو زبان کو ہر گز تپش نہ پہنچے گی۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:456

منہ میں آگ رکھنا

کافور اور عقر قرحا منہ میں چبا کر تھوڑی دیر منہ میں رکھیں اور پھر دیوار کی لکڑی کا ایک کوئلہ منہ میں رکھیں پھر باہر نکالدیں منہ ہر گز نہ جلے گا۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:457

منہ سے آگ کے شعلے نکالنا

منجھ کی رسی لے کر چاقو یا قینچی سے خوب باریک رگڑ لیں اور پارچہ کھدر کی کتر لے کر اس میں کتری ہوئی منجھ رکھ کر پوٹلی بنالیں اور دھاگے سے منہ ڈھیلا کر کے باندھ دیں اور آگے بڑھی ہوئی کتر پیچھے الٹا دیں آگے سے منجھ نظر آنے لگے گی۔ اس پر ایک چنگاری آگ کی رکھ کر پوٹلی کو منہ میں ڈال لیں صرف اس کا منہ باہر رہے اور خوب زور سے سانس کو اندر باہر کھینچو کر اندر کے راستے لو اور منہ کے راستے باہر نکالو پھر دھواں اٹھے گا پھر شعلے نکلیں گے اگر اس کا دھواں اندر بھی چلا جائے گا تو کوئی حرج نہیں۔ پارچہ کھدر بجائے کتر پانی میں

تر کر لینا چاہیے۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:458

طلسمی سانپ

گندھک ڈیڑھ چھٹانک کافور ۵ تولہ ان چاروں کو علیحدہ پیس کر باہم ملا کر رقیق سریش ملائیں اور خوب پیس کر ایک رتی پھٹکری ملالیں اور رکھ لیں بوقت ضرورت ایک بتی کو آگ دیں وہ سانپ بن جائے گا۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:459

پانی میں آگ جلے

ایک کافور کی ٹکیہ لے کر اس کو آگ لگا کر پانی میں چھوڑ دیں تو جلتی رہے گی لوگوں کو معلوم ہوگا کہ پانی جل رہا ہے۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:460

چراغ آندھی میں بھی جلتا ہے

سن سے تیار کردہ کپڑے کو نمک کے پانی میں تر کر کے خشک کر لیں پھر اس کپڑے کو موم بتی کے گرد لپیٹ دیں اور موم بتی کو روشن کریں آندھی میں بھی جلتی رہے گی۔

☆

خوش جیو سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

گنجینہ طلسم نمبر: 461

فوراً درخت اگانا

تلسی کے بیج تخم کتوم کے تیل میں ملا کر مٹی کے برتن میں ڈالو اور اوپر تھوڑی مٹی بکھیر دو، آٹھوں پہر کے بعد نکال کر حفاظت سے رکھ دو بوقت ضرورت ان کو زمین میں کھود کر بو دیں اور اوپر پانی ڈالیں ایک گھنٹہ کے بعد پودا اگ آئے گا۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر: 462

پھولوں کا رنگ تبدیل کرنا

پھول کو گندھک کا دھواں دیں رنگ بدل جائے گا پھر اصلی حالت پر لانا چاہیں تو گڑ کا دھواں دیں۔

☆ نوشادر اور چونہ کو پانی میں حل کر کے پھولوں میں لگانے سے بھی پھولوں کا رنگ بدل جاتا ہے اور پانی میں تھوڑی دیر رکھنے سے اصلی حالت پر آ جاتے ہیں۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر: 463

چھلے کا ناچ

ایک چھلہ اس قسم کا بنواؤ جو اندر سے خالی ہو اس میں پارہ بھر دیں اور منہ بھی طرح بند کر دیں اب چھلے کو گرم کر کے میز پر رکھیں تو چھلہ خوب ناچ کرے گا۔

☆

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

گنجینہ طلسم نمبر:464

پانی خون بنجائے

شطرنج جو ایک مشہور چیز ہے ایک عدد لے کر زبان کے نیچے رکھ لیں اور ایک پیالہ پانی کا لا کر با احتیاط اور صفائی کے ساتھ اس کا لعاب ڈال دیں تمام پانی سرخ رنگ کے مانند خون ہو جائے گا۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:465

کاغذ سے تحریر مٹانا

نوشادر، سہاگہ، سنکھیا، ہم وزن ملا کر حروف کے اوپر مل کر دھوپ میں رکھ دیں تو حروف اڑ جائیں گے۔

نوٹ: سنکھیا ایک زہریلی چیز ہے لہٰذا احتیاط کریں۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:466

بغیر آگ جوار بھوننا

تھوڑی سی جوار لے کر تین شبانہ روز پانی میں تر رکھیں اور خشک رکھیں اور احتیاط سے رکھ چھوڑیں بوقت ضرورت تھوڑے دانے لے کر تمام حاضرین کو دکھا کر مٹھی میں خوب بند کر لیں ہاتھ کی گرمی سے بھن جائیں گے لیکن کھانے نہیں چاہئیں۔

☆

خوش رہیں سرفراز شاہ ودیج مانچسٹر

گنجینہ طلسم نمبر: 467

جادو کا نشانہ

اگر بندوق میں بجائے گولی کے پارہ ڈال کر اور بندوق کے آگے کپڑا تان کر کسی جگہ نشانہ کریں تو نشانہ بالکل درست آئے گا لیکن کپڑا محفوظ رہے گا۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر: 468

انڈے کو بوتل میں ڈالنا

پہلے چند روز انڈے کو سرکہ میں بھگو دیں جب بالکل نرم ہو جائے تو اس کو بوتل کے منہ میں ڈال دیں وہ اندر چلا جائے گا پھر اس کو سرد پانی سے بھر دیں دو تین دن بعد سخت ہو جائے گا۔ اب پانی میں دیکھنے والے حیران ہوں گے کہ انڈا بوتل میں کیسے چلا گیا۔

اگر انڈے کو پھر نکالنا ہو تو دو تین دن کیلئے بوتل میں سرکہ ڈال دیں نرم ہو جائے گا۔ تو پھر نکال لیں۔

FREE AMLIYAAT BOOKS www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

☆

گنجینہ طلسم نمبر: 469

دو مرغ لڑائی میں جدا نہ ہوں

ایک مرغ کی آنکھ میں سنگ مقناطیس باریک کر کے ڈال دیں اور دوسرے کی آنکھ میں برادہ آہن باریک شدہ ڈال دیں یہ دونوں مرغ ایک دوسرے سے خوب لڑیں گے اور جدا نہ ہوں گے۔

☆

خوش جیوے سرفراز شاہ دیچ مانچسٹر

گنجینہ طلسم نمبر:470

چور پکڑنا

یہ دراصل شعبدہ ہے اس ترکیب سے بعض بناوٹی فقیر چوروں کو پکڑتے ہیں وہ ایسا کرتے ہیں کہ پھٹکری کو پانی میں گھول کر اس سے سفید کاغذ کے ایک پرزے پر ایک نام لکھ لیتے ہیں خشک ہونے پر کچھ نظر نہیں آتا اور بہت سے کورے پرزے ملا لیتے ہیں پھر ان پرزوں کو لے کر ان لوگوں کے درمیان بیٹھ جاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہم ابھی چور کا نام معلوم کرلیں گے دکھاوے کیلئے پڑھتے جائیں گے اور آگ کے آگے پرزوں کو پھینکتے جاتے ہیں اچانک جب وہ پرزہ جس پر کچھ لکھا ہوا ہے جب آگ کے آگے کیا جاتا ہے تو اس پر حروف نمودار ہو جاتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ بس ہم نے معلوم کرلیا ہے صبح کو نام ظاہر کردیں گے جو چور ہوتا ہے اس کے دل میں ڈر پیدا ہو جاتا ہے اور وہ راتوں رات ہی خود کو فقیر کے حوالے کرکے تولہ کرتا ہے اس طرح مال برآمد ہو جاتا ہے۔

نوٹ: عام طور پر پرزے پر کوئی نام نہیں لکھتے بلکہ خاص نشان بنا لیتے ہیں تاکہ کوئی دوسرا آدمی پڑھ نہ سکے۔ خاص علم ہے۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:471

کپڑا نہ جلے

پھٹکری، نمک، سفیدی بیضہ مرغ، پھٹکری اور نمک ہم وزن لے کر خوب پیسیں اور سفیدی بیضہ مرغ میں ملا کر کپڑے پر لیپ کریں اس کپڑے کو خشک کرکے اس پر آگ کا دہکتا ہوا انگارہ رکھیں تو کپڑا نہ جلے گا۔

☆

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

گنجینہ طلسم نمبر:472

کپڑے سے شعلے نمودار ہوں

یہ بھی عجیب طلسم ہے عام طور پر شعبدہ باز اس پر خوب اکڑاتے ہیں لیکن بات کچھ بھی نہیں ترکیب تیاری یہ ہے:

سپرٹ آف وائن اصلی درجہ اول ایک اونس لے کر شیشی میں بند کریں اور اس میں اڑھائی ماشہ پھٹکری باریک پیس کر ڈالیں اور فوراً ہی دیا سلائی لگا دیں کپڑے میں سے خوب شعلے نکلیں گے لیکن کپڑا اٹھاؤ گے تو وہ محفوظ ہوگا۔

نوٹ: یہ شرط ہے کہ سپرٹ اعلیٰ درجہ کی ہو۔ گھٹیا اسپرٹ کے استعمال سے کپڑے کے جل جانے کا خطرہ ہے۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:473

کپڑا سادہ پانی ڈالنے سے رنگ بدلے

پہلے کپڑے کو پانی میں خوب زرد رنگ دو اور باحفاظت رکھو، پھر چونا، بجھا کر پانی میں ڈالو اور پڑا رہنے دو اوپر کا نتھرا پانی لے کر ایک بوتل میں جمع کر لو بوقت ضرورت رنگا ہوا زرد کپڑا سب کو دکھائیں اور چونے کا پانی جو بالکل پانی معلوم ہو ڈبو دیں تو کپڑے کا رنگ فوراً تبدیل ہو جائے گا جس کو دیکھ لوگ بہت حیران ہوں گے اب کپڑے کو بھنگ کے پانی میں ڈال دیں تو پھر اصل رنگت پر آجائے گا لیکن لوگ مزید حیران ہوں گے۔

☆

خوش رہو، جیتے رہو، سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

گنجینہ طلسم نمبر:474

دو رنگ کا کپڑا

ایک سفید موٹا کپڑا لے کر پہلے اس کو پانی میں دھوئیں تاکہ آٹا وغیرہ سے پاک ہو جائے پھر قرانس درخت کی جڑیں خوب باریک پیس کر پانی میں ملائیں اور پانی کو چھان کر اس میں مذکور کپڑے بھگو کر خشک کر لیں اب کپڑے میں پھٹکری کے پانی میں جو نقش و نگار اپنی مرضی چاہیں تحریر کریں اور خشک کر کے چھوڑ دیں خشک ہونے پر کچھ نہ ہوگا اور سفید کپڑا دکھائی دے گا۔

جب تماشہ دکھانا ہو تو مجیٹھی رنگ کو پانی میں جوش دیں جو کچھ آپ نے پھٹکری کے پانی سے تحریر کیا تھا وہ صاف ظاہر ہوگا باقی تمام کپڑا سفید رہے گا دیکھنے والے حیران ہوں گے یہ ترکیب علاوہ شعبدہ بازی کے رنگریزوں کیلئے بھی نہایت منافع رساں ہے۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:475

ہتھیلی پر سرسوں جمانا

اول سرسوں کو دودھی گھاس کے عرق میں بھگو کر چار پہر تک سایہ میں خشک کریں اس کے بعد اس پر پانی کا چھینٹا دے کر ہاتھ پر مٹی رکھ کر اس پر بو دے تو ضرور سرسوں جم جائے گی۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:476

پانی دودھ بن جائے

ارنڈ کی گری پانی میں پیس کر ہتھیلی کے اندر کی طرف اردگرد اس کا لیپ کیں

اور خشک کر کے رکھ چھوڑیں بوقت ضرورت سب کو دکھا کر اس میں پانی ڈالیں تو سب پانی دودھ معلوم ہوگا۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر: 477

پیٹ میں اناج بوئے

منگل یا اتوار کے دن چکور زکو ہانڈی میں بند کر کے کسی کھیت کی شمال کی طرف دبا دیں تو کوئی اس کھیت کے غلے کو جبراً کھائے گا اس کے پیٹ میں وہ اناج اگنے لگے گا اس ترکیب سے چور پکڑا جائے گا۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر: 478

چھلنی میں سے پانی نہ گرے

چھلنی میں سے سات بار گھیکوار کا گودا ملکر سایہ میں خشک کر کے اب اس میں پانی ڈالیں تو پانی ہرگز نہ گرے گا۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر: 479

کپڑا پانی میں ہرگز تر نہ ہوگا

عرق برگ بوئے تلخ میں تین بار کپڑے کو تر کر کے سایہ میں خشک کر کے اگر اس کپڑے پر پانی ڈالے تو کپڑا تر نہ ہوگا۔

☆

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

گنجینہ طلسم نمبر:480

بجھا ہوا چراغ روشن ہوگا

اگر چراغ بجھ گیا ہو اور بتی قدرے چمکتی ہو اس پر گندھک پیس کر چھڑک دے چراغ روشن ہو جائے گا۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:481

پھول ظاہر ہوتے ہیں

تیل دستورہ، تیل اکول دونوں میں فتیلہ تر کر کے جلائے پھول ظاہر ہوں گے۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:482

روشنی میں سانپ نظر آئیں

سانپ کی کینچلی کی چار بتیاں بنا دیں اور چاروں کو ہر چہار کونے میں جلا دیں۔
سانپ ہی سانپ نظر آئیں گے۔
نوٹ: بتی کو چراغ میں جلانا چاہیے۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:483

چراغ کی روشنی میں برہنہ ہو

جونک لا کر باریک پیس کر سرخ کپڑے میں لپیٹ کر شب کو فتیلہ جلا دے جو کوئی اس روشنی میں آئے گا کپڑے دور نہیں کریگا لیکن برہنہ نظر آئے گا اعلیٰ کھیل ہے۔

گنجینہ طلسم نمبر:484

چراغ کی روشنی میں آیگا اور ناچے گا

بروز اتوار چھپکلی کی دم کاٹ کر جب کہ وہ تڑپنے لگے خود ناچتا رہے جب ٹھنڈی ہو جائے تب نریا باڑی روئی میں اس کی بتی بنا کر شب کو چراغ روشن کر کے گل کر دے اور اس بتی کو جلائے تمام آدمی ناچنے لگیں گے۔ جب تک بتی جلتی رہے گی جب بتی کو گل کر دو گے تو کچھ نہ ہوگا۔

☆

www.freeamliyaatbooks.com

گنجینہ طلسم نمبر:485

عمل خود غائب ہوتے کا

بروز یک شنبہ (اتوار) کو کنکری بیضہ جانور ٹیٹری کو جو کنارے تالاب یا دریا ہوتی ہے اس کے بیضے کے بیچ جتنی کنکریاں ہوں سب اٹھالے اور روبرو آئینے کے رکھ کر ایک ایک کنکری منہ میں ڈالتا جائے اور پھر باہر نکال لے اور آئینہ کو دیکھتا جائے جونسی کنکری سے آئینے کی شکل غائب ہو جائے اس کنکری کو بوقت ضرورت منہ میں ڈال لے تو سب کی نظروں سے غائب ہو جائے گا جس وقت کنکری کو منہ سے نکال لے ظاہر ہو جائے گا۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:486

عمل ازار بند توڑ دے

بروز ہفتہ یا اتوار جب کہ چڑا اور چڑی آپس میں جفتی کرتے ہوں تب ایک کچے سوت کا تاگا جو کسی کنواری لڑکی کا کاتا ہوا ہو جب تک وہ جفتی کریں تب تاگے کو گرہ دیتے جائیں اور بعد میں پھر لوبان کی دھونی دیں مگر اس تاگے کو راستے میں ڈالے جو عورت اس پر

سے گزرے گی اس کا ازار بند ٹوٹ جائے گا مگر یاد رہے کہ دن ہفتہ یا اتوار ہو۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر: 487

عمل زیادہ کھانا کھانے کا

جو پتہ ہوا کے ساتھ بگولے میں اوپر جائے اسی حالت میں اپنے دانتوں سے پکڑے ساتھ پتے خوک کے کمر میں باندھے تو اڑھائی من کھائے گا۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر: 488

پانی میں چراغ جلتا رہے

پھٹکری کا پانی کافور کا پانی بروز منگل چراغ میں پر کر کے بتی جلا دے۔

☆ چراغ روشن کردے کافور کی بتی بنا کر چراغ میں جلا دے روشن رہے گا۔

☆ عرق سہ برگ عرق مکھیار کو فتیلہ پر سات بار ملے اور جلا دے تو روشن رہیگا۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر: 489

انگلی لگانے سے انگلی نظر نہ آئے

عرق سہ برگ اور عرق الکحل ملا کر اپنی انگلی پر لگا دے تو تمام آدمیوں کو انگلی نظر نہیں آئے گی۔

☆

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

www.freeamliyaatbookspk.com facebook.com/groups/freeamliyaat

کنجینہ طلسم نمبر: 490

پتوں پر ڈالنے سے مثل چراغ روشن رہیگا

چراغ خام میں روغن الکول بھرے اور بتی جلادے اور درخت کے نیچے رکھے ہر ایک پتہ مثل چراغ کے روشن ہو جائے گا۔

☆

کنجینہ طلسم نمبر: 491

سرسوں سبز ہو جائے گی

مٹی کے کونڈے میں سرسوں کو عرق الکول میں تر کر کے ڈالے بعد چار گھڑی کے سرسوں سبز ہوگی۔ دیگر سرسوں کو سات مرتبہ شیر سگ مادہ میں تر کر کے خشک کریں اور پھر بول خر میں بدستور تر کرے۔ پھر کونڈے میں وہ سرسوں ڈال دے چار گھڑی بعد سرسوں سبز ہو جائے گی۔

☆

www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/
FREE AMLIYAAT BOOK'S

کنجینہ طلسم نمبر: 492

درخت آم پیدا ہوگا

عرق بوے تخ میں آم کی گٹھلی تر کر کے اور سانپ کی بل کی مٹی میں دفن کرے بعد دو پہر کے آم کا درخت پیدا ہوگا۔

☆

خوش جیو سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

گنجینہ طلسم نمبر:493

بغیر چراغ کے روشنی ہو گی

الو کی کھوپڑی میں روغن انکول اور روغن کنجد سیاہ سے تر کر کے تیل بنا کر کاجل اتارے جو کوئی آنکھ میں لگائے اندھیرے میں روشنی نظر آئے۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:494

جسم پر طلا کرنے سے دوسروں کو بڈھا معلوم ہو

بروز منگل 12 بجے دن کے سرسوں سفید پیس کر اور بکری کا پیشاب ملا کر اور اس میں روغن انکول ملا کر تمام بدن پر لیپ کرے تمام آدمیوں کی نظروں میں بڈھا معلوم ہو گا۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:495

عمل نظر باندھنے کا

لکڑی کونج کی لا کر بروز یکشنبہ مرگھٹ پر بوقت شب جائے اور تیل کی چتا پر جو اسی روز جلایا ہو دفن کر دے پھر منگل کی رات کو جا کر نکال لائے پھر اس لکڑی کو چاروں طرف گھمائے جو شخص اس لکڑی کو دیکھے گا نظر بند ہو جائے گی۔

☆ روغن انکول بروز یکشنبہ عرق برگ لاجونتی ملا کر ہاتھ میں ملے جو کوئی ہاتھ دیکھے گا اس کی نظر بند ہو جائے گی۔

☆

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

گنجینہ طلسم نمبر: 496

کبوتر کا پر رکھنے سے کبوتر دکھائی دے

بروز یکشنبہ عروج ماہ میں کبوتر سیاہ سفید روغن الکوحل میں تر کر کے اپنے پاس رکھے اور ہر وقت تماشے کے ہاتھ پر اس پر کو رکھ کر کہے کہ کبوتر ہاتھ پر ہے جس قسم کا پر ہوگا اسی طرح کا کبوتر دکھائی دے گا۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر: 497

مکان وغیرہ سب چیزیں سبز معلوم ہوں

سر جگنو کا کاٹ کر جل میں لپٹیں اور اس پر 5 بار چھڑک کر روغن شیریں سے جلائیں مکان وغیرہ سب اشیاء سبز معلوم ہوں گی۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر: 498

جہاں چلا جائے دہشت نہ ہو

اگر پوست گرگ کھال بھیڑیے کی، کا تسمہ بنا کر کمر میں باندھیں اس کی تاثیر سے رات کو جہاں چلا جائے دہشت کبھی نہ ہو۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر: 499

پانی میں نہ ڈوبے

دو منہ والے سانپ کے خون میں کپڑا بھگو کر دھوپ میں سکھا دے اور پھر اس کی

گولی بنا کر دہن میں رکھے اور پانی پر چلے ہرگز نہ ڈوبے گا۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:500

جو دیکھے وہی مطیع ہو

اتوار کے روز گھوگھو کی زبان اور ڈھائی پتی نیم کی خوب باریک پیس کر اس کو آنکھ میں مثل سرمہ کے لگا دے اور جس شخص کو دیکھے وہ اس کا تابعدار ہو جائے گا۔

☆

www.freeamliyaatbookspdf.com
facebook.com/groups/freeamliyaat

گنجینہ طلسم نمبر:501

پستان غائب ہوں

چھوئی موئی (لاجونتی) کی پتی لے کر اتوار کے روز ہاتھ میں ملے۔ جب کسی عورت کے دونوں ہاتھ دکھلا کر بند کرے تو اس کے پستان غائب ہو جائیں اگر ایک مٹھی کھول دے تو ایک پستان ظاہر ہو اگر دونوں کھول دے تو دونوں برآمد ہوں گے۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:502

طلسمی آئینہ

اگر پستان مادہ سگ کاٹ کر پشت آئینہ پر چسپاں کر دے جو شخص اس کو دیکھے گا اس کو اپنی شکل مشابہ سگ معلوم ہوگی۔

☆

خوش جیوے سرفراز شاہ دوچ مانچسٹر

گنجینہ طلسم نمبر:503

انڈے کا عجیب کرتب

میں نے خود آزمایا ہے کہ اگر تیزاب گندھک یا نمک یا شورے کا ایک پانی کے بھرے ہوئے ٹب میں ڈالیں اور وہ جب اس میں حل ہو جائے تو ایک انڈا چھوڑ دیں تو اول وہ انڈا پانی میں بیٹھ جائے گا مگر تھوڑی دیر کے بعد اس میں پانی کے بلبلے سے آنے شروع ہوں گے اور وہ انڈا خوب زور زور سے چکر کھانے لگے گا۔ واضح ہو کہ سب تیزاب سے عمدہ نمک کا تیزاب ہے۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:504

پیاسا انڈا

جونک اگر انڈے میں ڈالیں اور پھر اس کو پانی کے نزدیک رکھیں تو یہ انڈا پانی میں خود بخود چلا جائے گا۔

☆

شعبدات

گنجینہ طلسم نمبر:505

دو چراغوں کے شعلے آپس میں لڑیں

ایک چراغ میں بھیڑیئے کی چربی اور دوسرے میں بکری کی چربی رکھ کر سنبل کی روئی کی بتی بنا کر روشن کریں اور ایک شمال کی طرف اور دوسرا جنوب کی طرف اپنے سامنے ایک ہاتھ کے فاصلے پر رکھ دیں پھر دونوں شعلے آپس میں ایسا لڑیں گے کہ دیکھنے والے کو تعجب ہوگا

www.freeamliyaatbookspdf.com FREE AMLIYAAT BOOKS www.facebook.com/freeamliyaatbooks

اور اگر ایک کو پہلے بجھاؤ گے تو پھر جل اٹھے گا اگر دونوں کو اکٹھے بجھاؤ گے تو گل ہوں گے۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:506

بارش میں ہوا میں چراغ جلے

سمندپھٹ اور گندھک پیس کر روئی میں لپیٹ کر بتی بنا کر کنوں کے تیل میں جلائیں خواہ کیسی ہی اندھیرا طوفان ہو چراغ جلے گا۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:507

تمام گھر میں بچھو نظر آئیں

لیر کی کو روغن زیتون میں بھگو کر چراغ میں روغن کنجد میں جلائیں تو تمام گھر میں بچھو نظر آئیں گے۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:508

سبزی کو اچھالنے کی ترکیب:

بھادوں کے مہینے میں جنگل سے اتوار کے دن مینڈک کو لائیں اور اس کے منہ میں مٹی بھر کے اس میں سات دانے ارادو کے رکھے اور اس طرح زمین میں دفن کریں کہ منہ اس کا اوپر کھلا رہے اور آب باراں یا دریا سے سینچنا شروع کریں جب درخت قائم ہو اور اس میں پھل زنگ دار تنگ ہو جائے تب اتوار کے دن توڑ کر دانہ نکال کر رکھ دیں پھر ان میں سے دانے جس ترکاری کی ٹوکری میں رکھیں گے سب ترکاری اچھلنے لگے گی۔

☆

www.freeamliyaatbooks.com
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/amliyaatbooks

گنجینہ طلسم نمبر:509

دو برتن آپس میں لڑیں

بکم نچھتر میں اتوار یا منگل کے دن دو دانت کالے کتے کے دو دانت کالی بلی کے لائیں اور چاروں کو سیندور لگا کر ایک پیالے میں رکھ کر ڈھکنا ڈھانک دیں پھر دو دانت مینڈھے کے اور دو بکری کے لائیں اور سیندور لگا کر بکری کے دانت ایک پیالے میں بند کر دیں اور مینڈھے کے دوسرے پیالے میں رکھ کر بند کر کے ان کو اتر اور دکھن کی طرف رکھ دیں فاصلہ ایک ہاتھ ہو اور پہلا پیالہ کتے بلی والا بیچ میں رہے اور مینڈھے اور بکری والے باہر ہوں تو مینڈھے اور بکری والے پیالے لڑیں گے اور کتے بلی والا ان کو چھڑائے گا۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:510

دن میں ستارے دکھائی دیں

سفید سرمے کو پیس کر اگست کے پھول کے رس میں سات دن تک رکھے پھر اس سرمے کو آنکھ میں لگائیں دن کو ستارے دکھائی دیں گے۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:511

گھر پانی سے بھرا نظر آئے

مچھلی اور بھیڑیے کی چربی ہم وزن لے کر بتی بنائیں اور چراغ میں جلائیں سب گھر پانی سے بھرا ہوا نظر آئے گا۔

☆

توجہ فرمائیے!

ان باتوں پر غور کیجئے

یہ کتاب قدیم کتاب کا اصلی عکس ہے اور یہ کتاب صرف عاملین اور روحانیت کے ماہرین کے لئے ہے۔ عام لوگ صرف اس کتاب کا مطالعہ کریں اور اس کے علاوہ اگر اس کتاب سے دیکھ کر کوئی تعویذ، منتر، عمل یا چلہ وغیرہ کرتے ہیں ہیں تو اس کے جانی و مالی نقصان کے آپ خود ذمہ دار ہوں گے کیونکہ یہ عام لوگوں کے لئے نہیں ہے لہٰذا اس کتاب کو صرف پڑھیں۔ اگرچہ آپ کوئی تعویذ لکھنا اور عمل یا وظیفہ کرنا چاہتے ہیں تو کسی ماہر عامل، پروفیسر یا پیر کامل سے ملیں اور اس سے مشورہ کر کے یہ کام کریں اگر عامل، پیر، پروفیسر یا قرآن وحدیث پر عبور رکھنے والا عالم آپ کو عمل کرنے کی اجازت دے دیتا ہے تو صرف وہ ہی کام کریں۔ ورنہ ہرگز کوئی ایسا عمل یا کام مت کریں کہ جس سے آپ کسی جانی آسیبی یا جادوئی آفت یا مصیبت میں مبتلا ہو جائیں تو اس پر مصنف یا ادارہ اس کا ذمہ دار نہ ہوگا۔ اللہ تعالیٰ آپ کا حامی و ناصر ہوگا۔

ادارہ

خوشش جیو سے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

عثمان پبلی کیشنز کی مایہ ناز بکس

جوانی دیوانی حکیم و ڈاکٹر ہری چند ملتانی	جوانی کیا ہے یہ دیوانی کب ہوتی ہے کب جوانی آتی ہے دیوانی کے راز کب کھلتے ہیں جوانی آئی اور بکھر اپنے ہاتھ سے برباد کی ہوئی جوانی کا علاج اس کتاب میں قیمت:240
دنیائے طلسمات مترجم عامل حیدر بابا مرحوم	دنیائے طلسماتی راز کیا ہیں ان رازوں کو کیسے جاننا چاہیے کونسے طلسمات ہیں جو انسان کو درست رکھتے ہیں طلسماتی جسمانی ٹوٹکے راز اور ان کا بیان قیمت:270
گنجینۂ طلسمات مترجم حکیم افضل شیخ	طلسمات کا مطلب جادوگری یا جادو کے راز جاننا نہیں طلسمات کے کئی مطلب ہیں طلسماتی علاج طلسماتی دوائیں طلسماتی فارمولے زندگی گزارنے کے طریقے قیمت:240
طلسمی ٹوٹکے مترجم شمس الدین	گھر میں موجود طلسماتی چیزیں کیا ہیں جن سے ہم سونا چاندی اور تانبے جیسے نسخہ جات بنا سکتے ہیں اور کما سکتے ہیں جن سے ہماری صحت اور ہمارا جسم فولاد بن سکتا ہے قیمت:270
کیمیا گری کے خزانے وید کرشن دیال	120 سال پرانی قدیم کیمیا گری کی لاجواب اور حیرت انگیز کتاب بمع جنتر کے 200 نسخہ جات مجربات کا ذکر وید کی خفیہ باتیں اور وید کے کمال فارمولے درج کرشن دیال وید کا بادشاہ جس نے طب اور وید کو ایک کیا۔ قیمت:1200
ویٹرنری میٹریا میڈیکا ڈاکٹر نوید چوہدری ڈاکٹر عتیق الرحمٰن	طب ہومیو ایلو پیتھک دوائے اب ایک جگہ صرف میڈیسن کے جدید طریقہ کار پر مشتمل جدید کتاب اب جانوروں کا علاج گھر میں موجود چیزوں سے بھی کر سکتے ہیں پالتو جانوں کا علاج اب آپ خود کریں گائے بھینس بکرا کتا بلی طوطا کبوتر مرغی مچھلی وغیرہ کے علاج قیمت:600 روپے

دور جدید میں ادارہ کی مایہ ناز کتب

عملیات سنت قرآنی	سنتوں کیمطابق عملیات جس سے ہر مشکل ہر بیماری ہر روحانی وغیر روحانی علاج و مسئلہ کا حل عملیات سے کریں۔ قیمت: 240 روپے
تنتر شاستر حکیم رام کشن	جاگتا جادو چلتا جادو پرانے ہندوؤں دیوتاؤں اور چڑیلوں کے قصے کہانیاں اور شعبدہ بازی کے راز ان لوگوں کا کاروبار جادو کرنا سکھاتا تھا۔ قیمت: 270 روپے
قانون کشش المعروف موتی دودیا عامل حیدر بابا	عملیات اور عمل کرنیوالے لوگوں کیلئے ایک موتی دودیال کی قدیم کتاب زمانہ قدیم کے عامل حیدر بابا جو ہر عام و خاص کو صرف ایک تعویذ دیتے تھے جس سے ہر مشکل ہر بیماری ہر روحانی اور غیر روحانی چیز کا علاج مسئلہ کے حل امراض اور ان عملیات سے کریں۔ قیمت 225 روپے
کشمیری کوک شاستر پریم پال اشک	پریم پال اشک جب کشمیر میں رہتا تھا تب اس نے پہلی بار کوکا پنڈت کو چیلنج کیا کہ کوک شاستر میری ہے کوکا پنڈت کا کہنا تھا کہ یہ میری ہے اور لوگوں نے پریم پال اشک کی کشمیری کوک شاستر کو پسند کیا۔ قیمت: 270 روپے
ہمالہ پربت کا جادو عامل حیدر بابا	پرانے وقتوں میں عملیات منتروں سے علاج اور بیماریاں دور کرتے تھے تب دوائیں نہیں تھیں اس وقت کی کتاب جس میں پرانے منتر عملیات لکھے ہیں۔ قیمت 210 روپے

ملک جلال دین ہسپتال، چوک اردو بازار، لاہور

0333-4275783 - 042-37640094 - 0333-4096572

عثمان پبلی کیشنز کی مایہ ناز بکس

پرانے وقتوں میں عملیات منتروں سے علاج اور بیماریاں دور کرتے تھے تب دوائیں نہیں تھیں اس وقت کی کتاب جس میں پرانے منتر عملیات لکھے ہیں۔ قیمت 210	ہمالہ پربت کا جادو عامل بھیرو بابا

روحوں سے ملاقات

ارواح سے ملاقات کرنے بات چیت کرنے اور روشن ضمیر اور استفادہ کرنے کے راز دنیا سے جا چکے لوگ اور ان کی اچھی روحیں کیا کرتی ہیں کیا کہتی ہیں ان سے بات چیت اور ملنے ملاقات کرنے کے حقیقی راز اور دینی طریقے اس کتاب میں اور کیا ہے یہ آپ خود دیکھیے۔

بندھن شادی پریم کرنے کے طریقے پریم بندھن کے عملیات محبوب کو کیسے پریم میں پھنسایا جائے تعویذات عشق و محبت میں محبوبہ کو کیسا پیار ہو۔ قیمت 270	پریم بندھن
عملیات جادو جن چڑیل بھوت اور عمل کے بارے میں مہاتما سدھی کے عملیات سدھی رام شرما کی آپ بیتی جو اس پر گزری حالات و واقعات عمل قیمت 300	مہاتما سدھی سدھی رام شرما
پرانے ہندوؤں دیوتاؤں، جادو اور چڑیلوں کے قصے کہانیاں اور شعبدہ بازی کے راز کیا تھے ان لوگوں کا کاروبار جادو کرنا سکھاتا تھا قیمت:270	تنتر شاستر جاگتا جادو چلتا جادو حکیم رام کشن
جنات کو تسخیر کیسے کرتے ہیں ہمزاد کو قابو کیسے کرتے ہیں ان دونوں علموں کو ہاتھ میں رکھنے کا علم سیکھیے قدیم ہمزاد اور نئے ہمزاد میں کیا فرق ہے؟ قیمت:240	تسخیر جنات حاجی شمس الدین

دور جدید میں ادارہ کی مایہ ناز کتب

بندشیں کیسے لگتی ہیں؟ شوکت علی شاکر قادری	بندشیں کیسے لگتی ہیں اولاد کی بندش، روزگار کی بندش، میاں بیوی کی بندش و دیگر بندشیں لگنے کی وجوہات کیا ہیں اور کیوں لگتی ہیں یہ سب اس کتاب میں درج کر دیا گیا ہے۔ قیمت:320روپے
تحفہ قلندری آٹھ حصے یکجا	تحفہ قلندری عملیات پر جامع کتاب آٹھ حصے یکجا کر کے شائع کر دی گئی ہے جس سے عامل لوگ عملیات میں بے پناہ فائدہ اٹھائیں گے۔ قیمت:660روپے
تسخیر جنات حاجی شمس الدین	جنات کو تسخیر کیسے کرتے ہیں ہمزاد کو قابو کیسے کرتے ہیں ان دونوں علموں کو ہاتھ میں رکھنے کا علم سیکھیے قدیم ہمزاد اور نئے ہمزاد میں کیا فرق ہے؟ قیمت:240روپے
پریم بندھن کے 342 عملیات شوکت علی شاکر قادری	بندھن شادی پریم کرنے کے طریقے پریم بندھن کے عملیات محبوب کو کیسے پریم میں پھنسایا جائے تعویذات عشق و محبت میں محبوبہ کو کیسا پیار ہو۔ قیمت 270روپے
ارتھ شاستر مصنف ارتھ رام شاستر	جسمانی بیماریوں کا علاج ہندو کچھ یوں کرتے تھے جنگلوں میں جا کر ایک پاؤں پر کھڑے ہو جانا پھر دائرہ جنگجو لگا کر بیٹھ جانا کسی درخت پر چڑھ جانا پتھر لکڑی پتے کھانا یہ انکا قدیم علاج کرنے کا طریقہ دیکھیے۔ قیمت 300روپے

ملک جلال دین، ہسپتال، چوک، اردو بازار، لاہور

0333-4275783 - 042-37640094 - 0333-4096672

کتاب الاستخارہ

انسان پریشان ہے وہ کرنا کچھ چاہتا ہے اور ہو کچھ جاتا ہے اللہ تعالیٰ سے مانگنے کا طریقہ اللہ اور اس کے رسول کی رضامندی جاننے کیلئے اس کتاب میں استخارہ کے بیشمار طریقے درج ہیں۔ قیمت: 240 روپے

کمالات ہپناٹزم

جو لوگ ہپناٹزم سیکھنا چاہتے ہیں ان کیلئے اور جو لوگ یہ چاہتے ہیں ان پر کوئی بھی ہپناٹزم نہ کر سکے صرف وہ [illegible] کر سکے ان کیلئے اور سب ہپناٹزم جاننے والوں کیلئے۔ قیمت: 270 روپے



رکاوٹ۔ بندش کیسے کھلتی ہے؟

جن لوگوں کا کاروبار بند ہے، بیماری ٹھیک نہیں ہو رہی اور ہر کام میں رکاوٹ آرہی ہے۔ ان سب کے لئے ہر قسم کی رکاوٹ بندش کھولنے کے لئے کی بہترین کتاب قیمت: [illegible] روپے

علم جفر

صدیوں پرانا حقیقی جفر کا علم سمندر سے بھی گہرا، پڑھیں تو معلوم ہو کہ یہ علم کیا ہے اور کیا کچھ کر سکتا ہے۔ پہلے آپ نے جو بکس پڑھی ان میں کیا گیا لیکن یہ کتاب واقعی ایک علم کی کتاب ہے۔ قیمت: 240 روپے

عثمان پبلی کیشنز
جالی دین ہسپتال بلڈنگ چوک، اردو بازار لاہور
فون: 042-37360094 موبائل: 0333-4275783
upublications@hotmail.com
upublications@gmail.com